فضلا عن مثل واحد وهذا المعتقد هو ما اعتقده جميع المتكلمين من اهل
اصول الدين لا يخالف فيه بالتحقيق سنى لا محدث ولا فقيه ولا غيره ولم يحكى

سلب صفات کی طرف نہ نکالے اور صفات کا ثابت کرنا جسم کی طرف نہ خارج کرے خدا جلوہ
فرماتا ہے جسطرح پر کہ چاہتا ہے پس ان روایتون سے حق تعالے کا پاک ہونا مکان سے
اعتقاد سلف مین ثابت ہوگیا اور جبکہ مکان مین نہوا تو جہت مین نہوگا اس ضرورت سے کہ جہت بھی
مکان ہے یا مکان کو مستلزم ہے اسلئے کہ جہت کا اطلاق اہل عربیت کے نزدیک مکان مبہم پر ہوتا
ہے پس آگے پیچھے دہنے بائین اوپر نیچے جہات ستہ کہلاتے ہین اور یہہ اطلاق بلحاظ مکان مین
ہونیوالے کے ہے اسلئے کہ اوسکے لئے یہہ جہت ہین مولوی عبدالرحمن جامی قدس سرہ نے فوائد
ضیائیہ مین لکہا ہے اور مکان مبہم کی تفسیر جہات ستہ کی ساتہہ کیگئی ہے اور وہ آگے پیچھے دہنے بائین اوپر
نیچے مین انتہی اور توضیح اور اوسکی شرح تصریح مین لکہا ہے کہ اسم ظرف مکان مین سے ایک قسم
مبہم ہے اور وہ ایسا اسم مکان ہے کہ اپنے معنی کی تعیین مین غیر کا محتاج ہو جیسے اسمای ستہ جہات
کے انتہی اور حکما کا قول ہے کہ جہت اشارہ حسیہ یا حرکت مستقیمہ کا منتہی ہے پس جہت بعد مکانی کی
نہایت کا نام ہے پس جہت یا جسم ہے یا جسمانی ہے اور اس معنی کی بنا پر جسم کی جہت مین ہونیکے
یہہ معنی ہین کہ جسم رہنے والا ہے ایسی جگہہ مین کہ اوس جہت سے قریب ہے اور متکلمین کا قول ہے کہ
جہت نام ہے اوس جگہہ کا جو منتہی اشارہ کے قریب ہے اور یہہ نام اوس مکان کا اوسکے قریب جہت ہونیکی
وجہہ سے ہے جسطرح کہ زمین کا فوق و تحت پس جہت متکلمین کے نزدیک خود مکان ہے باعتبار
اوسکی نسبت کے اپنے قریب ہے پس جہت جس معنی مین لیجاے جسم یا جسمانی کے عوارض مین سے ہے
اور مآل جہت کا یا نفس مکان کی طرف ہے او یا حدود و اطراف مکان کی طرف اور یہہ امور حق تعالے
کی نسبت محال ہین تمام اہلسنت کے اتفاق سے بسبب وجوب مخالفت حق تعالے کے حوادث سے
فرمایا حق تعالے نے کہ نہین ہے کہ اوسکے مانند کوئی شے اور وہی سنتا دیکہتا ہے اور اگر حق تعالی جہت مین ہوتا
تو اوسکے لئے ایک شکل کیا بہت سے شکل ہوتے اور یہہ وہ عقیدہ ہے کہ جسپر تمام متکلمین
و اہل عقائد دین کا اعتقاد ہے درحقیقت اسکا مخالف نہ کوئی سنی ہے نہ محدث نہ فقیہہ نہ انکا غیر

قطع الشرع عن لسان نبي عليه الصلوٰة والسلام التصريح بلفظ الجهة كذا
في التنبيه وقال الامام ابوجعفر احمد بن سلامة الطحاوي في عقيدته التي
ذكر فيها بيان عقيدة اهل السنة والجماعة على مذهب فقهاء الملة ابي حنيفة
النعمان بن ثابت وابي يوسف يعقوب بن ابراهيم الانصاري وابي عبد الله
محمد بن الحسن الشيباني رحمة الله عليهم تعالى الله عز وجل عن الحدود
والغايات والاركان والاعضاء والادوات ثم ان تحويه الجهات الست كسائر
المبتدعات وقال ابن الهمام في المسائرة وانه تعالى ليس مختصا بجهة وقال النسفي
في عمدة العقائد وليس بذي جهة ولا بذي صورة لاختلاف الصور والجهات
وقال سراج الدين الاوشي في بدء الامالي قواتا عن جهات الست خالي
قال علي القاري في شرحه ضوء المعالي وفيه رد على المعتزلة والقدرية في
قولهم ان الله في كل مكان وعلى المشبهة والكرامية انه على العرش سبحانه
وتعالى قال العلامة محمد بن ابراهيم الولي القرشي الحنفي في شرحه اذ وجوده
في جميع الجهات محال وتخصيصه بالبعض مفتقر الى مخصص والملازمة منتفية
انتهى وقال في عقيدة الشيباني فلا جهة تحوي الاله ولا له ؞ مكان تعالى عنهما وتمجدا
اذ الكون مخلوق وربي خالق ؞ لقد كان قبل الكون ربا وسيدا ؞ انتهى وقال
طاهر بن السلام الخوارزمي الحنفي في جواهر الفقه ولا يتمكن في مكان ولا مستقر
على العرش وقال الفاضل محمد البركوي في الطريقة المحمدية وليس له جهة من جهات
الست وقال الشيخ عبد الحق الدهلوي في تكميل الايمان ولا في جهة ولا في مكان
ولا في زمان و در جهت نیست یعنی در بالا و پائین و پیش و پس و چپ و راست نیست
و در جهات نیست و در زمانی نیز اینها همه از صفات عالم است و پروردگار عالم منزه

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان سے شرع مین ہرگز وارد نہین ہوئی تصریح لفظ جہت کی جیسا کہ تنبیہ مین
مذکور ہے اور امام ابو جعفر احمد بن سلامت طحاوی نے اپنے عقیدہ مین کہ جس مین اہل سنت کا عقیدہ بیان
کیا ہے مطابق مذہب فقہائے ملت ابو حنیفہ نعمان بن ثابت اور ابو یوسف یعقوب بن ابراہیم انصاری
و ابو عبد اللہ محمد بن حسن شیبانی رحمۃ اللہ علیہم اجمعین کے فرمایا ہے کہ خدا عزوجل برتر ہے حدود و غایات
اور ارکان و اعضا و ادوات سے برتر ہے اس سے کہ جہات ستہ اوسکو گھیرین مثل تمام نوپیدا چیزون کے
اور ابن ہمام نے مسایرہ مین کہا ہے کہ حق تعالے کو کسی جہت سے خصوصیت نہین ہے اور نسفی نے
عمدۃ العقائد مین کہا ہے کہ حق تعالے نہ ذی جہت ہے اور نہ ذی صورت ہے اس لئے کہ صورتین اور جہات
بدلتے رہتے ہین اور سراج الدین اوشی نے قصیدہ بدء الامالی مین کہا ہے اور وہ ایسی ذات کہ جہات
ستہ سے خالی ہے ملا علی قاری اسکی شرح ضوء المعالی مین کہا ہے کہ اس قول مین معتزلہ و قدریہ کے اس
قول کا رد ہے کہ حق تعالے ہر جگہ مین ہے اور مشبہہ و کرامیہ کے اس کا رد ہے کہ حق تعالے عرش کے اوپر بیٹھا ہے علامہ محمد ابن ابراہیم
ولی قرشی حنفی نے قول مذکور کی شرح مین کہا ہے (اس لئے کہ وجود حق تعالے کا تمام جہات مین تو محال ہے اور بعض
جہت مین اوسکو خاص کرنا مخصص کا محتاج ہے اور یہ لازمہ ثابت نہین ہے انتہی اور عقیدہ شیبانی مین لکھا ہے (پس
کوئی جہت خدا کو گھیرنے والی نہین ہے اور نہ خدا کے لئے کوئی جگہ ہے حق تعالی ان دونون سے منزہ
و برتر ہے اس لئے کہ مکان مین ہونا مخلوق کو ہے اور میرا رب خالق ہے وہ مخلوق سے پہلے بھی رب
و سید تھا انتہی اور طاہر بن سلام خوارزمی حنفی نے جواہر الفقہ مین لکھا ہے (اور نہ وہ رہنے والا ہے اور
نہ ٹھیرنے والا ہے عرش پر) اور فاضل محمد برکوی نے طریقہ محمدیہ مین لکھا ہے (اور نہ اوسکے لئے کوئی جہت ہے
چھہ جہتون سے) اور شیخ عبد الحق دہلوی نے تکمیل الایمان مین کہا ہے (اور نہ جہت مین
ہے نہ مکان مین اور نہ زمان مین اور جہت مین نہین ہے یعنے اوپر نیچے آگے پیچھے
داہنے بائین نہین ہے اور نہ کسی جگہ مین ہے اور نہ کسی زمانہ مین اس لئے کہ یہ سب
اشیاء عالم کی صفات سے ہین اور عالم کا پروردگار عالم کی صفات سے پاک ہے) انتہی

عالم نور انتهى وقال بحر العلوم ملك العلماء مولانا عبد العلي رحمه الله في شرح
السلم فتعالى عن الجهات الست بل الجهات الغير المتناهية لان التوجه الى
الجهات يستدعي الوضع والتحيز اللذين هما من عوارض الجسم المادي وهو
سبحانه بري عنها وقال المولوي ولي الله الدهلوي في القول الجميل منزه عن جميع
سمات النقص والزوال من الجسمية والتحيز والعرضية والجهة والالوان والاشكال
وقال في كتاب الاعتقاد الصحيح ولا في حيز وجهة وقال مولانا عبد العزيز
الدهلوي في التحفة حق تعالى را مكان نيست اورا جهتي از فوق وتحت متصور نيست
ومذهب اهل سنت وجماعت انتهى كذا في التنبيه وكانت هذه اقاويل
ائمة الحنفية واما اقاويل الشافعية فقال البيهقي في كتاب الاعتقاد وهو تعالى غني عن
المكان نقل القرطبي في التذكار ان القاضي ابا بكر بن العربي المالكي قال اخبرني غير واحد
من اصحابنا عن امام الحرمين ابي المعالي عبد الملك بن عبد الله بن يوسف الجويني انه
سئل هل الباري تعالى في جهة فقال لا هو يتعالى عن ذلك قيل له ما الدليل عليه
قال الدليل عليه قول النبي صلى الله عليه وسلم لا تفضلوني على يونس بن متى فقيل
له ما وجه الدليل من هذا الخبر قال لا اقوله حتى ياخذ ضيفي هذا الف دينار يقضي بها دينه
فقام رجلان فقالا هي علينا فقال لا يتبع بها اثنين لانه يشق عليه فقال واحد هي علي فقال ان يونس بن
متى رمى بنفسه في البحر فالتقمه الحوت وصار في قعر البحر في ظلمات ثلاث
ونادى لا اله الا انت سبحانك اني كنت من الظالمين كما اخبر الله تعالى عنه
ولم يكن محمد حين جلس على الرفرف الاخضر وارتقى به صعدا حتى انتهى به
الى موضع يسمع فيه صريف الاقلام وناجاه ربه بما ناجاه فاوحى اليه
ما اوحى باقرب الى الله من يونس في ظلمة البحر انه سبحانه تعالى قريب من عباده

اور بحر العلوم ملک العلما مولانا عبد العلی نے سلم کی شرح میں لکھا ہے (اور برتر ہے جہتوں سے
بلکہ جہات غیر متناہی ہیں) اس لئے کہ جہات کے طرف توجہ چاہتی ہے وضع تحیز کو کہ جو جسم مادی کے
عوارض سے ہیں اور حق سبحانہ تعالی عوارض جسم سے پاک ہے۔ اور مولانا ولی اللہ دہلوی نے
قول جمیل میں فرمایا ہے کہ خدا پاک ہے نقصان و زوال کی جملہ علامات سے جیسے جسم ہونا اور جوہر
اور عرض ہونا اور جہت والا اور اشکال اور کتاب اعتقاد صحیح میں لکھا ہے (اور نہ وہ جوہر و جہت میں
ہے) اور مولانا عبد العزیز دہلوی نے تحفہ اثنا عشریہ میں فرمایا کہ حق تعالی کیلئے مکان نہیں اور اوسکے
لئے جہت تحت و فوق کے قبیل سے متصور نہیں اور یہی مذہب ہے اہل سنت وجماعت کا انتہی اسیطرح
مذکور ہے تنبیہ میں اور یہ اقوال ائمہ حنفیہ کے تھے اور لیکن شافعیہ کے اقوال ایس کہا بیہقی نے کتاب
الاعتقاد میں اور وہ برتر ہے جہت سے قرطبی نے تذکرہ میں نقل کیا ہے کہ قاضی ابوبکر بن عربی
مالکی نے کہا کہ مجکو ہمارے اصحاب میں سے متعدد لوگوں نے خبر دی ہے کہ امام الحرمین ابو المعالی
عبد الملک بن عبد اللہ بن یوسف جوینی سے پوچھا گیا کہ اسپر کیا دلیل ہے کہا اسپر دلیل نبی صلعم کا قول ہے کہ تم مجکو
یونس بن متی پر فضیلت نہ دو پھر کہا گیا کہ اس حدیث کی کیا توجیہ ہے کہا کہ میں وجہ نہ بیان کروں گا تاوقتیکہ
میرا یہ مہمان ہزار اشرفیان نہ لیوے کہ جن سے اپنا دین ادا کریگا پس دو مردون نے کھڑے ہو کر کہا کہ وہ
ہمارے ذمہ پر ہیں پس کہا کہ دو شخصون سے اوسکا وصول کرنا اسپر شاق ہوگا پس ایک شخص نے کہا کہ وہ میرے ذمہ
ہیں پس کہا یونس بن متی نے اپنے کو دریا میں ڈالدیا تہا پس اونکو مچھلی نگل گئی اور دریا کی تہ میں چلی
گئی کہ تین ظلمتون کا مجموعہ ہے اور یونس نے پکارا کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں ہے تو پاک ہے
میں ہی ظلم کرنے والون میں سے تہا جیسا کہ تعالے نے اون کے حال سے خبر دی ہے اور محمد صلعم
جبکہ رفرف سبز پر بیٹھے اور وہ اونکو بلند مقام پر لے چڑھا یہانتک کہ آپ کو پہنچا دیا اوس مقام میں کہ
قلمون کی آواز سنی جاتی تہی اور پروردگار نے اون سے خفیہ کلام کیا جو کچھہ کیا اور وحی کی جو کچھہ بھیجی
خدا سے زیادہ نزدیک نہ تھے بہ نسبت یونس کے دریا کی ظلمت میں بیٹھنے کے حق تعالی اپنے بندون سے قریب ہے

يسمع دعاءهم ولا يخفى عليه حالهم كيف ما تصرفت من غير مسافة بينه وبينهم
فيسمع ويرى دبيب النملة السوداء على الصخرة الصماء في الليلة الظلماء تحت
الارض السفلى كما يسمع ويرى تسبيح حملة العرش من فوق السموات السبع
العلى لا اله الا هو عالم الغيب والشهادة احاط بكل شيء علما واحصى كل شيء
عددا وقال الامام الغزالي في الاحياء انه ليس مختصا بجهة ولا مستقرا على
مكان وقال في منهاج العابدين ولا يتضمنه الاماكن والجهات وقال في معارج
القدس ان جميع ما اهتدى به المشبهة من اثبات الجهة والفوقية والقرب
والمكان والانتقال كله باطل وقال الامام الرازي في المحصل انه تعالى ليس
في شيء من الجهات خلافا للكرامية وقال الامام مفتي الانام عز الدين بن
عبد السلام في عقيدته المشهورة ولا تحيط به الجهات ولا تكتنفه الارضون
ولا السموات كان قبل ان كون المكان ودبر الزمان وهو الان على ما عليه كان
وقال تاج السبكي وهذه العقيدة الجميلة المشهورة قد توافق عليها
علماء المسلمين من الشافعية والمالكية والحنفية والفضلاء من الحنبلية
ولا يخالف في ذلك الا رعاع لا يعبأ الله بهم وقال البيضاوي في طوالع الانوار
ولا في جهة ولا حيز خلافا للكرامية والمشبهة وقال الطيبي في حاشية
المشكوة وهو تعالى منزه عن الجهة والمكان وقال ابو حيان في التفسير
البحر في قوله تعالى فاينما تولوا فثم وجه الله رد على من يقول انه في حيز
جهة لانه لما خير في استقبال جميع الجهات دل على انه ليس في جهة ولا حيز
ولو كان في حيز لكان استقباله والتوجه اليه احق من جميع الاماكن فحيث
لم يخصص مكانا علمنا انه ليس في جهة ولا حيز وقال الامام النووي في شرح

اون کی دعا کو سنتا ہے اور اون کا حال اوسپر مخفی نہین ہے کسی طرح کبھی کیون نہ بدلے بدون مسافت
کے درمیان خدا اور اوسکے بندون کے پس وہ سنتا دیکھتا ہے سیاہ چیونٹی کی دبی چال کو ٹھوس
چٹان پر اندہیری رات مین ساتوین زمین کے نیچے جیسا کہ سنتا دیکھتا ہے حاملین عرش کی تسبیح کو
ساتھ آسمان بلند کے اوپر کہ اوسکے سوا کوئی معبود نہین ہے وہ جاننے والا ہے چھپے اور کھلے کا اوسنے
ہر شے کو گھیر لیا ہے علم سے اور ضبط کر لیا ہے ہر شے کے عدد کو۔ اور امام غزالی نے احیاء العلوم مین
فرمایا ہے کہ حق تعالے نہ کسی جہت سے خصوصیت رکھتا ہے اور نہ کسی جگہ مین ٹھیرنیوالا ہے اور منہاج العابدین
مین کہا ہے (اور نہین شامل ہین خدا کو مکانات اور جہات) اور معارج قدس مین کہا ہے کہ فرقہ مشبہہ کے تمام
ہذیانات از قسم اثبات جہت و فوقیت و صورت مکان و انتقال بالکل باطل ہین۔ اور امام رازی نے
محصل مین فرمایا ہے کہ حق تعالے کسی جہت مین نہین ہے برخلاف کرامیہ کے اور مفتی امام عز الدین بن سلام نے
اپنے عقیدہ مشہورہ مین فرمایا ہے کہ خدا کو جہات احاطہ کرتی ہین اور نہ زمینین اور نہ سموات اوسکو شامل
ہین وہ موجود تھا قبل اوسکے کہ مکان کو پیدا کرے اور مکان کی تدبیر فرماوے اور وہ اب بھی اوسی صفت
پر ہے کہ جسپر پہلے تھا اور تاج الدین سبکی نے کہا ہے اور اسی پسندیدہ و مشہور عقیدہ پر متفق ہین کل
مسلمانون شافعی و مالکی و حنفی کے علما اور حنبلیہ کے فضلا اور اوسکے مخالف نہین ہین مگر جو ایسے کہ
جنکی خدا کو کچھ پروا نہین ہے اور بیضاوی نے طوالع الانوار مین کہا ہے اور نہ جہت نہ حیز مین بخلاف
کرامیہ و مشبہہ کے اور علامہ طیبی نے مشکوۃ کے حاشیہ مین لکھا ہے اور حق تعالے منزہ ہے جہت و مکان سے
اور ابو حیان نے بحر مین حق تعالے کے قول (پس جدہر تم مونہہ پھیرو پس وہی ذات خدا ہے) کی تفسیر مین
فرمایا ہے کہ یہ قول رد ہے اون لوگونپر جو کہتے ہین کہ حق تعالے جہت کے حیز مین ہے اسلئے کہ خدا جبکہ جملہ جہات
کے طرف متوجہ ہونے مین سامنے رہا تو یہ امر دلیل ہے اسپر کہ وہ جہت و حیز مین نہین ہے اور اگر
حیز مین ہوتا تو اوسکیطرف مونہہ کرنا اور متوجہ ہونا زیادہ حق دار ہوتا تمام مکانون سے
پس جبکہ کسی مکان کو خاص نہ کیا تو ہمنے جان لیا کہ وہ حیز و جہت مین نہین ہے اور امام نووی نے

مسلم فانه تعالى منزه عن التجسيم والانتقال والتحيز في جهة وعن سائر صفات
المخلوق وقال العلامة الحلبي عقيدتنا ان الله تعالى قديم ازلي لا يشبه
شيئا ولا يشبهه شيء ليس له جهة ولا مكان ولا يجري عليه وقت ولا زمان وهو
الان على ما عليه كان فهذا مذهب اهل السنة وعقيدة مشايخ الطريق وقال
تاج الدين السبكي في جمع الجوامع وشارحه الحافظ ولي الدين العراقي لم يزل
وحده ولا زمان ولا مكان فقد دل على ذلك العقل وفي حديث عمران بن حصين
كان الله ولا شيء معه قال الآمدي ولم ينقل عليه خلاف وان ذهبت المجسمة
الى التحيز في المكان وقال المحقق التفتازاني في شرح العقائد واذا لم
يكن في مكان لم يكن في جهة لا علو ولا سفل ولا غيرهما لانها اما حدود
واطراف الامكنة او نفس الامكنة باعتبار عروض الاضافة الى شيء وقال
في تهذيب الكلام والقول بانه تعالى جسم على صورة انسان او غير
في جهة العلو مماسا للعرش او محاذيا له متمسكا بان كل موجود جسم او
جسماني متحيز او حال فيه ومتصل بالعالم او منفصل عنه جهالة والنصوص
متأولة وقال في المواقف وشرحه انه تعالى ليس في جهة من الجهات ولا في
مكان من الامكنة وقال القاضي عضد الدين في العقائد العضدية
والمحقق الدواني في شرحه ولا في جهة لانهما من خواص الاجسام والجسمانيات
ولا يشار اليه هنا ولا هناك ولا يصح عليه الحركة والانتقال وقال القسطلاني
في شرح البخاري ذات الله تعالى منزهة عن المكان والجهة وكان هذه
اقوال علماء الشافعية واما اقوال علماء المالكية فقال ابن فورك وهو محمد بن
حسن بن فورك الاستاذ ابو بكر الاصفهاني الامام الجليل والفقيه المتكلم

مسلم کی شرح مین کہا ہے کہ حق تعالیٰ پاک ہے جسم ہونے اور منتقل ہونے اور جہت مین ہونے اور تمام صفات
مخلوق سے اور علامہ حلبی نے کہا ہے کہ ہمارا عقیدہ یہ ہے کہ حق تعالے قدیم ہے ازلی ہے کسی شئے کو
مشابہہ نہین ہے اور نہ کوئی شئے اوس کے مشابہہ ہے نہ جہت مین ہے نہ مکان مین اور نہ اوسپر وقت
و زمانہ گذرتا ہے اور وہ اب بھی اوسی صفت پر ہے کہ جسپر پہلے تھا یہی مذہب اہل سنت کا ہے اور
یہی طریقہ عقیدہ مشایخ طریقت کا ہے تاج الدین سبکی نے جمع الجوامع مین اور اوسکے شارح حافظ
ولی الدین عراقی نے کہا ہے کہ ہمیشہ سے ہے وہ یکتا اور نہ زمان تھا نہ مکان تھا اور اسپر دلیل ہے قول
اوس کا حدیث عمران بن حصین مین کہ تھا خدا اور نہیں کوئی سے اوسکے ساتھہ آمدی نے کہا ہے اور اس کا
خلاف منقول نہین ہے اور مجسمہ کا مذہب کھینچ لیجاتا ہے تحیز و مکان کے طرف اور محقق تفتازانی نے
شرح عقائد مین کہا ہے اور جبکہ مکان مین نہوا تو جہت مین بھی نہ ہوگا نہ علوی مین نہ سفلی مین اور نہ اور
سوا مین اسلئے کہ جہات یا حدود و اطراف مکانات کے ہین یا خود مکانات ہین باعتبار عارض ہونے نسبت
بعض اشیا کے اور تہذیب الکلام مین لکھا ہے اور یہہ کہنا کہ حق تعالے جسم ہے انسان وغیرہ کی صورت مین
اور جہت علو مین ہے عرش سے ملا ہوا یا اوسکے محاذی اس دلیل سے کہ ہر موجود جسم ہے یا جسمانی ہے
اور تحیز و محال ہے جسم مین اور عالم سے ملا ہوا ہے یا جدا ہے محض نادانی ہے اور وہ نصوص کہ جنسے ایسا سمجھا
جائے ظاہر معنی سے پھیری ہوئی ہے اور مواقف مین اور اوسکی شرح مین لکھا ہے حق تعالی نہ کسی جہت مین ہے
جہات سے اور نہ کسی مکان مین ہے مکانات سے اور قاضی عضد الدین نے عقائد عضدیہ مین اور محقق دوانی نے اوسکی
شرح مین کہا ہے اور نہ وہ متحیز و جہت مین ہے اس لئے کہ یہ دونون جسم و جسمانیات کے خواص سے ہین اور نہ
اوسکے طرف یہان یا وہان کے ساتھہ اشارہ جائز ہے اور نہ حرکت و انتقال اوس کے حق مین درست
ہے اور قسطلانی نے بخاری کی شرح مین کہا ہے کہ خدائے تعالے کی ذات پاک ہے مکان و جہت سے اور یہہ
اقوال علمائے شافعیہ کے تھے اور لیکن اقوال علمائے مالکیہ کے پس کہا ابن فورک نے
اور وہ محمد بن حسن بن فورک ہین اوستاد ابوبکر اصفہانی کے امام جلیل القدر فقیہ و متکلم

والاصولي الاديب النحوي الوعظ اضفطريقة الشيخ ابي الحسن الاشعري توفي
سنة ستة واربعمائة قال الحافظ ابن عساكر وهو من ائمة المالكية وذكره القاضي
ابن شهبة في طبقات الشافعية كذا في التنبيه (ان الله تعالى ليس بجسم ولا
جهة وحد ود) وقال السنوسي في شرح عقائده ولم يقل بالجهة من اهل السنة
وانما قال بها طائفة من المبتدعة وهم الحشوية والكراميه وقال السنوسي في
ام البراهين والعلامة محمد بن ابراهيم الملالي التلمساني رحمه الله في شرحه
او لم هو جهة فهذا ايضا من انواع المماثلة المستحيلة عليه تعالى وهي اثبات
الجهة له لان الجهة من خواص الاجرام التي يلازمها الطول والقصر واليمين
والشمال ونحو ذلك من صفات الاجرام وهو تعالى ليس بجرم فليس له جهة
جل وعلا ومن اعتقد الجهة في حقه تعالى فقيل انه يكفر وقيل لا يكفر بل هو
فاسق مبتدع وقال الدسوقي المالكي في حاشية ام البراهين قوله او يكون
هو في جهة للجرم بان يكون عن يمين الجرم كالعرش مثلا او شماله او فوقه او
تحته او امامه او خلفه لان الحلول في الجهات لا يعلم الا للجرم فلما ذكر استحالة
الجرمية عليه تعالى ذكر استحالة لوازمها وقال وكذا يستحيل الحلول في المكان
لا على الدوام بان يكون فوق او في السماء وقال ابراهيم اللقاني في الجوهرة
ويستحيل ضد ذي الصفات في حقه تعالى كالكون في الجهات وقال
الشيخ احمد الدردير في الخريدة البهية منزه عن الحلول والجهة والاتصال
والانفصال وكانت هذه اقوال علماء المالكية واما اقوال من ائمة الحنابلة فقال
السيد صفي الدين الحنفي البخاري نزيل نابلس المتوفى سنة ١٢٠٠ في القول الجلي في
ترجمة ابن تيمية الحنبلي فقوله اي ابن تيمية من غير تكييف ولا تمثيل نفي كل

اصولی وادیب نحوی وواعظ کہ جنہوں نے شیخ ابو الحسن اشعری کے طریقہ کو اخذ کیا ہے اور ۴۲۸ھ میں وفات پائی
ہے اور حافظ ابن عساکر نے کہا ہے کہ وہ مالکیہ کے امام ہیں اور قاضی ابن شہبہ نے اونکو شافعیہ کے طبقات میں
ذکر کیا ہے جیسا کہ تنبیہ میں مذکور ہے (کہ حق تعالے جسم وجہت محدود نہیں ہے) اور سنوسی نے اپنے
عقاید کی شرح میں کہا ہے کہ اہل سنت میں سے کوئی جہت کا قائل نہیں ہوا اور جہت کا قول اہل بدعت کی
ایک جماعت نے کیا ہے کہ وہ حشویہ وکرامیہ ہیں اور سنوسی نے ام البراہین میں اور علامہ محمد بن ابراہیم
ملالی تلمسانی نے اوسکی شرح میں لکھا ہے یا واسطے اوسکے جہت ہے یہ قول بھی مخالفت کے اقسام سے ہے جو کہ
حق تعالے کے حق میں محال ہیں اور وہ ثابت کرنا جہت کا ہے حقتعالے کے لئے اس لئے کہ جہت اجسام
خواص سے ہے کہ جنکو بڑائی چھوٹائی اور دہنا بایاں لازم ہے اور اوسکے سوا صفات اجسام سے اور
حق تعالے جسم سے پاک ہے پس جہت سے بھی پاک وبرتر ہے اور جو شخص کہ حقتعالے کیلئے جہت کا
اعتقاد رکھے پس ایک قول میں کافر ہو جاتا ہے اور ایک قول میں کافر نہیں ہوتا ہے بلکہ صرف فاسق
باغی ہے اور سعتی مالکی نے ام البراہین کے حاشیہ میں کہا ہے (قول اوس کا یا وہ جسم کی جہت میں ہوگا
یا بطور کہ جسم کے چھ جانب ہو مثل عرش کے یا اوسکے بائیں جانب یا اوپر نیچے یا آگے یا پیچھے) اس لئے کہ
جہات میں اوترنا جسم ہی کا خاصہ ہے پس جبکہ جسمیہ کا محال ہونا حق تعالے کے حق میں مذکور ہو چکا ہے تو لوازم
جسمیت کے محال ہونے کو ذکر کیا ہے اور کہا اسی طرح محال ہے اترنا مکان میں اوپر یا بطور کہ اوپر ہو یا
آسمان میں ہو اور ابراہیم لقانی نے جوہرہ میں کہا ہے اور محال ہے ضداون صفات کا حق تعالے کے
حق میں مثلا جہات میں ہونا اور شیخ احمد دردیر نے خریدہ بہیہ میں کہا ہے کہ حق تعالے پاک ہے حلول
اور جہت و اتصال و انفصال سے اور یہ اقوال علمائے مالکیہ کے تھے اور لیکن
ائمہ حنبلیہ کے اقوال پس سید صفی الدین حنفی بخاری نے جو نابلس میں قیام پذیر تھے
اور ۱۱۹۹ھ میں اون کی وفات ہے قول جلی فی ترجمۃ ابن تیمیہ حنبلی میں کہا ہے پس قول امکا یہ ہے
ابن تیمیہ کا (بدون کیفیت بیان کرنے کے اور بدون مثال لانے کے) نفی کرتا ہے

باطل وقد ذكر الشيخ اي ابن تيمية هذا القول في غير موضع ومقصوده
بذلك نفي الجهة والجسمية وقال واثبات الجهة بدعة بلا اشتباه ونقول كما قال
السلف امروها كما جاءت بلا كيف ولما كان هذا من ابن تيمية موافقا لاهل
الحق ومنافيا للمذهب الباطل المشهور له قال العلامة محمد سعيد في التنبيه
قلت قوله من غير تكييف وتمثيل مخالف ومعارض لقوله في الفوق على الحقيقة
وهو يوهم الجهة فلو كان اعتقاده ما ذكره الحنفي المذكور فلا مخالفة لنا وقال ابن
ابي يعلى الفراء الحنبلي في الطبقات نقلا عن والده رحمه الله وكلما يقع في الخواطر
من حد او تشبيه او تكييف فالله سبحانه تعالى عن ذلك والله ليس كمثله شيء
ولا يجوز عليه ما يجوز عليهم من التغيير من حال الى حال انتهى الحد بمعنى الطرف
والنهاية وهو من خواص المقادير فلا يصح في حقه تعالى فبطل به قول من
قال انه في جهة العرش اذ يلزم به تحديده وقوله ولا يجوز الخ اشارة الى التنزيه
عن النزول بمعنى الانتقال والاستواء بمعنى الاستقرار على العرش وقوله او تكييف
اشارة الى رد من حمل الصفات المشكلة على الظاهر فلا يكون فوق العرش على
المعنى الظاهر فانه تكييف وقال اجمع اهل القبلة ان اثبات الذات للباري سبحانه
انما هو اثبات وجوده لا اثبات تحديده وكيفيته انتهى وقال الشيخ محمد السفاريني
الحنبلي في الدرة المضية وليس ربنا بجوهر ولا عرض ولا جسم تعالى ذو العلا
سبحانه قد استوى كما ورد من غير كيف قد تعالى ان يحد قلت فقوله كما ورد
اشارة الى عدم تفسيره ومن غير كيف اشارة الى تنزيهه تعالى عن المعنى الحسي
وقوله ان يحد اشارة الى تنزيهه تعالى عن الجهة فان تعيين الجهة لله تعالى يلزم
التحديد والله اعلم كذا في التنبيه وقال الشيخ عبد الباقي الحنبلي في عقيدة اهل

بر باطل کی اور شیخ ابن تیمیہ نے اس قول کو بہت جگہ ذکر کیا ہے اور اس سے اسکا مقصود جہت و حیثیت کی
نفی کرنا ہے اور اوس کا قول ہے کہ جہت کا ثابت کرنا بیشک بدعت ہے ورہم بھی کہتے ہیں جسطرح کہ
سلف نے کہا ہے کہ آیات صفات کو جاری کرو جسطرح کہ وہ نازل ہوئی ہیں بدون کیفیت کے) اور چونکہ ابن
تیمیہ کا یہ قول اہل حق کے موافق تہا اور اوسکے مذہب باطل مشہور کے خلاف تہا لہذا علامہ محمد سعید نے تنبیہ میں کہا کہ
میں کہتا ہوں کہ قول اوسکا من غیر تکییف و تمثیل مخالف و معارض ہے اوسکے قول (فی الفوق حقیقۃ) ہے کے اور یہ
قول ثانی جہت کا وہم دلاتا ہے پس اگر ابن تیمیہ کا اعتقاد وہی ہے کہ جسکو شیخ مذکور نے ذکر کیا ہے تو ہمکو اوس سے
کچھ خلاف نہیں ہے اور ابن یعلی فراء حنبلی نے طبقات میں اپنے والد سے نقل کر کے کہا ہے اور جو کچھ کہ خیالات
میں آتا ہے حد یا تشبیہ یا تکییف پس حق سبحانہ اوس سے پاک ہے اور خدا کے مثل کوئی شے نہیں ہے اور اوسکے
حق میں وہ امور ناجائز ہیں جو بندوں کے حق میں ہو سکتے ہیں مثلاً ایک حال سے دوسرے حال کیطرف بدلنا
انتہی حد یعنی یہی کنارے و نہایت کے ہیں اور وہ مقداروں کے خواص سے ہے پس حق تعالی کے حق میں جائز نہ ہوگی پس
اس سے باطل ہو گیا قول اوس شخص کا کہ جس نے کہا ہے کہ حق تعالی عرش کی جہت میں ہے اس لئے کہ اس سے اوسکو محدود کرنا
لازم آتا ہے اور قول اوسکا اور نہیں جائز ہے آخر تک اشارہ ہے طرف پاک ہونے حق تعالی کے نزول بمعنی انتقال سے اور
استوا بمعنی استقرار سے اور قول اوسکا یا تکییف اشارہ ہے طرف رد اوس شخص کے کہ جسنے صفات متشابہ کو ظاہر معنی
حمل کیا ہے پس ہوگا حق تعالی عرش کے اوپر ظاہر معنی کے اعتبار سے اس لئے کہ یہ ذی کیفیت ہونا ہے اور کہا کہ اہل قبلہ کا اجماع ہے
اسپر کہ ثابت کرنا ذات باری تعالی کو ثابت کرنا ہے اوسکے وجود کو نہ کہ ثابت کرنا تحدید و کیفیت کا انتہی اور شیخ محمد سفارینی
حنبلی نے درۃ مضیئہ میں کہا ہے اور ہمارا رب نہ جوہر ہے اور نہ عرض ہے نہ جسم ہے بہتر ہے صاحب بلندی کا یا کمال کے
بیشک وہ مستوی ہوا ہے جیسا کہ وارد ہوا بغیر کیفیت کے کیونکہ حق تعالی محدود ہونے سے پاک ہے میں کہتا ہوں کہ قول اوس کا جیسا کہ
وارد ہوا ہے اشارہ ہے استوی کے معنی نہ بیان کرنے کی طرف اور بدون کیفیت کی اشارہ ہے حق تعالی کے پاک ہونے کی طرف
استوی کے معنی حقیقی سے اور قول اوسکا محدود ہونے سے پاک ہے اشارہ ہے حق تعالی کے پاک ہونے کی طرف اس سے کہ حقیقتاً
جہت کو مقرر کرنے سے اوسکا محدود ہونا لازم آتا ہے اور اللہ زیادہ جاننے والا ہے اسیلئے ہندکیہ تنبیہ میں اوس شیخ عبد الباقی حنبلی نے مختصر میں کہا ہے

الاثر فمن اعتقد او قال ان الله تعالى بذاته في كل مكان او في مكان فكافر
ثم قال من اعتقد ان الله سبحنه مفتقر للعرش او لغيره من المخلوقات او ان
استوائه على العرش كاستواء المخلوق على كرسيه فهو ضال مبتدع فكان
الله ولا زمان ولا مكان وهو الان كما كان انتهى وهذه كانت اقاويل الحنابلة
واما اقوال الصوفية الصافية فقال الاستاذ الامام ابو القاسم القشيري في
رسالته لا له تعالى جهة ومكان ولا يجري عليه وقت وزمان وقال سمعت الشيخ
ابا عبد الرحمن محمد بن الحسين السلمي رحمه الله يقول سمعت عبد الله بن موسى السلامي
يقول سمعت الشبلي يقول اجل الواحد المعروف قبل الحدود وذي الجهات وقبل
الحروف وهذا صريح من الشبلي ان القديم سبحانه لاحد لذاته ولا حروف
لكلامه وقال سمعت الشيخ ابا عبد الرحمن السلمي يقول سمعت منصور بن
عبد الله يقول سمعت ابا الحسن العنبري يقول سمعت سهل بن عبد الله التستري
يقول ينظر اليه تعالى المؤمنون اي في الاخرة بالابصار من غير احاطة ولا
ادراك نهاية وقال الشيخ شهاب الدين السهروردي قدس سره في عقيدته
في توحيده تعالى لا في المكان اذ لو كان في مكان تسلسل وقال فالجهات من
جملة العالم وقد علمت تنزيهه الحق جل جلاله فتبارك الله رب العالمين وقال
الشيخ محيي الدين العربي قدس سره في الفتوحات المكية في المقدمة مقدس
عن الجهات والاقطار وقال ابو بكر محمد بن اسحق الكلاباذي في التعرف
لمذهب التصوف في تنزيهه تعالى ليس بذي ابعاض ولا اجزاء ولا جوارح
ولا اعضاء ولا بذي جهات وقال الامام الرباني الشيخ عفيف الدين اليافعي
في نشر المحاسن تعالى عن الجهات والاقطار والحدود والمقدار ولا يحل

مین کہا ہے کہ جسنے اعتقاد کیا یا کہا کہ حق تعالے بذات خود سب جگہ مین ہے یا ایک جگہ مین ہے پس
وہ شخص کافر ہے پھر کہا کہ جسنے اعتقاد کیا کہ حق تعالے عرش یا غیر عرش کا مخلوقات مین سے
محتاج ہے اور اوسکا مستوی ہونا عرش پر مانند مستوی ہونے مخلوق کے ہے اپنی کرسی پر پس وہ
شخص گمراہ ہے بدعتی ہے اسلئے کہ خدا تھا اور نہ زمان تہا نہ مکان اور وہ اب بہی اوسی صفت پر ہے کہ جسپر
پہلے تھا۔ انتہی اور یہ اقوال علمائے حنبلیہ کے تھے اور لیکن اقوال صوفیہ صافیہ کے پس کہا استاذ امام ابوالقاسم
قشیری نے رسالہ قشیریہ مین نہ خدائے تعالے کے لیے جہت و مکان ہے اور نہ اوسپر مرور وقت و زمان
ہے اور کہا کہ مین نے شیخ ابو عبد الرحمن محمد بن حسین سلمی رضی کو کہتے تھے سنا کہ سنا مینے عبد اللہ بن موسی
سلامی سے کہتے تھے کہ سنا مینے شبلی سے کہ وہ کہتے تھے پاک ہے واحد معروف قبل حدود یعنی جہات کے
اور قبل حروف کے اور شبلی کا کلام کہلا ہوا ہے اسباب مین کہ قدیم پاک کی نہ ذات کیلئے حد ہے
اور نہ اوسکے کلام کے لئے حروف ہین اور کہا کہ سنا مینے شیخ ابو عبد الرحمن سلمی سے کہتے تھے کہ سنا
مینے منصور بن عبد اللہ سے کہتے تھے کہ سنا مینے ابو الحسن عنبری سے کہتے تھے کہ سنا مینے سہل بن عبد اللہ
تستری سے کہتے تھے کہ حق تعالے کے طرف مومن دیکھین گے یعنے آخرت مین نظرون سے بغیر احاطہ
کے اور بلا ادراک نہایت کے اور شیخ شہاب الدین سہروردی قدس سرہ نے اپنے عقیدہ مین حق تعالے کی توحید بیان
فرمایا ہے نہ وہ مکان مین ہے اس لیئے کہ وہ اگر مکان مین ہوتا تو تسلسل لازم آتا اور کہا کہ جہات منجملہ عالم
کے ہین اور تجکو معلوم ہو چکی ہے عالم کی نسبت عظمت الہی کے طرف پس وہ برکت والا ہے بیشک
وہ رب ہے سب جہان کا اور شیخ محی الدین بن العربی قدس سرہ نے فتوحات مکیہ کے
مقدمہ مین کہا ہے کہ پاک ہے وہ جہات و اطراف سے اور کہا محمد بن ابو بکر کلاباذی نے کتاب
تعرف لمذہب التصوف مین حقتعالی کی تنزیہ کے بیان مین (نہ وہ ابعاض رکھتا ہے اور نہ اجزا نہ جوارح
اور نہ اعضا اور نہ جہات والا ہے) اور امام ربانی شیخ عفیف الدین یافعی نے نشر المحاسن مین
کہا ہے منزہ ہے وہ جہات اور اقطار سے اور حدود و مقدار سے اور نہ حلول کرتا ہے

فی شیئ ولا یحل فی شیئ وقال قیل للشیخ ابی الحسن الشاذلی اعرشی انت ام کرسی
فقال الطینة ارضیة والنفس سماویة والقلب عرشی والروح کرسی والسر
مع الله بلا این قال لبا نعمی وهذا القول صریح فی نفی الجهة عن خالق الجهات
المتعال عن الحرکات والسکنات وسائر سمات المخلوقات وقال الامام الشعرانی
فی الیواقیت انه تعالی مستو علی العرش بالوجه الذی قاله وعلی المعنی الذی
اراده بالاستواء منزها عن الاستقرار والتمکن والتحیز والحد والجهة بل انه
کان ولا عرش ولا مکان ولا جهة ولا زمان وهو الآن علی ما علیه کان وقال
الامام الربانی مجدد الالف الثانی الشیخ احمد السرهندی قدس الله سره
واذاقنا ما اذاقه فی المکتوب (٢٦٦) من المجلد الاول او تعالی از جمیع صفات نقصان
وسمات حدوث وامکان منزه ومبراست جسم وجسمانی نیست مکانی وزمانی نه وقال
فی المکتوب السابع والستین من المجلد الثانی زمان ومکان وجهت را در حضرت
او تعالی گنجایش نیست اینهمه مخلوقات اویند واما اقوال الامامیة فقال العلامة
القوشجی فی شرح التجرید للمحقق الطوسی ویدل ای وجوب الوجود علی نفی
الجهة لان کل ما هو فی جهة فهو جسم او جسمانی وکل منهما ممکن بل حادث لما
بینا من حدوث الاجسام وقال فی نهج المسترشدین فی اصول الدین من کتب
الشیعة انه تعالی لیس فی جهة قال العلامة المفتی محمد سعید رحمه فی التنبیه
بعد ذکر هذه النقول (هذه اقوال المحدثین سیما قول الامام الطحاوی والسبکی
من اهل الروایة والدرایة والمحققین من الفقهاء والمتکلمین والصوفیة وغیرهم
ادل دلیل علی انه تعالی منزه عن الجهة باتفاق اهل السنة وخالفت فی ذلک
المشبهة فخصصوه بجهة الفوق اتفاقا ثم اختلفوا فیما بینهم فذهب ابوعبدالله

کسی شے مین اور نہ اوس مین کوئی شے حلول کرتی ہے اور کہا شیخ ابو الحسن شاذلی سے پوچھا گیا کہ
تم عرشی ہو یا کرسی پس انہون نے جواب دیا کہ میرا خمیر مٹی کا ہے اور نفس آسمانی ہے اور قلب عرشی
ہے اور روح کرسی ہے اور سر خدا کے ساتھ بدون مکان کے ہے کہا امام یافعی نے کہ یہ قول کہلا
ہوا ہے جہت کی نفی مین خالق جہات سے جو برتر ہے حرکات و سکنات سے اور تمام علامات مخلوقات
سے اور امام شعرانی نے یواقیت مین کہا کہ حق تعالے عرش پر مستوی ہے جس وجہ سے کہ اوسنے
فرمایا ہے اور جس معنی سے کہ اوسنے ارادہ کیا ہے پاک ہو کر استقرار و تمکن و تحیز و حد و جہت
سے بلکہ وہ تھا اور نہ عرش تہا نہ مکان نہ جہت تھی نہ زمان اور وہ اب بھی اوسی صفت پر ہے
کہ جسپر تھا اور کہا امام ربانی مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی نے پاک کرے اللہ اون کے بھید
اور چمکاوے ہم کو جو کچھ کہ چمکایا اون کو جلد اول مکتوب ۲۶۶ مین حق تعالے تمام صفات نقصان و سمات
حدوث و امکان سے منزہ و مبرا ہے نہ جسم و جسمانی ہے نہ مکان و زمانی اور جہت کو حق تعالی کی
درگاہ مین گنجایش نہین ہے یہ تمام امور اوسکی مخلوقات ہین اور لیکن شیعہ کے اقوال پس
علامہ قوشجی نے تجرید محقق طوسی کی شرح مین کہا ہے اور دلالت کرتا ہے یعنے وجوب وجود
جہت کی نفی پر اس لئے کہ جو چیز کہ جہت مین ہو پس وہ جسم ہے یا جسمانی ہے اور یہ دونون
ممکن بلکہ نو پیدا ہین کیونکہ اجسام کا نو پیدا ہونا ہم بیان کر چکے ہین اور نہج المسترشدین
فی اصول الدین مین کہ شیعہ کی کتاب ہے کہا ہے کہ حق تعالے جہت مین نہین ہے علامہ مفتی
محمد سعد نے تنبیہ مین ان اقوال کو نقل کرنے کے بعد فرمایا ہے یہ اقوال محدثین کے خصوصا
قول امام طحاوی و بیہقی کا اہل روایت و درایت مین سے اور محققین فقہاء و متکلمین و صوفیہ
وغیرہم کے بہت بڑی دلیل ہے اسپر کہ حق تعالے جہت سے پاک ہے تمام
اہل سنت کے نزدیک اور اس عقیدہ مین مشبہہ نے خلاف کیا ہے لیکن
سب نے حق تعالے کو جہت فوق مین خاص کیا پھر آپس مین مختلف ہو گئے پس ابو عبد اللہ

محمد بن كرام الى ان كونه فى الجهة ككون الاجسام فيها قال وهو مماس للصفحة
العليا من العرش ويجوز عليه الحركة والانتقال وتبدل الجهات وعليه اليهود
حتى قالوا العرش يأط من تحته اطيط الرحل الجديد وانه يفضل على العرش
من كل جهة اربع اصابع ومنهم من قال هو محاذى للعرش غير مماس له فقيل
بمسافة متناهية وقيل غير متناهية ومنهم من قال ليس كونه فى الجهة ككون
الاجسام فى الجهة يعنى انه ينفى عنه جميع خواص الاجسام حتى لا يبقى الا اسم الجسم
كذا فى المواقف قال العلامة الشريف والمنازعة مع هذا القائل راجعة الى
اللفظ دون المعنى والاطلاق اللفظى متوقف على ورود الشرع به انتهى قلت هذا
ظاهر لا خفاء فيه فانه لم يرد فى الشرع لفظ الجسم ولا لفظ الحيز والجهة فتبصر
والله اعلم انتهى ثم قال العلامة المفتى فيه وقريب من هذا مذهب ابن تيمية و
لهذا قال المحقق الدوانى فى شرح العضدية ولابن تيمية واصحابه ميل عظيم
الى اثبات الجهة ومبالغة فى القدح فى نفيها وقد صرح بكون الفوق جهة الله
تعالى حقيقة من غير تجوز انتهى قلت قد رأيت فى فتاوية المسماة بالحموية انه
قال فهذا كتاب الله تعالى من اوله واخره وسنة رسول الله صلى الله عليه وسلم
من اولها الى اخرها ثم عامة كلام الصحابة والتابعين ثم كلام سائر الائمة مملوا
مما هو نص واما ظاهر فى ان الله سبحنه وتعالى فوق كل شيئ وانه فوق العرش
وانه فوق السماء ثم استدل بالايت مثل قوله تعالى ثم استوى على العرش
واليه يصعد الكلم الطيب وغير ذلك والاحاديث مثل قصة المعراج ونزول
الملئكة وقال فى اثناء كلامه واواخر رسالته انه فوق العرش حقيقة قال
العلامة الحلبى فى رده فليت شعرى ان هذا فى كلام الله تعالى على هذه الصو

محمد بن کرّام اس طرف گیا ہے کہ خدا کا جہت مین ہونا مثل اجسام کے جہت مین ہونے کے ہے کہا کہ خدا ملا ہوا عرش کے اوپر ہے کہ صفحہ سے اور اوسکے حق مین حرکت و انتقال و تبدل جہات جائز ہے اور یہی مذہب یہود کا ہے یہان تک کہ یہود نے کہا ہے کہ عرش حق تعالے کے نیچے آواز کرتا ہے جس طرح کہ نیا کجاوہ چرچراتا ہے اور خدا عرش کے ہر جانب چار انگل بڑا ہوا ہے اور بعض نے اونہین سے کہا ہے کہ خدا عرش کے سامنے ہے اوس سے ملا ہوا نہین ہے پھر کہا گیا کہ مسافت محدود ہے اور کہا گیا ہے کہ فاصلہ غیر محدود ہے اور بعض نے کہا ہے کہ اوس کا جہت مین ہونا اور اجسام کی طرح نہین ہے یہ شخص خدا سے تمام خواص اجسام کی نفی کا قصد کرتا ہے یہانتک کہ صرف اسم جسم کو باقی رکھتا ہے اسیطرح مذکور ہے مواقف مین علامہ سید شریف نے کہا ہے کہ اس قائل سے نزاع لفظی کی طرف راجع ہے معنی کی طرف نہین اور اطلاق لفظی پر موقوف ہے ورود شرع پر انتہی مین کہتا ہون کہ یہ امر ظاہر ہے کچھ اخفا اسمین نہین ہے اس لئے کہ شرع مین نہ جسم کا لفظ وارد ہوا ہے اور نہ حیز یا جہت کا لفظ اپنی تحصیل واللہ اعلم انتہی پھر محقق علامہ نے تنبیہ مین کہا اور اسی کے قریب ابن تیمیہ کا مذہب ہے اور اسیلیے ہے محقق دوانی نے عقائد عضدیہ کی شرح مین کہا ہے کہ ابن تیمیہ اور اوسکے اصحاب کو میل عظیم ہے اثبات جہت کی طرف اور نفی جہت پر اعتراض کرنے مین مبالغہ ہے اور اوس نے تصریح کی ہے کہ فوق حقیقۃً حق تعالے کی جہت ہے بلا تجویز کے انتہی مین کہتا ہون کہ مین نے اوسکے فتوے مسمّا حمویہ مین دیکھا ہے کہ اوسنے کہا ہے کہ یہ کتاب اللہ ہے اول سے آخر تک اور سنت رسول اللہ صلعم ہے اول سے آخر تک پھر عموماً کلام صحابہ و تابعین ہے پھر کلام تمام ائمہ کا ہے جنہون نے عمل کیا ہے نص یا ظاہر اسباب مین کہ حق سبحانہ ہر شے کے فوق ہی اور ہر شے کے اوپر ہے اور وہ عرش پر ہی اور وہ آسمان کے اوپر اور پھر اس پر دلیل لایا آیات جیسے کہ ثم استوی علی العرش اور الیہ یصعد الکلم الطیب وغیرہ اور احادیث سے جیسے قصہ معراج اور نزول فرشتون کا اور کہا اپنی کلام کے درمیان اور اپنی اعتقاد کے آخر مین کہ حق تعالے حقیقۃً عرش کے اوپر ہے اور یہی غلام جلبی نے اس کے رد مین کہا ہی کہ اس کا کلام

التي نقلها عن كتاب ربه وسنة نبيه صلى الله عليه وسلم فهل في
كتاب الله تعالى كلمة مما قاله حتى يقول ان فيه نصا والنص هو الذي لا
يحتمل التاويل البتة وهذا مراده فانه جعل غير الظاهر لعطفه له عليه واي
اية في كتاب الله تعالى نص بهذا الاعتبار انتهى قلت اثبات الفوقية لله تعالى
والاستدلال بالايات والاحاديث وكلام الائمة وكونها حقيقة والمبالغة
في القدح في نفيها يدل على ان عقيدة الجهة راسخة في ذهنه وهذا مقتضى
مذهبه لا لازم مذهبه كما زعم حتى يقال لازم المذهب ليس بمذهب
انتهى كلام المفتي العلامة اقول وللمصنف ايضا اباطيل عظيم وشنائع فخيم كشيخه
ابن تيمية في اثبات كونه تعالى قاعدا على العرش واضعا رجليه على الكرسي
وكون الفوق جهة لله تعالى حقيقة ولذا استدل عليه برفع الايدي في
الدعاء الى فوق وبحديث الجارية السوداء وغير ذلك كما سيجيء وانما
اطنبنا الكلام بذكر الاقاويل في هذا المقام وان كان في بادي النظر غريبا
لان هذا البحث هو المطلب الاعلى والغاية القصوى بجمعه هذا الكتاب ولذا
اودعه في مطاوي كلامه متفرقة وادرجه في مواضع كتابه متشتتة كيلا
يظهر كونه مخالفا لاهل السنة في هذه العقائد ويستتر توافقه لاهل البدع
في هذه المقاصد فهذا القول مبدأ العقائد الباطلة سياتي خبره بعد بحث
الاسماء مقرونا بالتفصيل والتعليل والنقض والجرح والتعديل فلينظر
ثم لما فرغ من الاستدلال باثر علي رضي الله عنه شرع في الاستدلال بقول
الامام جعفر الصادق رضي الله عنه ناقلا عن الرسالة القشيرية فقال
اوقفنا الحافظ ابو القاسم عبد الكريم القشيري في الرسالة القشيرية

ابن تیمیہ نے نقل کیا ہے اپنے رب کی کتاب سے اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حدیث سے اور تاکہ کتاب اللہ
میں ایک لفظ بھی نہیں ہے اسکے قول میں سے یہانتک کہ یہ کہتا ہے کہ اوس میں منصوص ہے اور منصوص
وہ ہے کہ جس میں قطعًا تاویل کا احتمال نہ ہو اور یہی نص ہے اوس کی مراد بھی ہے اس لئے کہ اوسنے
نص کو غیر ظاہر قرار دیا ہے ظاہر کو نص پر معطوف بنا کر اور اس اعتبار سے کوئی آیت کتاب اللہ میں نہیں
ہے انتہی میں کہتا ہوں کہ فوق کو حق تعالی کے لئے ثابت کرنا اور آیات و احادیث و کلام ائمہ سے
دلیل لانا اور جہت فوق کا حقیقتًا ہونا اور اوسکی نفی پر اعتراض کرنے میں مبالغہ کرنا دلیل ہے اس
امر کی کہ جہت کا عقیدہ اوسکے ذہن میں جما ہوا ہے اور یہ اوسکے مذہب کا مقتضی ہے لازم
مذہب نہیں ہے جیسا کہ وہم کیا گیا ہے یہانتک کہ کہا جائے کہ لازم مذہب مذہب نہیں ہوتا
ہے تمام ہوا کلام محشی علامہ کا میں کہتا ہوں کہ مصنف کو بھی میل عظیم و شغف فخیم ہے مثل
اوسکے شیخ ابن تیمیہ کے اس عقیدہ کے ثابت کرنے میں کہ حق تعالی عرش پر بیٹھا ہے کرسی
پر اوسکے دونوں پیر ہیں اور فوق حقیقتًا خدا کی جہت ہے اور اسی وجہ سے اسپر دلیل لایا ہے
دعا میں اوپر کیطرف ہاتھ اوٹھانے سے اور حدیث جاریہ سوداء وغیرہ سے جیسا کہ عنقریب آئیگا
اور بعض مقامات میں ان اقوال کو ذکر کرنے سے اس وجہ سے کلام کو دراز کیا ہے (اگرچہ ظاہر میں
اجنبی معلوم ہوتا ہے) اسلئے کہ یہی بحث مصنف کی اس کتاب کے تصنیف کرنے سے اعلی
درجہ کا مطلب اور انتہا درجہ کی غایت ہے اور اسی وجہ سے اس بحث کو مصنف نے اس کتاب کے
مختلف مقامات میں ودیعت رکھا ہے اور متفرق جگہوں میں درج کیا ہے تاکہ اون عقائد میں
مصنف کی مخالفت اہل سنت کی ظاہر نہو جاوے اور اوسکی موافقت اہل بدعت سے ان مقاصد میں مخفی رہے
پس یہ قول مصنف کا [illegible] بالملکیہ ابتدائی کہ جسکی خبر بحث اسماء کے بعد تفصیل و تعلیل و نقض و جمع و
تعدیل کے ساتھ آئیگی [illegible] ذکر کیا ہے [illegible] علو کی الہیت سے استدلال کرنے سے فارغ ہوا تو امام جعفر صادق کے قول
دلیل لانے میں شروع کیا رسالۂ قشیریہ سے نقل کر کے پس کہا اور [illegible] امام ابو القاسم عبد الکریم قشیری نے رسالہ مشہورہ میں [illegible]

وقال جعفر الصادق من زعم ان الله في شيء او من شيء او على شيء فقد اشرك
اذ لو كان على شيء لكان محمولا اي وليس محمولا بل هو حامل بقدرته وحافظ
لوجهة كل حامل ومحمول ولو كان في شيء لكان محصورا اي وليس محصورا
ولا مقصورا بل هو حاصر وقاصر لكل محصور ومقصور وانما نحو قوله
تعالى الرحمن على العرش استوى وقوله تعالى ءامنتم من في السماء تجلى على
عظيم وتجلى على فخيم من تجلياته وتعليباته من غير ان تكون له حاجة الى
العرش ولا شيء من العرش وسببين ولو كان من شيء لكان محدثا اي وهو
ممتنع مطلقا انتهى بقدر الحاجة اقول ومن الله التوفيق هذا الكلام الشريف
والبيان المنيف للامام جعفر الصادق رضي الله عنه لما كان من البراهين
الدالة على نفي الجهة عن الله سبحانه اغرب المصنف في نقله حيث ما نقله
كما هو بل ادمج بين شقوقه جملات من عند نفسه وصرفه الى ما هو
بصدد اثباته من كون الفوق جهة له تعالى وبيانه ان هذا القول مشتمل
على شقوق ثلاثة كلها ممتنع مطلقا في حقه تعالى ومقصود المصنف لما
كان ينتفي بالشقين الاولين صرف الامتناع الى الشق الاخير بقوله بعده
وهو ممتنع مطلقا ويعلم من تقييده الامتناع بالاطلاق على طور المفهوم
المخالف ان شقين الاولين ليس امتناعهما في حقه تعالى على الاطلاق بل هما
ممكنان فيه تعالى من وجه كما هو مزعوم المصنف وشيخه ابن تيمية وممتنعان
من وجه كما هو مزعوم غيره من اليهود والمشبهة كما مر في ضمن ما ذكرنا
انفا من الاقاويل المنقولة من التنبيه وهذه جسارة عظيمة وخيانة
فخيمة في امر الدين لا يجترئ عليها الا من لا يخاف عليه سوء الخاتمة وهو

فرمایا جعفر صادق نے کہ جس نے گمان کیا کہ خدا کسی شے مین ہے یا کسی شے سے ہے یا کسی شے پر ہے تو وہ مشرک ہو گیا اس لئے کہ خدا اگر کسی شے پر ہوتا تو اوٹھایا ہوا ہوتا یعنے اور وہ اٹھایا ہوا نہین ہے بلکہ وہی اوٹھانے والا ہے اپنی قدرت سے اور نگہبان ہے اپنی رحمت سے ہر اوٹھانے والے اور اٹھائے ہوئے کو اور اگر کسی شے مین ہوتا تو گھیرا ہوا ہوتا یعنے اور وہ گھیرا ہوا نہین ہے اور نہ روکا ہوا ہے بلکہ وہی گھیرنیوالا اور روکنے والا ہے ہر گھیرے ہوئے اور روکے ہوئے کو اور مانند قول حق تعالے کے کہ رحمن عرش پر مستوی ہو گیا ہے اور قول حق تعالے کا (کیا تم بےخوف ہو گئے ہو اوس ذات سے کہ آسمان مین ہے) ایک تجلی بلند عظمت والے اور ایک تعلی روشن بزرگ ہے خدا کی تجلیات و تعلیات مین سے بغیر اس کے کہ اوسکو حاجت ہو عرش یا کسی شے کی فرش سے اور اس کا بیان قریب آئیگا اور اگر کسی شے سے ہوتا تو نو پیدا ہوتا یعنے اور یہ تو مطلقاً محال ہے انتہی مین کہتا ہون اور خدا ہی کے طرف سے توفیق ہے کہ یہ کلام شریف وبیان منیف امام جعفر صادق کا جبکہ اون براہین مین سے تھا جو خدا سے جہت کی نفی پر دلالت کرتی ہین مصنف نے اسکی نقل مین ایک نادر کام کیا اس طرح پر کہ اس کلام کو جیسا کہ تھا نقل نہ کیا بلکہ اوسکے شقوق مین اپنے جانب سے کچھ جملے داخل کر دیے اور اسکو اپنی مدعا کے طرف کہ جسکے ثابت کرنے کے لئے مصنف درپے ہے یعنے جہت فوق حقتعالے کیلئے ثابت کرنے کی طرف پھیر دیا اور بیان اس کا یہ ہے کہ یہ قول امام کا شامل ہے تین شقوق پر کہ ہر ایک اونکی حقتعالے کے حق مین مطلقاً محال ہے اور مصنف کا مدعا جبکہ پہلی دو شقون سے باطل ہوتا تھا تو امتناع مطلق کو شق اخیر کے طرف پھیر دیا اوسکے بعد اپنا قول وہو ممتنع مطلقاً بڑھا کر اور امتناع کو اطلاق کے ساتھ مصنف کے مقید کر دینے سے بطور مفہوم یہ سمجھا جاتا ہے کہ پہلی دو شقین حقتعالے کے حق مین مطلقاً ممتنع نہین ہین بلکہ وہ دونون حقتعالے کے حق مین ایک وجہ سے ممکن بھی ہین کہ جیسا مصنف اور اوسکے شیخ ابن تیمیہ کا عقیدہ ہے اور دوسری وجہ ممتنع ہین کہ جیسا مصنف کے غیر کا عقیدہ ہے یہود و مشبہین مین سے جیسا کہ اون اقوال مین گذر چکا ہے کہ جن کو ہم نے اپنی کتاب تنبیہ سے نقل کیا ہے اور یہ بہت بڑی جسارت اور کمال درجہ کی خیانت ہے دین مین اور ایسی جرات وہی شخص کر سکتا ہے کہ جسکو اپنے سوء خاتمہ کا خوف نہ ہوا اور وہ اپنے

في اعمالهم من الاخسرين كما قال الله تعالى قل هل ننبئكم بالاخسرين اعمالا
الذين ضل سعيهم في الحيوة الدنيا وهم يحسبون انهم يحسنون صنعا
ولما اختفى بتخليط المصنف ما هو مقصود الامام من هذا الكلام من نفي الجهة والفوقية
على العرش بالمعنى الحقيقي عن الحق سبحانه لابد لنا ان نحقق فحواه وننقل لهما هو
منقول في الرسالة القشيرية بسياقه وسباقه لالحاق شيء في معناه قال صاحب
القشيرية رضي الله عنه فيها في صفحه (٧) وسئل ذو النون المصري عن
قوله تعالى الرحمن على العرش استوى فقال اثبت ذاته ونفى مكانه فهو موجود
بذاته والاشياء موجودة بحكمه كما شاء سبحنه وسئل الشبلي عن قوله الرحمن
على العرش استوى فقال استوى علمه بكل شيء فليس شيء اقرب اليه من شيء
وقال جعفر الصادق من زعم ان الله في شيء او من شيء او على شيء فقد اشرك
اذ لو كان على شيء لكان محمولا ولو كان في شيء لكان محصورا ولو كان من شيء
لكان محدثا وقال جعفر الصادق ايضا في قوله ثم دنى فتدلى من توهم انه
بنفسه دنا جعل ثم مسافة انما التداني انه كلما قرب منه بعد عن انواع المعارف
اذ لا دنو ولا بعد انتهى فعلم من هذا النقل ان كلام الامام في هذا المقام
انما اورد لنفي جهة الفوق عن الله تعالى وتقريبه على ما نقله المفتي العلامة
في التنبيه هكذا (البرهان الاول) وهو المقتبس من ذي الحسب الزكي والنسب
العلي سيد العلماء ووارث خير الانبياء جعفر الصادق رضي الله عنه قال
لو كان الله في شيء لكان محصورا وتقرير هذه الدلالة انه لو كان في جهة
مشارا اليه لزم تناهيه وذلك لانه اذا كان في هذه الجهة دون غيرها فقد
حصل فيها دون غيرها ولا معنى لتناهيه الا ذلك وكل متناه محدث

اعمال مین زیادہ نقصان والا ہو جیسا کہ حق تعالے نے فرمایا ہے کہدے ای محمد کہ کیا ہم تمھین بتادین
وہ لوگ زیادہ نقصان والے ہین اعمال مین وہ ایسے لوگ ہین کہ جنکی کوشش دنیا کی زندگی مین بہک گئی ہے
اور اونکو گمان ہے کہ ہم اچھا کام کرتے ہین اور جبکہ مصنف کی آمیزش سے مقصود کلام امام کا کہ جہت
فوقیت کی حقیقی کی نفی ہے حق سبحانہ سے مخفی ہوگیا تو ہم کو ضرور ہوا اوس کا ماحصل بیان کردین اور جسطرح کہ
رسالہ قشیریہ مین مذکور ہے اوسیطرح پر مع اوسکے سیاق و سباق کے بدون ملانے کسی شئے کے اوس کے
معنی مین اوسکو نقل کرین کہا صاحب قشیریہ رح رسالہ قشیریہ کے صفحہ (۷) مین اور ذوالنون مصری سے پوچھا گیا
قول حق تعالے کا (رحمن عرش پر مستوی ہوا) پس کہا کہ خدا نے اس قول مین ثابت کیا ہے اپنی ذات کو
اور نفی کی ہے اپنے سے مکان کی پس وہ بذات خود موجود ہے اور اشیا اوسکے حکم سے موجود ہین جسطرح پر
کہ حق سبحانہ نے چاہا ہے اور شبلی سے آیت مذکورہ کا مطلب پوچھا گیا پس کہا کہ اوس کا علم ثابت ہے کیا ہر شئے
مین پس اوسکے نسبت ایک شئے زیادہ قریب نہین ہے دوسری شئے سے اور کہا جعفر صادق نے کہ جس نے
گمان کیا کہ خدا کسی شئے مین ہے یا کسی شئے سے ہے یا کسی شئے پر ہے پس وہ بیشک مشرک ہوگیا اس لئے کہ اگر خدا کسی شئے
پر ہوتا تو اوٹھایا ہوا ہوتا اور کسی شئے مین ہوتا تو گہیرا ہوا ہوتا اگر کسی شئے سے ہوتا تو پیدا ہوا ہوتا اور کہا امام جعفر صادق نے
حق تعالے کے قول (پھر وہ قریب ہوا پس زیادہ نزدیک ہوگیا) کی تفسیر مین جسنے وہم کیا کہ وہ اپنے تئین نزدیک
ہوا تو اوسنے وہان مسافت قرار دی وہان تو نزدیک ہونیکے معنے ہین کہ جو لوگ جون اوس سے قریب ہوا
انواع معارفت سے دور ہوگیا اس لئے کہ وہان نہ قرب ہے نہ بعد ہے انتہی پس اس نقل سے معلوم ہوا کہ امام کا
کلام اس مقام مین جہت فوق کی حق تعالے سے نفی کے لئے وارد کیا گیا ہے اور اس کا بیان جسطور پر کہ علما
تنبیہ مین نقل کیا ہے یہ ہے (پہلی برہان) اور وہ حاصل کی گئی ہے جناب صاحب زکی وفی علی سید علما و وارث
خیر الانبیا جعفر صادق رضی اللہ عنہ کے کلام سے فرمایا اونہون نے کہ اگر خدا کسی شئے مین ہوتا تو گہیرا ہوتا اور بیان اس دلیل کا
یہ ہے کہ خدا اگر ہوتا کسی جہت مین کہ جسکی طرف اشارہ کیا جاتا ہے تو اوس کا محدود ہونا لازم آتا اور یہ اس وجہ سے کہ جبکہ
اسی جہت مین ہوا نہ اوسکی غیر مین تو اسی مین حاصل ہوا نہ کہ اسکے غیر مین اور اوسکے محدود ہونیکی یہی معنی ہین اور ہر محدود …

لان تخصيصه بهذا المقدار دون سائر المقادير لا بد له من مخصص فقد ظهر
بهذا البرهان الذي يبهر العقول ان القول بالجهة يوجب كون الخالق مخلوقا والرب
مربوبا وان ذاته متصرف فيها وتقبل الزيادة والنقصان تعالى الله عما يقول
الظالمون علوا كبيرا انتهى ولما فرغ المصنف عن بيان قول الامام جعفر الصادق
والاستدلال به على دعوته ادخل بحث الاسماء بين مبحث الصفات ودلائله
وهذا خارج من داب البحث وايضا مخالف لنظم التاليف لانه قال في صدر
هذا الفصل الايمان بالذات الاحدية والصفات الواحدية والاسماء الالهية
فهذا الترتيب يقتضي ان يكون بحث الاسماء مؤخرا من بحث الصفات ولما رأينا
بحث الاسماء وعلم الله تعالى بما يكون قبل ان يكون في كتابه هذا اما وجدنا فيه
شيئا قابلا للمواخذة غير مواضع عديدة وهي ايضا ليست معتدا بها فرأينا من
الوجوه ترك التعرض عن بحث الاسماء وما بعده ونشرع في بحث الصفات
بتوفيق الله تعالى وعونه قال الصفات المتشابهات قال الله تعالى
هو الذي انزل عليك الكتاب منه ايات محكمات هن ام الكتاب واخر
متشابهات فاما الذين في قلوبهم زيغ فيتبعون ما تشابه منه ابتغاء الفتنة
وابتغاء تاويله وما يعلم تاويله الا الله والراسخون في العلم يقولون امنا به
كل من عند ربنا الاية اخرج ابن جرير وابن المنذر وابن الانباري في الوقف
بسند جيد من طريق مجاهد عن ابن عباس في قوله تعالى وما يعلم تاويله
الا الله والراسخون في العلم قال انا ممن يعلم تاويله وقد استفاض عن رسول الله
صلى الله عليه واله وسلم انه قال اللهم فقهه في الدين وعلمه التاويل وفي لفظ اللهم
علمه الحكمة وتاويل الكتاب ولسعيد بن حميد في التفسير وابن الانباري في كتاب

اس لئے کہ اوسکی خصوصیت کیلئے اس مقدار کیساتھہ بدون دوسری مقداروں کے کوئی خصوصیت پیدا کرنیوالا
ضرور ہونا چاہیے پس تحقیق کہ ظاہر ہوگیا اس برہان سے جو عقلوں کو دنگ کرتی ہے کہ جہت کا قول واجب
کرتا ہے خالق کے مخلوق ہونے کو اور پالنے والیکے پرورش یافتہ ہوجانے کو اور اس امر کو ذات الہی مین قسمت
ہوسکتا ہے اور وہ کمی بیشی کو قبول کرتی ہے برتر ہے خدا ظالمونکے قول سے بہت برتر ہونا انتہی اور جبکہ مصنف
فارغ ہوا امام جعفر صادق علیہ السلام کے قول کو بیان کرنے اور اس سے دلیل لانیسے اپنے دعوے پر بحث اسماء کو بحث
صفات اور اوسکے دلائل کے درمیان داخل کر دیا اور یہہ طریق بحث سے خارج ہے اور نیز نظم تالیف کے برخلاف ہے اسلئے کہ
مصنف نے اس فصل کے شروع مین کہا ہے ایمان ذات احدیت و صفات واحدیت و اسماء الہیہ پر پس ترتیب
چاہتی ہے کہ اسماء کی بحث صفات کی بحث سے پیچھے ہو۔ اور ہم نے جبکہ بحث اسماء و بحث علم الہی تعالے بیان کیا گیا ہے کو
اس کتاب مین دیکھا تو اوسمین کوئی بات قابل گرفت کے نپائی بجز چند مقامات کے اور وہ بھی چندان اعتبار کے قابل نہ تھے
پس ان وجوہ سے ہم بحث اسماء اور اوس کے مابعد سے تعرض کرنیکو چھوڑ دیتے ہین اور بحث صفات مین شروع
کرتے ہین حق تعالی کی توفیق و مدد سے کہا مصنف نے (صفات متشابہات) فرمایا حق تعالی نے (وہ ایسی
ذات ہے کہ جس نے اوتاری تجھپر کتاب بعض اوسمین آیات محکمات ہین کہ وہ کتاب کی اصل ہین اور بعض دوسری
آیات متشابہات ہین پس جن لوگون کے دلونمین کجی ہے وہ پیروی کرتے ہین اوس کتاب کے متشابہ کی طلب
فتنہ و طلب تاویل کی غرض سے حالانکہ اوسکی تاویل بغیر خدا کو معلوم نہین ہے اور جو لوگ علم مین ثابت قدم ہین کہتے ہین
کہ ہم اوسپر ایمان لائے سب ہمارے رب کیطرف سے ہے آخر تک روایت کی ابن جریر و ابن منذر و ابن انباری نے وقف مین
عمدہ سند کے مجاہد کے طریق سے ابن عباس سے خفقوا کے قول (وما یعلم تاویلہ الا اللہ والراسخون فی العلم) کے
باب مین کہا ابن عباس نے مین اون مین سے ہون جو کہ اوسکی تاویل جانتے ہین اور ابن عباس سے شائع
ہوگیا ہے یہہ کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اون کے واسطے دعا کی اے خدا تو
اوسکو دین مین سمجھہ عطا کر اور تاویل کتاب اس کو سکہا دے اور ایک حدیث مین ہے اے خدا
تو اسکو حکمت و تاویل کتاب سکہا دے اور عبد بن حمید کی روایت ہے تفسیر مین اور ابن انباری کی مصاحف

الاضداد عن مجاهد وابن جرير عن الربيع فى قوله تعالى (والراسخون فى العلم)
قال يعلمون تاويله ويقولون آمنا به وقال نجم الدين عمر النسفى فى تفسيره اكثر
اهل العلم على ان الراسخين فى العلم يعلمون المتشابه قالوا ولو لم يكن للراسخين
فى العلم حظ فى علم المتشابه الا ان يقولوا امنا به كل من عند ربنا لم يكن لهم
فضل على الجهال لانهم جميعا يقولون ذلك وان الله تعالى لم يسو بين خلقه
فى العلم بالمتشابه وقال النووى انه الاصح لانه يبعد ان يخاطب الله تعالى عباده
بما لا سبيل لاحد من الخلق الى معرفته وقال ابن الحاجب انه الظاهر واختاره
القتبى وهو قول الشافعى قال فى مختصر البويطى لا يحل تفسير المتشابه الا بسنة
عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم او خبر عن احد من صحابه او اجماع
العلماء فلولا ان علم تاويل المتشابه ما اليه سبيل لما قال ذلك هذا وقد قال
ابن عباس كما عزى له الخطابى وابن الاثير على بالقران فى علم على كما القرآن
فى الشعراى الغدير الصغير فى وسط البحر ولابى نعيم فى حلية الاولياء عن ابن
مسعود قال ان القرآن انزل على سبعة احرف ما منها حروف الا ولها ظهر
وبطن وان على بن ابى طالب عنده منه الظاهر والباطن وقد صح حديث
على مع القرآن والقرآن مع على وحديث انا مدينة العلم وعلى بابها اذا علمت
هذا فاعلم ان للحسن بن على الحلوانى فى السنن محمد بن عثمان بن ابى شيبة
فى كتب العرش والقاضى ابى احمد العسال الاصفهانى فى المعرفة تاليفه والصفات
وابى الشيخ وابن مردويه عن عمير بن عبد الملك قال خطبنا على قال حدثنى
رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم عن ربه عز وجل قال وعزتى وجلالى
وارتفاعى فوق عرشى ما من اهل قرية ولا اهل بيت ولا رجل ببادية كانوا

کتاب الاضداد مین مجاہد سے اور ابن جریر کی ربیع سے حق تعالے کے قول وَالرَّاسِخُونَ فِي الْعِلْمِ کے بابن
کہا اون دونون نے کہ جانتے ہین ہم اوسکی تاویل اور کہتے ہین کہ ہم اوس پر ایمان لائے اور کہا محی الدین
عمرانی نے اس کی تفسیر مین کہ اکثر اہل علم اسپر ہین کہ راسخین فے العلم متشابہ کو جانتے ہین اور راونکا قول
ہے کہ اگر راسخین فی العلم کو بھی متشابہ کے علم مین حصہ نہو بجز اسکے کہ وہ یہہ کہین کہ ہم اسپر ایمان لائے سب ہمارے
ربکی طرف سے ہے تو اونکو جاہلون پر کچھہ فضیلت نہوگی اسلئے کہ وہ سب بھی یہی کہتے ہین اور حق تعالی نے متشابہ کے
علم مین اپنے مخلوق مین سبکو برابر نہین رکہا ہے اور نووی نے کہا ہے کہ یہی قول زیادہ صحیح ہے اسلئے کہ یہہ امر بعید ہے
کہ حق تعالی اپنے عبادے اوس چیز کا خطاب کرے کہ جسکی معرفت کیطرف اوسکی مخلوق مین سے کسیکو کوئی راہ نہ ملے اور
ابن حاجب نے کہا ہے کہ یہی قول ظاہر ہے اور اسیکو فیقبی نے اختیار کیا ہے اور یہی قول امام شافعی کا ہے مختصر بویطی مین لکہا ہے
کہ متشابہ کی تفسیر ناجائز ہے مگر رسول خدا صلعم کی حدیث سے یا کسی صحابی کے قول سے یا علما کے اجماع سے پس اگر یہہ بات
نہوتی کہ تاویل متشابہ کے علم کیطرف راستہ ہے تو بوطی البیانہ کہتے اسکو یاد رکہہ اور تحقیق کہ ابن عباس نے کہا ہے
جیسا کہ خطابی و ابن اثیر نے اون سے روایت کی ہے کہ مجکو علم قران کا بہ نسبت علم علیؑ کے بمنزلہ ایک چہوٹے حوض
کے ہے سمندر کے بیچ مین اور ابو نعیم کی روایت ہے حلیۃ الاولیا مین ابن مسعودؓ سے کہا اونہون نے کہ قران کا نزول سات
حرفون مین ہوا ہے اونمین سے ہر حرف کے لئے ظاہر و باطن ہے اور علی بن ابی طالب کے پاس قران کا ظاہر و باطن دونون جمع
ہین اور یہہ حدیث صحیح ہے کہ علی قران کے ساتھہ ہے اور قران علے کے ساتھہ اور یہہ حدیث
کہ مین علم کا شہر ہون اور علے اوسکا دروازہ ہے جبکہ تجکو یہہ معلوم ہوچکا پس جان تو کہ حسن بن علی حلوانی
کی روایت ہے سنن مین پہر محمد بن عثمان بن ابی شیبہ کی روایت ہے کتاب العرش مین اور قاضی ابو احمد
عسال اصفہانی کی معرفت مین جسکو اوسنے تالیف کیا ہے صفات کے بیان مین اور ابو الشیخ و ابن مردویہ کے
روایت ہے عمیر بن عبد الملک سے کہا اوس نے کہ خطبہ سنایا ہمکو علیؓ نے کہا کہ بیان کیا
مجھسے رسول خدا صلعم نے اپنے رب عز و جل کیطرف سے کہ کہا اوسنے قسم ہے اپنے عزت و جلال کی اور اپنے بلند
ہونے کی عرش کے اوپر کہ نہین کوئی گانو کا شخص یا کسی گہر کا مالک یا جنگل کا مرد کہ جو تھا مین ہون میری

على ما كرهت من معصيتي فيحولوا عنها الى ما احببت من طاعتي الا تحولت لهم عما
يكرهون من نقمتي الى ما يحبون من رحمتي وما من اهل بيت ولا قرية ولا رجل
بادية كانوا على ما احببت من طاعتي ثم يحولوا عنها الى ما كرهت من معصيتي
الا تحولت لهم عما يحبون من رحمتي الى ما يكرهون من غضبي وعن محمد بن ابي
علي صاحب المكي انا الحارث بن عمير انا جعفر بن محمد عن ابيه عن جده عن
علي بن ابي طالب قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ان فاتحة الكتب
وآية الكرسي وآيتين من آل عمران (شهد الله انه لا اله الا هو والملئكة
الى قوله ان الدين عند الله الاسلام) وقوله (قل اللهم مالك الملك) الى قوله
(بغير حساب) مشفعات معلقات بالعرش ما بينهن وبين الله حجاب
الحديث اخرجه جماعة من المحدثين وبسطنا الكلام عليه في احياء الميت بفضائل
اهل البيت وله شاهد عند الديلمي في مسند الفردوس عن ابي ايوب الانصاري
وفيه تعلقن بالعرش وقلن اتنزلنا على قوم يعملون بمعاصيك فقال وعزتي وجلالي
وارتفاع مكاني الحديث وللطبراني في الاوسط وابي الشيخ فالديلمي والبيهقي
في شعب الايمان والهروي في ذم الكلام وعبيد الله بن محمد بن حفص
العيشي في حديثه وعبد القادر الرهاوي في اربعينه عن الحارث
عن علي قال كل دعاء محجوب عن السماء حتى يصلي على محمد وعلى آل محمد
قال ابن الجزري في آخر النشر واسناده جيد وفي تلخيص مسند الفردوس
لابن حجر حديث الدعاء محجوب عن الله عز وجل حتى يصلي على محمد واهل بيته
ابو الشيخ عن علي اي رفعا وسنده ضعيف وهو عند الترمذي ولعله الحكيم
فليراجع قال ... رواه الحسين بن عرفة عن علي مرفوعا وسنده ضعيف

معصیت پر کہ جسکو مین برا جانتا ہون پہر اوسکو اونہون نے چہوڑ دیا میری طاعت پر ہو کر کہ جسکو مین دوست
رکہتا ہون مگر یہہ کہ مین نے چہوڑ دیا اونکے عذاب کو کہ جسکو وہ برا جانتے ہین بسبب اپنی رحمت کے کہ
جس سے وہ خوش ہین اور نہین کوئی گہر کا مالک اور نہ گانون کا رہنے والا یا جنگل کا مرد کہ قایم ہون میری طاعت
پر کہ جسکو مین دوست رکہتا ہون پہر اونہون نے اوسکو چہوڑ دیا بسبب میری معصیت کے کہ جسکو مین برا
جانتا ہون مگر یہہ کہ مین چہوڑ دیتا ہون اپنی رحمت کو کہ جسکو وہ دوست رکہتے ہین بسبب اپنے غضب کے
کہ جسکو وہ برا جانتے ہین اور محمد بن نصر نے ابو صالح کی سے روایت ہے کہ ہمکو خبر دی حارث بن عمیر نے
کہ ہمکو خبر دی جعفر بن محمد نے اپنے باپ سے اونہون نے اپنے دادا سے اونہون نے علی بن ابی
طالب سے کہا اونہون نے کہ فرمایا رسول خدا صلعم نے کہ سورہ فاتحہ اور آیۃ الکرسی اور آل عمران کی دو آیتین ایک شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ
لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَالْمَلٰٓئِكَةُ متصل اوسکے قول اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ تک اور دوسری قول اوسکا قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ اوس
قول بغیر حساب تک مقبول الشفاعۃ ہین عرش سے معلق ہین اونمین اور خدا مین کوئی پردہ نہین ہی آخر حدیث تک اسکو روایت کیا ہے
محدثین کی بڑی جماعت نے اور اسکے تحقیق کو ہمنے اخبار البیت مین بسط سے لکہا ہے اور اس حدیث کا
ایک شاہد ہے دیلمی کے پاس مسند الفردوس مین ابو ایوب انصاری سے اور اوسمین یون ہے کہ لٹکی ہین عرش
سے اور کہا کہ کیا تو ہمکو نازل فرماتا ہے ایسے قوم پر کہ تیری نافرمانی پر عمل کرتے ہین پس فرمایا حق تعالی نے
قسم ہے اپنی عزت و جلال اور اپنے بلندی مکان کی آخر حدیث تک اور طبرانی کی روایت ہے اوسط مین اور
ابو الشیخ کی پس دیلمی و بیہقی کی روایت ہے شعب الایمان مین اور ہروی کی ذم الکلام مین اور عبید اللہ بن محمد بن حفص عیشی کی
اوسکی حدیث مین اور عبد القادر رہاوی کی اوسکی اربعین مین حارث سے اوسنے روایت کی علی سے کہ کہا اونہون نے کہ ہر دعا محجوب
آسمان سے یہانتک کہ درود بہیجا جاوے محمد پر و آل محمد پر کہا ابن جزری نے نشر کے آخر مین کہ اس حدیث کی اسناد
جید ہے اور تخریج مسند الفردوس مولفہ ابن حجر مین ہی کہ حدیث کہ دعا محجوب ہے خدا عز و جل سے یہانتک کہ درود بہیجا جاوے محمد و اہلبیت
پر اسکو روایت کیا مرفوعًا ابو الشیخ نے علی سے اور اسکی سند ضعیف ہے ترمذی کے نزدیک اور شاید وہ حکم ہی ہے جسکا جزم کرنا چاہئے
سنن ترمذی کی طرف کہا میرک نے اور اسکو روایت کیا ہے حسن بن عرفہ نے علی سے مرفوعًا اور اسکی سند ضعیف ہے

والصحيح وقفه لكن قال المحققون من علماء الحديث ان مثل هذا لا يقال من قبل
الرأى فهو مرفوع حكما انتهى وعن الحارث عن على رفعا ما من دعاء الا بينه وبين
السماء حجاب حتى يصلى على محمد وعلى آل محمد فاذا فعل ذلك انخرق ذلك الحجاب
ودخل الدعاء الحديث رواه البيهقى وابو القاسم التيمى والديلمى وابن ابى
شيبة فابو اليمن بن عساكر وابن بشكوال وغيرهم ورواه الطبرانى والبيهقى
عن الحارث وعاصم بن ضمرة كلاهما عن على موقوفا واشار اليه ابو اليمن ولابن ابى
شيبة عن حذيفة بن اسيد قال رايت على بن ابى طالب اذا زالت الشمس
صلى اربعا طوالا فسألته فقال رايت رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم
يصليها فسألته فقال ان ابواب السماء تفتح اذا زالت الشمس فلا ترتج حتى يصلى
الظهر فاحب ان يرفع لى الى الله عمل وللدارقطنى فى حديث ابن منزول
والخطيب فى الجامع لآداب القارى والسامع وابى غنائم النرسى فى انس العاقل
وابن عساكر عن على قال يا حملة القرآن اعملوا به الى ان قال وسيكون اقوام يحملون
العلم لا يجاوز تراقيهم تخالف سريرتهم علانيتهم الى قوله اولئك لا يصعد
اعمالهم فى مجالسهم تلك الى الله ولاسحق وابن ابى عاصم وابن جرير والمحاملى
فى الامالى بسند صحيح عن على فى خبر غدير خم قد تركت فيكم ما ان اخذتم به لن
تضلوا بعده كتاب الله سببه بيده وسببه بايديكم (الحديث) ورواه ابن سعد
واحمد والطبرانى فى معجمه الكبير عن ابى سعيد الخدرى وابن ابى شيبة واحمد
عن زيد بن ثابت كتاب الله عز وجل حبل ممدود ما بين السماء والارض وفى
لفظ الطبرانى فى الكبير عن زيد كتاب الله عز وجل سبب طرفه بيد الله و
طرفه بايديكم ولابن اسحق فى يعقوب بن ابراهيم الدورقى فانه رأى وقعا

اور صحیح یہہ ہے کہ یہہ حدیث موقوف ہے لیکن محققین اہل حدیث نے کہا ہے کہ ایسی حدیث راوی اپنی جانب سے
نہین کہتا ہے پس یہہ مرفوع ہے حکماً انتہی اور حارث نے علیؑ سے مرفوعاً روایت کی ہے کہ نہین ہے کوئی دعا مگر
یہ کہ اوسمین اور آسمان مین پردہ ہے یہانتک کہ درود پڑہا جائے محمدؐ پر پس جبکہ ایسا کیا جاتا ہے تو وہ پردہ پہٹ جاتا ہے
اور دعا داخل ہو جاتی ہے تا آخر حدیث اسکو روایت کیا ہے بیہقی و ابو القاسم تیمی و دیلمی و ابن ابو شریح نے بیرا نوادر
بن عساکر اور ابن بشکوال وغیرہم نے اور روایت کیا اسکو طبرانی و بیہقی نے حارث و عاصم بن ضمرہ سے اون
دونون نے علیؑ سے موقوفاً اور اسکی طرف اشارہ کیا ہے ابو الیمن نے اور ابن ابی شیبہ کی روایت ہے حمید
بن ہاسید سے کہا اوسنے کہ دیکہا مینے علیؑ کو کہ زوال آفتاب کے بعد اوہنون نے چار رکعتین دراز پڑہی پس اوسنے
پوچہا تو فرمایا کہ اسمان کے دروازے کہولے جاتے ہین جبکہ آفتاب زائل ہو جاتا ہے پس برابر کہلے رہتے ہین جبتک
کہ ظہر کی نماز پڑہ لی جائے پس مجھکو محبوب ہے یہ کہ میرا کوئی عمل خدا کی طرف اوٹہایا جائے اور دارقطنی کی روایت ہے ابن منذر کی حدیث مین
اور خطیب کی جامع لآداب القاری والسامع مین اور ابو غانم نرسی کی (انس الغافل) مین اور ابن عساکر علیؓ سے کہ کہا اوہنون نے
(ای قران کے اوٹہانیوالو قران پر عمل کرو یہانتک کہ کہا اور قریب ہے کہ کچہہ لوگ ہونگے کہ علم کو سیکہینگے پر علم اونکے ہنسلیون سے نیچے نہ اوتریگا
اونکا باطن مخالف ہوگا اونکے ظاہر کے یہانتک کہ کہا کہ اون لوگون کے اعمال انکی مجالس سے خدا
کی طرف بلند نہ پہونچینگے اور اسحق و ابن ابی عاصم و ابن جریر و محاملی کی روایت ہے امالی مین بسند
صحیح علیؓ سے حدیث ثم مین یہہ کہ اور تحقیق کہ مینے تم مین وہ شے چہوڑی ہے کہ اگر تمنے اوس پر عمل
کیا تو پہر تم ہرگز گمراہ نہوگے خدا کی کتاب کہ اوسکی ایک ڈوری تمہارے ہاتہون مین ہے اور ایک
ڈوری خدا کے ہاتہہ مین ہے آخر حدیث تک اور اسکو روایت کیا ہے ابن سعد و احمد و طبرانی نے
اپنی معجم کبیر مین ابو سعید خدری سے اور ابن ابی شیبہ و احمد نے زید بن ثابت سے کتاب خدا عز و جل
ایک رسی ہے دراز کی ہوئی درمیان آسمان و زمین کے اور طبرانی کی معجم کبیر مین ہے زید سے کتاب
خدا عز و جل کی ایک ڈوری ہے کہ جسکا ایک سرا خدا کے ہاتہہ مین ہے اور دوسرا سرا تمہارے
ہاتہون مین اور ابن اسحق کی روایت ہے پہر یعقوب بن ابراہیم دورقی کی پہر دارمی و احمد

وابي يعلى في مسانيدهم وابن جرير في تهذيب الآثار والخطيب في تاريخه عن
عبيد الله بن ابي رافع عن ابيه عن علي عن النبي صلى الله عليه وآله وسلم انه
قال لولا ان اشق على امتي لامرتهم بالسواك عند كل صلوة ولاخرت العشاء
الآخرة الى ثلث الليل فانه اذا مضى ثلث الليل الاول هبط الله تعالى الى السماء
الدنيا فلم يزل هنالك حتى يطلع الفجر فيقول قائل الا سائل يعطى الا داع يجاب
الا سقيم يستشفى فيشفى الا مذنب يستغفر فيغفر له وليس عند ابي يعلى جملة
الا سائل يعطى تابعه ابو هريرة عند ابن اسحاق في يعقوب الدورقي فالدار
وعبد الرزاق واحمد وابن نصر وابي يعلى وابن جرير ومسلم عند ذكر النزول
فقط والصابوني في الانتصار عن عبيد الله بن ابي رافع عن علي رفعه ينزل
ربنا تبارك وتعالى في كل ليلة الى السماء الدنيا حين يبقى ثلث الليل الآخر
فيقول من يدعوني فاستجيب له ومن يسألني فاعطيه ومن يستغفرني فاغفر له
تابعه ابو هريرة ايضاً عند مالك في رواية يحيى ومسلم ورواية القعنبي
فابي داؤد وعند بقية ائمة الحديث الستة والدارمي وابي يعلى والصابوني
بطرق كثيرة عنه وجبير بن مطعم وعبادة بن الصامت وجابر وعبيد الله
وابو الدرداء والحسن وعائشة وام سلمة اخرجها الصابوني زاد النسائي وابن ماجه
عن ابي هريرة حتى يطلع الفجر وفي النزول كل ليلة احاديث ذكرها بطول قال
القاضي عياض في حديث ابي هريرة الصحيح رواية حين يبقى ثلث الليل
الآخر كذا قال شيوخ الحديث وهو الذي تظاهرت عليه الاخبار بلفظه و
معناه قال النووي ويحتمل ان يكون النبي صلى الله عليه وآله وسلم اعلم باحد
الامرين في وقت فاخبر به ثم اعلم بالآخر في وقت آخر فاعلم به وسمع ابو هريرة

وابو یعلی کی اونکی مسندون مین اور ابن جریر کی تہذیب الآثار مین اور خطیب کی اونکی تاریخ مین عبید اللہ
بن ابی رافع سے اونہون نے روایت کی اپنے باپ سے اونہون نے علی رض سے اونہون نے نبی صلعم سے
کہ فرمایا حضرت نے کہ اگر مجکو اپنے شاق ہونیکا خیال نہوتا تو اونکو ہر نماز کے وقت مین مسواک کا حکم کرتا اور
عشا کی نماز کو تہائی رات تک ہٹا دیتا اسلئے کہ جب رات کا پہلا تہائی حصہ گزر جاتا ہے تو حق تعالے نیچے
کے آسمان کی طرف اوترتا ہے پس برابر وہین رہتا ہے طلوع فجر ہونے تک پس کہنے والا کہتا ہے کیا
نہین کوئی مانگنے والا کہ جسکو دیا جائے کیا کوئی نہین دعا کرنیوالا کہ اوسکی دعا قبول کی جائے کیا نہین ہے کوئی
بیمار شفا کا طلبگار کہ اوسکو شفا دیجائے کیا نہین ہے کوئی گنہگار معافی کا خواستگار کہ اوسکو معافی دیدیا جائے
اور ابو یعلی کی روایت مین الا سائل یعطی کا ترجمہ نہین ہے اسکا تابع ابو ہریرہ ہے ابن اسحق کی روایت مین
یعقوب دورقی پھر دارمی و عبد الرزاق واحمد وابو نصر وابو یعلی وابن جریر کی روایت مین اور مسلم کی روایت
مین اونمین صرف نزول کا ذکر نہین ہے اور صابونی کی روایت ہے انتہا مین عبید اللہ بن رافع سے اونہون نے روایت کی مرفوعا
کہ ہمارا رب و تعالے ہر رات کو نیچے کے آسمان کی طرف نزول فرماتا ہے جبکہ رات کا اخیر تہائی حصہ باقی رہجاتا ہے پس فرماتا ہے کہ کون
دعا کرتا ہے کہ مین اوس کی دعا قبول کرون اور کون مانگتا ہے مجھسے کہ مین اوسکو دون اور کون ہے کہ
مجھسے طلب مغفرت کرتا ہو کہ مین اوسکو بخشدون اسکے تابع بھی ابو ہریرہ رض ہین امام مالک کے نزدیک یحیی کی روایت
مین پھر مسلم کی اور قعنبی کی روایت مین پھر ابو داؤد کی اور نزدیک باقی ائمہ صحاح ستہ کے اور دارمی وابو یعلی
وصابونی کی طرق کثیرہ سے ابو ہریرہ کی روایت سے اور جبیر بن مطعم وعبادہ بن صامت وجابر وعبد اللہ والد
وجبیر وعائشہ وام سلمہ رض روایت کیا اسکو صابونی نے زیادہ کیا نسائی و ابن ماجہ نے ابو ہریرہ سے یہانتک کہ طلوع ہو
فجر اور ہر رات کے نزول مین بہت حدیثین ہین کہ جنکا ذکر طویل ہے کہا قاضی عیاض نے ابو ہریرہ کی حدیث مین کہ
روایت وقت باقی رہنے ثلث آخر شب کی ہے ایسا ہی کہا ہے ائمہ حدیث نے اور اسی پر احادیث کا غلبہ ہے اسکا انداز
مین نووی نے کہا ہے کہ یہ بھی احتمال ہے کہ نبی صلعم کو ایک صورت کا علم ہوا ہو ایک وقت مین پس
اوسکی خبر دی پھر دوسری صورت کا علم دوسرے وقت ہوا ہو پھر آپنے اوسکی خبر دی اور

الخبرين فنقلهما جميعا ولعبد الرزاق في مصنفه والحسن بن علي الخلال الحلواني
وابن ماجة القزويني والبيهقي في شعب الايمان والمزي في تهذيب الكمال عن
ابي هريرة ابي سبرة عن ابراهيم بن محمد هو ابن علي بن عبد الله بن جعفر
بن ابي طالب عن معاوية بن عبد الله بن جعفر بن ابي طالب عن ابيه عن عمه
علي بن ابي طالب قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم اذا كانت
ليلة النصف من شعبان فقوموا ليلها وصوموا نهارها فان الله عز وجل
ينزل فيها لغروب الشمس الى سماء الدنيا فيقول الا مستغفر فاغفر له الا
تائب فاتوب عليه الا مبتلى فاعافيه الا مسترزق فارزقه الا سائل فاعطيه
الا كذا الا كذا حتى يطلع الفجر وضعف بابي بكر بن عبد الله بن محمد بن
ابي سبرة المدني ورمي بالوضع والظاهر انه لمثل هذا الحديث ولا يخفى ان له
شواهد كثيرة عن ابي بكر وعائشة ومعاذ وابي ثعلبة وابن عمرو وابي موسى
وعثمان بن ابي العاص وراشد بن سعد وابي هريرة وقد جرح جمع من الثقات
باحاديث الصفات وابو بكر قاضي مكة ومفتي المدينة ثم القاضي العراق قبل
ابي يوسف فقيه كثير الحديث من ابناء الصحابة الاجلاء وسال المنصور مالكا
من بقي بالمدينة من المشيخة فقال ابن ابي ذئب وابن ابي سلمة وابن ابي سبرة
وكان عبد الملك بن جريج يروي عنه وقال مصعب الزبيري كان من علماء
قريش وقال ابن سعد كان كثير العلم والسماع والرواية وقال الآجري عن
ابي داؤد فيه مفتي المدينة ولابي القاسم الاصبهاني في كتاب الترغيب والترهيب
عن علي رفعه ينزل الله تعالى ليلة النصف من شعبان فيغفر لكل مسلم الا
لمشرك او مشاحن او قاطع رحم وامراة تبغي بفرجها فليراجع سنده وفي

دونون صورتون کو سنا ہو پس دونون کو نقل کر دیا اور عبدالرزاق کی روایت ہے مصنف مین اور حسن بن
علی خلال حلوانی کی اور ابن ماجہ قزوینی اور بیہقی کی شعب الایمان مین اور مزی کی تہذیب الکمال مین ابوبکر بن ابو سبرہ
سے اونہون نے روایت کی ابراہیم بن محمد سے کہ وہ ابن علی بن عبداللہ بن جعفر بن ابوطالب ہین اونہون نے
معاویہ بن عبداللہ بن جعفر بن ابوطالب سے اونہون نے اپنے باپ سے اونہون نے اپنے چچا علی بن ابی طالب
سے کہا اونہون نے کہ فرمایا رسول خدا صلعم نے جبکہ نصف شعبان کی رات ہولی ہے تو تم رات کو قیام کرو اور
اوسکی صبح کو روزہ رکہو اسلئے کہ خدا عز و جل اوس رات مین غروب آفتاب کے وقت سے دنیا کے آسمان کی
طرف نزول فرماتا ہے پہر کہتا ہے کیا نہین کوئی مغفرت کا طلب کرنے والا کہ مین اوسکو بخش دون کیا نہین کوئی
توبہ کرنے والا کہ مین اوسپر مہربانی کرون کیا نہین کوئی مصیبت زدہ کہ مین اوسکو نجات دون کیا نہین کوئی روزی
طلب کرنے والا کہ مین اوسکو روزی دون کیا نہین کوئی سوال کرنے والا کہ مین اوسکو عطا کرون کیا نہین کوئی
ایسا کیا نہین کوئی ایسا یہانتک کہ فجر طلوع ہو اور اسکو ضعیف کہا گیا ہے ابوبکر بن عبداللہ بن محمد
بن ابو سبرہ مدنی کے سبب سے اور اوسپر حدیث وضع کرنے کا طعن کیا گیا ہے اور ظاہر الطعن ذکر
اسی قسم کی حدیث کی وجہ سے ہے اور مخفی نہین ہے کہ اس حدیث کے بہت سے شواہد ہین ابوبکر و عائشہ و معاذ و ابو ثعلبہ
و ابن عمرو و ابوموسی و عثمان بن ابوالعاص و راشد بن سعد و ابوہریرہ سے اور بہت سے ثقہ لوگون پر بہی طعن کیا
گیا ہے احادیث صفات مین اور ابوبکر مکہ کے قاضی اور مدینہ کے مفتی پہر قاضی عراق تہے ابویوسف فقیہ سے پہلے
بہت سے احادیث کے راوی تہے جلیل القدر صحابہ کی اولاد سے اور منصور نے مالک سے پوچہا اون مشایخ کو جو مدینہ مین باقی
رہے تہے پس کہا اونہون نے کہ ابن ابی ذئب و ابن ابی سلمہ و ابن ابی سبرہ اور عبدالملک بن جریج کو ابوبکر سے روایت
حدیث حاصل تہی اور مصعب بن زبیری کا قول ہے کہ وہ علمائے قریش سے تہے اور ابن سعد نے کہا ہے کہ وہ بہت علم و سماع
حدیث و روایت والے تہے اور آجری نے انکے باب مین ابوداؤد کا قول نقل کیا ہے کہ وہ مفتی مدینہ تہے اور ابوالقاسم اصبہانی کی روایت
کتاب ترغیب و ترہیب مین علی سے مرفوعا کہ حقتعالی نصف شعبان کی رات مین نزول فرماتا ہے پس ہر مسلمان کو بخشدیتا ہے
مگر مشرک و کینہ ور کو اور قرابت توڑنے والے کو اور کشیدہ کو پس اس حدیث کی سند کی طرف رجوع کرنا چاہئے

حديث الامام جعفر الصادق عن ابيه الامام محمد الباقر عن الصحابي الجليل
جابر عند خلائق في حجة الوداع وقد تركت فيكم ما لن تضلوا بعده ان اعتصم
به كتاب الله وانتم تسئلون عني فما انتم قائلون قالوا نشهد انك قد بلغت
وأديت ونصحت فقال باصبعه السبابة يرفعها الى السماء وينكتها الى الناس
اللهم اشهد ثلاث مرات وهو من اشهر حديث صحيح اكب الحفاظ الايقاظ
من روايته في كتب الصحيح ولابن ابي شيبة وابن ماجة بسند صحيح على
شرط الائمة الستة عن ابي هريرة رفعه الميت تحضره الملئكة فاذا
كان الرجل صالحا قالوا اخرجي ايتها النفس الطيبة كانت في الجسد
الطيب اخرجي حميدة وابشري بروح وريحان ورب غير غضبان فلا
يزال يقال لها ذلك حتى تخرج ثم يعرج بها الى السماء فتفتح لها فيقال
من هذا فيقولون فلان فيقال مرحبا بالنفس الطيبة كانت في الجسد
الطيب ادخلي حميدة وابشري بروح وريحان ورب غير غضبان فلا
يزال يقال لها ذلك حتى ينتهى بها الى السماء التي فيها الله تبارك وتعالى الحديث
وللدولابي في الكنى بسند كل الرواية فيه ثقات عن الحسن قال اني لفي حلقة
علي اذ جاءت الصيحة من دار عثمان فرايته رافعا يديه الى السماء وهو
يقول اللهم اني ابرأ اليك من دم عثمان ولابن ابي شيبة في مصنفه بشرط
الائمة الستة عن ابن عمر في قصة وفاته صلى الله عليه وآله وسلم في غيبة
ابي بكر ثم مجيئه ومروره بعمر وهو يقول ما مات رسول الله صلى الله
عليه وآله وسلم ثم اتى المنبر فصعده فحمد الله واثنى عليه ثم قال ايها الناس
ان كان محمد صلى الله عليه وسلم الهكم الذي تعبدون فان محمدا قد مات

اور امام جعفر صادق کی حدیث مین ہے کہ جسکو اونہون نے اپنے باپ امام محمد باقر سے اونہون نے صحابی جلیل القدر
جابر سے روایت کیا ہے حجۃ الوداع کے وقت بڑے مجمع کے سامنے ان لفظون سے (اور بیشک مین نے تم مین وہ شے
چھوڑی ہے کہ تم اوسکے بعد ہرگز گمراہ نہوگے اگر تمنے اوسکو مضبوط پکڑ لیا خدا کی کتاب اور تمسے سوال کیا جاے گا
میری بابت پس تم کیا کہنے والے ہو سبہون نے کہا کہ ہم گواہی دیتے ہین کہ آپنے بیشک پہنچا دیا اور حق ادا کر دیا اور
نصیحت کی پس فرمایا حضرتؐ نے اپنی شہادت کی اونگلی کو آسمان کی طرف اوٹھا کر اور آپ اوسکو حرکت دیتے
تھے لوگونکی طرف اے خدا تو گواہ رہ تین مرتبہ اور یہ بہت مشہور ترین صحیح حدیث ہے کہ جسکی روایت کرنے کیواسطے
صحیح مین بیدار مغز حفاظ حدیث جہک پڑے ہین بجز بخاری کے اسوجہ سے کہ یہ حدیث بخاری کی شرط کے
موافق نہین واقع ہوئی کہ جسکو بخاری نے اپنے صحیح مین اعتبار کیا ہے اور ابن ابی شیبہ کی روایت سے
پھر ابن ماجہ کی بسند صحیح ائمہ صحاح ستہ کی شرط پر ابو ہریرہ سے مرفوعاً کہ میت کے پاس فرشتے حاضر ہوتے
ہین پس اگر وہ نیک مرد ہوتا ہے تو کہتے ہین نکل تو اے پاکیزہ جان کہ پاک بدن مین تہی نکل تو محمود ہوکر اور بشارت
لے خوشی و خوشبو و پروردگار غیر غضبناک کی پس برابر اوسکو یونہی کہا جاتا ہے یہانتک کہ وہ نکل آتی ہے
پھر آسمان کی طرف اوسکو چڑہایا جاتا ہے پس دروازے اوسکے لیے کہولے جاتے ہین پس کہا جاتا ہے کہ یہ
کون شخص ہے پس فرشتے کہتے ہین کہ فلان شخص ہے پھر کہا جاتا ہے فراخی ہو تجھکو پاکیزہ جان کو کہ رہتی تہی
پاک بدن مین داخل ہو تعریف کے ساتہہ اور بشارت لے راحت و خوشبو و پروردگار غیر غضبناک کی پس برابر اوسکو
یونہی کہا جاتا ہے یہانتک کہ اوسکو پہنچایا جاتا ہے اوس آسمان تک کہ جسمین حق تبارک و تعالی ہے الخ جیسا کہ
اور دولابی کی روایت کنیٰ مین اپنے سند سے کہ اوسمین سب وہی ثقہ ہین امام حسن سے کہا اونہون نے کہ مین علی کیساتھ
مجمع مین تہا کہ یکایک عثمانؓ کے مکان سے ایک شور کی آواز آئی پس مین نے علی کو دیکہا کہ آسمان کی طرف ہاتہہ اوٹہا کر کہہ رہے تہے
کہ الہی خدایا مین تیرے سامنے بیزاری کرتا ہون عثمان کی خون سے اور ابن ابی شیبہ کی روایت اونکی مصنف مین ائمہ ستہ کی شرط پر ابن عمر سے
نبی صلعم کی وفات کے قصہ مین ابوبکر کے غائب ہونے پھر اونکے آنے اور عمر کے پاس گذرنے کا باب مین جبکہ عمر کہہ رہے تہے کہ رسول خدا نہین مرے
نہین پائی پھر ابوبکر منبر کے پاس آئے اور اوپر چڑہے پھر خدا کی حمد و ثنا بیان کی پھر کہا اے لوگو اگر تم محمد صلعم کی عبادت کرتے تہے پس محمد تو مر گئے

وان كان الحكم الله الذي في السماء فان الحكم لم يمت الحديث ولعثمان الدارمي
في الرد على بشر المريسي وابن ابي حاتم والبيهقي في الاسماء والصفات عن عمر
انه مر بعجوز فاستوقفته فوقف يحدثها فقال له رجل يا امير المؤمنين حبست
الناس على هذه العجوزة فقال ويلك اتدري من هذه هذه امرأة سمع الله
شكوها من فوق سبع سموٰت هذه خولة التي انزل الله فيها قد سمع الله
قول التي تجادلك في زوجها وتشتكي الى الله وللذهبي في جزئه في مقتل عمر
عن عبد الرحمن بن عوف انه لما اخذ البيعة لعثمان وبايعه الناس رفع راسه
الى سقف المسجد وقال اللهم اشهد ولعبد الله بن احمد وابن المنذر
والطبراني واللالكائي والبيهقي وابن عبد البر وابي عمرو الطلمنكي وابي احمد
العسال وغيرهم عن ابن مسعود قال ما بين السماء القصوى والكرسي خمسمائة
عام وما بين الكرسي والماء كذلك والعرش فوق الماء والله فوق العرش
واخرجه البخاري في الرد على الجهمية بلفظ قال ابن مسعود في قوله تعالى
ثم استوى على العرش قال العرش على الماء والله فوق العرش والاثران
صحيحان وهما مرفوعان حكما والاخبار والآثار في الباب عن اهل بيت النبوة
والاصحاب لا تعد ولا تحصى والكتب الالهية السابقة مملوة من اثبات الجهة
الفائقة وكذا كلام الانبياء والمتقدمين وادعيتهم اقول ومن الله
التوفيق وبيده ازمة التحقيق ان المصنف قد ادعى في هذا القول عدة احاديث
اثبت بها ان الجهة الفائقة ثابت لله تعالى عن ذلك علوا كبيرا وحكم بان
الكتب الالهية السابقة وكلام الانبياء المتقدمين يعني بذلك احاديثهم
ايضا مملوة من اثبات الجهة الفائقة لله تعالى فقد اشبعنا الكلام في رد القول

اور اگر تمہارا تمہارا معبود جو کہ آسمان مین ہے پس تحقیق تمہارا معبود نہین مر آخر حدیث تک اور عثمان دارمی کی روایت ہے بشر
مریسی کی رد مین اور ابن ابی حاتم اور بیہقی کی اسماء والصفات مین عمر سے کہ وہ ایک بڑہیا کے پاس گذرے پس اوس نے انکو ٹہرایا پس
آپ ٹہر گئے اوس سے بات کرنیکو پس اون سے ایک مرد نے کہا کہ ای امیر المومنین آپ نے لوگون کو روک رکہا اس بڑہیا کی وجہ سے
پس اونہون نے کہا کہ تیری خرابی ہو کیا تو جانتا ہے کہ یہ کون عورت ہے یہ وہ عورت ہے کہ جسکی شکایت کو خدا نے سن لیا سات
آسمانو کے اوپر یہہ عورت خولہ ہے کہ جسکے باب مین خدا نے نازل فرمایا کہ تحقیق خدا نے سن لیا کلام اوس عورت کا کہ جو تجہسے جہگڑا
کرتی ہے اپنے شوہر کے باب مین اور خدا کی طرف شکوہ پیش کرتی ہے اور ذہبی کی روایت ہے اوسکے جز مین عمر کے مقتل مین
عبدالرحمن بن عوف سے ہے کہ جب عمر نے لوگون سے عثمان کے واسطے بیعت لی اور لوگ اون سے بیعت کر چکے تو
عمر نے اپنا سر مسجد کی چہت کی طرف اوٹہایا اور کہا کہ اے خدا تو گواہ رہ اور عبداللہ ابن احمد و ابن المنذر و طبرانی
ولالکائی و بیہقی و ابن عبد البر و ابو عمرو طلمنکی و ابو احمد عسال وغیرہم کی روایت ہے ابن مسعود سے کہ کہا
اونہون نے کہ ساتوین آسمان اور کرسی کے درمیان پانسو برس کی مسافت ہے اور کرسی اور پانی کے درمیان
بہی اسیقدر فاصلہ ہے اور عرش پانی کے اوپر ہے اور خدا عرش کے اوپر ہے اور انکو
بخاری نے جہمیہ کے رد مین اس لفظ سے روایت کیا ہے کہ کہا ابن مسعود نے حق تعالی کے
قول (ثم استوی علی العرش) کی تفسیر مین کہا کہ عرش پانی پر ہے اور خدا عرش پر ہے اور یہہ دونون اثر
صحیح ہین اور دونون حکما مرفوع ہین اور اخبار و آثار اس باب مین اہلبیت نبوت و اصحاب
سے بیشمار و بے حد ہین اور کتب الہیہ سابقہ اثبات جہت فوقیہ سے مالا مال ہین اور
اسیطرح پہلے انبیا کا کلام اور اونکی وصایا مین انتہی مین کہتا ہون اور خدا ہی
سے توفیق ہے اور اوسیکے ہاتہہ مین تحقیق کی باگین ہین کہ مصنف نے اس قول
مین چند حدیثین ذکر کی ہین کہ جن سے جہت فوق حق تعالے کے لئے ثابت کی ہے
اور وہ اس سے پاک ہے بہت پاک ہونا اور حکم لگایا ہے کہ کتب الہیہ اور اسیطرح
کلام انبیائے سابقین کا ہے عقاید اونکی حدیثین بہی اثبات جہت سے مالا مال ہین اور ہمنے قول الٰہی و حدیث نبوی علمائے محققین

القول السابق ذكر الاقاويل الكثيرة للعلماء المحققين فى ابطال الجهة واثبتنا ان
خطابات على رضى الله عنه وكلام الامام جعفر الصادق الذى نقلها المصنف
من الرسالة القشيرية ايضا دالة على تنزيهه تعالى عن الجهات ولما استدل
المصنف على اثبات الجهة فى هذا القول بالاحاديث المذكورة وجب علينا
ان ننظر فيها ونبين فساد ما زعمه وفهم منها اما تمسكه بحديث عمر بن الملاح
عن على رضى الله عنه قال حدثنى رسول الله صلعم عن ربه عز وجل قال
وعزتى وجلالى وارتفاعى فوق عرشى الحديث فليس فيه ما يثبت دعونه
لان فوقيته تعالى على العرش وتحوله عن الكراهة الى الرحمة وبالعكس المراد
منه ما يليق بشانه تعالى لان الفوقية الحقيقة انما تكون للجسم بالنسبة
الى جسم اخر والله تعالى مقدس عن كونه جسما وجسمانيا فالفوقية لله تعالى
على عرشه تكون على خلاف الحقيقة لا محالة فاثبات الجهة من هذا الحديث
ليس بصحيح واما تمسكه بحديث على رضى الله عنه الذى فى اخره مشفعات
معلقات بالعرش ما بينهن وبين الله حجاب فهو ايضا غير مثبت لدعواه لان
الله تعالى ليس محجوب عن شئ ولا شئ محجوب عنه بالمعنى الذى يحجب جسم
عن جسم وانما حجابه ايضا يكون مناسبا له تعالى فلا مساغ لاثبات الجهة له
تعالى بهذا الحديث ايضا واما تمسكه بحديث الحارث عن على قال كل دعاء
محجوب عن السماء حتى يصلى على محمد وعلى آل محمد فبعد تسليم الصحة لا يدل
على مراده لان صعود الدعاء الى السماء وكونه محجوبا عنه ليس من جنس
صعود الجسم الى الجسم فالمراد منه ليس معناه الحقيقى ولما كان كذلك فلا
دلالة فيه على اثبات الجهة واما تمسكه بحديث صلوة على بعد زوال

اقوال ابطال جہت مین کثرت سے نقل کر دے ہین اور یہ بھی ہم ثابت کر چکے ہین کہ علی کے خطبے اور امام جعفر
صادق کا کلام بھی کہ جسکو مصنف نے رسالہ قشیریہ سے نقل کیا ہے حق تعالے کے جہت سے پاک
ہونے پر دلالت کرتے ہین اور جبکہ مصنف اس قول مین اثبات جہت پر احادیث مذکورہ سے
دلیل لایا ہے تو ہمپر واجب ہوا کہ اون حدیثون مین ہم نظر کرین اور جو کچھ اون سے مصنف نے
سمجھا ہے اوسکا فساد بیان کرین لیکن دلیل لانا مصنف کا عمر بن الملک کی روایت سے جسکو ہیثم
نے علی سے بایں الفاظ روایت کیا ہے کہ فرمایا علی ؑ نے کہ بیان کیا مجھسے رسول خدا صلعم نے اپنے رب
کی طرف سے کہ قسم ہے اپنی عزت و جلال کی اور اپنے بلند ہونیکی عرش پر تا آخر حدیث پس اس
حدیث مین کوئی امر ایسا نہین ہے کہ جس سے مصنف کا دعوے ثابت ہو اسلئے کہ حقتعالے کا عرش پر
ہونا اور اوسکا راست سے رحمت کی طرف اور رحمت سے عذاب کی طرف لوٹنا اس سے مراد
وہ صفت ہے کہ جو حق تعالے کی شان کے مناسب ہے اسلئے کہ حقیقتاً اوپر ہونا جسم کی صفت ہے
بہ نسبت دوسرے جسم کے اور حق تعالے جسم یا جسمانی ہونے سے پاک ہے پس حقتعالے
کا عرش پر ہونا لا محالہ حقیقی معنے کے لحاظ سے نہین ہے پس اس حدیث سے جہت کا ثابت کرنا
غیر صحیح ہے اور لیکن دلیل لانا مصنف کا حدیث علی ؑ سے کہ جسکے آخر مین ہے مقبول الشفاعۃ عرش ہی
متعلق ہین اونکے اور خدا کے درمیان پردہ نہین ہے پس یہ حدیث بھی دعوی مصنف کی مثبت نہین
ہے اسلئے کہ نہ حقتعالی کسی شے سے محجوب ہے اور نہ کوئی شے اوس سے محجوب ہے یعنی حجاب ایک جسم کے
دوسرے جسم سے بلکہ حجاب حقتعالی کا بھی اوسکی مناسب ہوگا پس اس حدیث سے بھی اثبات جہت کی گنجایش نہین ہے
لیکن دلیل لانا مصنف کا حدیث حارث سے کہ کہا علی ؑ نے کہ دعا محجوب ہے آسمان سے یہانتک کہ محمد وآل محمد پر درود پڑہا جاے
پس بعد تسلیم کرنے اسکی صحت کے یہ بھی مصنف کے مدعا پر دلالت نہین کرتی ہے اسلئے کہ دعا کا آسمان پر چڑھنا اور حق تعالی سے
حجاب مین رہنا ایک جسم کے دوسرے جسم کی طرف چڑھنے کی جنس سے نہین ہے پس اس سے مراد حقیقی معنی نہین ہین پس اس حدیث
مین بھی اثبات جہت پر دلالت نہین ہے اور لیکن دلیل لانا مصنف کا علی ؑ کی نماز کی حدیث سے بعد زوال

الشمس الذي في اخره فاجاب ان يرفع الى الله عمل فيه ايضا ما مر فيه
قبله لان العمل ليس بجسم ولا جسماني فالمراد برفعه الى الله ليس على المعنى
الحقيقي بل المراد منه ما يليق بشانه تعالى واما تمسكه بحديث علي فان الحملة
القرآن اهلوبه الذي في اخره اولئك لا يصعد اعمالهم في مجالسهم تلك
الى الله فهذا ايضا لا يجديه نفعا لان رفع الاعمال الى الله تعالى ليس بالمعنى
الذي يكون لرفع جسم الى جسم ولما لم يكن كذلك فكيف يصلح لاثبات الجهة
الفائقة لله تعالى عن ذلك لان الجهة لا يكون الا لجسم والله تعالى مقدس
عنه واما تمسكه بحديث الختم فهو ايضا لا يفيده لان كتاب الله ليس بجسم
يكون له طرفان احدهما في يد الله تعالى وثانيهما في ايدينا فالمعنى المراد به
ليس على الحقيقة وايضا ليس فيه شيء يدل على جهة العلو فكيف يتمسك به
على اثباتها واما ما في شاهده حبل ممدود ما بين السماء والارض فهو مبني على
التجوز كما لا يخفى على الماهرين بلغات العرب واما تمسكه بحديث السوال في
كل صلوة الذي في وسطه اذا مضى ثلث الليل الاول هبط الله تعالى الى السماء
الدنيا فلم يزل هنالك حتى يطلع الفجر الحديث فليس بمفيد له لان هبوطه
تعالى وكذلك نزوله واستوائه وغيرها مما يدل بظاهره على كونه تعالى
جسما او جسمانيا مصروف عن المعنى الحقيقي بادلة العقل والنقل واثبات
الجهة منها بدون حملها على حقائقها خرط القتاد وقد علم منه ما هو جوابه
عن متمسكاته التي بعده فيها ذكر نزوله تعالى الى السماء الدنيا في ليلة النصف
من شعبان واما تمسكه بحديث جابر رضي الله عنه في حجة الوداع الذي في
اخره فقال باصبعه السبابة يرفعها الى السماء وينكتها الى الناس الحديث فلا يستدل

افتاب کے کہ جسکے آخر مین ہے پس یا دوست رکہتا ہون مین یہ کہ خدا کی طرف میرا کوئی عمل اوٹہایا جاوے پس اسمین
بھی وہی کلام ہے جو پہلی حدیث مین ہے اسلئے کہ عمل نہ جسم ہے نہ جسمانی پس مراد عمل کے اوٹہانے سے طرف حق کے
معنی حقیقی مخفی نہین ہے بلکہ اس سے مراد وہ حالت ہے کہ جو شان حق تعالی کے لائق ہے اور لیکن دلیل لانا مصنف کا
حدیث علی سے کہ ای قرآن کے اوٹہانے والو قرآن پر عمل کرو جسکے اخر مین ہے ان لوگونکے اعمال انکی ہنسلیون سے خدا کی طرف
نہین چڑہتے ہین پس یہ حدیث مصنف کو مفید نہین ہے اسلئے کہ اعمال کا خدا کی طرف چڑہنا اوس معنی مین نہین ہے کہ جو
ایک جسم کو دوسرے جسم کی طرف اوٹہانے مین ہوتا ہے اور جبکہ ایسا نہین ہے پس کیونکر اثبات جہت کی صالح ہوگی
اسلئے کہ جہت جسم ہی کا خاصہ ہے اور حق تعالے جسم سے پاک ہے اور لیکن دلیل لانا مصنف کا حدیث قلم سے وہ بھی غیر
مفید ہے اسلئے کہ کتاب اللہ تعالی کی جسم نہین ہے کہ جسکے دو کنارے ہون ایک خدا کے ہاتھ مین اور دوسرا
ہمارے ہاتہون مین پس اس سے مراد بھی معنی حقیقی نہین ہین اور نیز اس حدیث مین کوئی ایسا امر نہین ہے کہ جو جہت
علو پر دلالت کرے پس اس سے اثبات جہت پر کیونکر تمسک کیا جاوے اور اسکے ختام مین جو لفظ حبل ممدود مابین
السماء والارض مذکور ہے پس اسکی بنا مجاز پر ہے جیسا کہ لغت عرب کے ماہرین پر مخفی نہین ہے لیکن دلیل لانا مصنف کا
حدیث مسواک سے نزدیک ہر نماز کے کہ جسکے درمیان مذکور ہے کہ جب رات کا ثلث اول گذر جاتا ہے تو حق تعالے
نیچے کے آسمان کی طرف اوترتا ہے پس طلوع فجر تک برابر وہین رہتا ہے تا آخر حدیث پس مصنف کو مفید نہین ہے اسلئے
کہ حق تعالے کا ہبوط اور اسیطرح اوسکا نزول و استوا وغیرہ کہ جو ظاہر معنی کے لحاظ سے حق تعالے کے جسم یا جسمانی
ہونے پر دال ہین پس یہ تمام الفاظ اپنے معانی حقیقیہ سے پہرے ہوے ہین عقل و نقل کی دلیلون سے اور ان
دلیلون سے بدون انکے معانی حقیقیہ مراد لینے کے جہت ثابت کرنا نہایت دشوار ہے اور اسی
بیان سے معلوم ہوگیا جو کچھ ہمارا جواب مصنف کے اون دلائل سے ہے کہ جو اسکے بعد مذکور ہین اور
اون مین نصف شعبان کی رات مین سماء دنیا کی طرف حق تعالے کے نزول فرمانے کا ذکر ہے
اور لیکن دلیل لانا مصنف کا حدیث جابر سے حجۃ الوداع مین کہ جسکے آخر مین ہے پس فرمایا اپنی انگشت شہادت
کو آسمان کی طرف اوٹہاکر اور لوگون کی طرف اوسکو حرکت دیتے تھے تا آخر حدیث پس نا درست ہے

لان رفع السبابة الى السماء انما هو للاشارة الى عظمة الله تعالى ورفعته تنزيلا لها
منزلة البعد المكانى كما قيل فى تفسير قوله تعالى ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيْهِ فهو ايضا
مبنى على التجوز بدلالة العقل والنقل واما تمسكه بحديث ابى هريرة رضى الله
عنه الميت تحضره الملئكة الذى فيه فلا يزال يقال لها ذلك حتى ينتهى بها الى
السماء التى فيها الله تبارك وتعالى الحديث فهو بظاهره و المكان يوهم انما
زعمه لكن الجواب عنه هو الجواب عن مثل قوله تعالى ءَاَمِنْتُمْ مَّنْ فِى السَّمَآءِ كما
قاله المصنف ايضا فى بيان قول الامام جعفر الصادق الذى كر فى قبله فليراجع
واما تمسكه بحديث الحسن انى لفى حلقة على الى ان قال فرايته رافعا يديه
الى السماء وهو يقول الحديث فليس فيه من ثبوت الجهة بشئ لان رفع
الايدى الى السماء فى الدعاء كما هو مسنون للاشارة الى عظمة الله تعالى
تنزيلا لها منزلة البعد المكانى تجوزا والا فهو تعالى منزه عن الاشارة
اليه وكونه فى الجهات واما تمسكه بحديث قصة الوفات الذى فى اخره
وان كان الحكم الذى فى السماء الحديث فجوابه ما مر فى حديث الميت
واما تمسكه بحديث شعر ابن عجوزة الذى فيه سمع الله شكوانا من فوق
سبع سموات الحديث فهو ممنوع لكون الحديث مصروف عن الظاهر لان
الفوقية الحقيقية من صفات الاجسام والله تعالى منزه عنها فالمراد بها ما يليق
به واما تمسكه بحديث رفع راسه الى سقف المسجد فهو ايضا مدفوع بان رفع
الراس للاشارة الى عظمة الله تعالى ورفعته تجوزا كما مر فى نظائره واما
تمسكه بحديث ابن مسعود رضى الله عنه قال ما بين السماء القصوى
والكرسى خمس مائة عام الذى فى اخره والله فوق العرش فهو ايضا مدفوع

اسلئے کہ انگشت شہادت کو آسمان کی طرف اٹھانا حق تعالے کی عظمت و رفعت کی طرف اشارہ کے واسطے تھا اوسکو
قایم مقام تعبیر مکانی کے قرار دیکر جیسا کہ حق تعالی کے قول (ذلک الکتاب لاریب فیہ) کی تفسیر مین کہا گیا ہے پھر یہہ اشارہ بھی عقل
و نقل کی دلالت سے مجاز پر مبنی ہے اور لیکن دلیل لانا مصنف کا ابو ہریرہ رض کی اس حدیث سے کہ (میت کے
پاس فرشتے حاضر ہوتے ہین جسکے آخر مین ہے (پس برابر اوسکو یہی کہا جاتا ہے یہان تک کہ اوسکو پہنچایا
جاتا ہے اوس آسمان تک کہ جسمین خدا ہے تبارک و تعالے ہے آخر حدیث تک پس یہہ حدیث اگرچہ بظاہر مصنف
کے دعوی کے موہم ہے لیکن اسکا جواب بھی ہے کہ جو جواب مثل قول حق تعالی (ءَأَمِنتُم مَّن فِي السَّمَاءِ) سے دیا جاتا ہے
چنانچہ مصنف نے بھی اوسکو قول امام جعفر صادق کے بیان مین جو اس سے پہلے گذر چکا ہے بیان کیا ہے پس چاہئے کہ اوسکی
طرف رجوع کیا جاے اور لیکن دلیل لانا مصنف کا حدیث حسن رض سے کہ مین علی کی جماعت مین تھا یہان تک کہ کہا پس مین نے اوسکو
دیکھا و کہا کہ آسمان کیطرف دونون ہاتھ اٹھا کر فرماتے ہین آخر حدیث تک پس اسمین بھی ثبوت جہت کا اصلا نہین ہے اسلئے کہ دعا
مین ہاتھون کو آسمان کیطرف اوٹھانا جیسا کہ مسنون ہے عظمت خدا کیطرف اشارہ کرنیکے واسطے ہے اوسکو بمنزلہ تعبیر مکانی کے قرار
دیکر مجازا ورنہ پس حق تعالی پاک ہے مشار الیہ ہونے اور جہات مین ہونے سے اور لیکن دلیل لانا مصنف کا قصہ وفات نبی صلعم
کی حدیث سے کہ جسکے آخر مین ہے اور اگر تمہارا معبود تھا جو کہ آسمان مین ہے آخر حدیث تک پس اسکا جواب وہی ہے جو
میت کی حدیث مین گذرا اور لیکن دلیل لانا مصنف کا حدیث عمر رض سے کہ وہ ایک بڑہیا کے پاس گذرے جسمین مذکور ہے کہ سن لیا
خدا نے اوسکی شکایت کو سات آسمانون کے اوپر سے تا آخر حدیث پس غیر مسلم ہے بسبب ہونے اس حدیث کے پھیری ہوئی
اپنے ظاہر معنی سے اسلئے کہ حقیقتا اوپر ہونا اجسام کی صفات مین سے ہے اور حق تعالی صفات اجسام سے پاک ہے پس مراد فوقیت
سے وہ ہے کہ جو شان الہی کے لائق ہے اور لیکن دلیل لانا مصنف کا حضرت عمر رض کے سر اوٹھانے سے سقف مسجد
کیطرف پس وہ بھی دفع کیا گیا ہے باین طور کہ سر کو اٹھانا مجازا خدا کی عظمت و رفعت کی طرف اشارہ کرنے کے واسطے
تھا جیسا کہ اس حدیث کے نظائر مین گذرا اور لیکن دلیل لانا مصنف کا ابن مسعود رض کی حدیث سے
کہ کہا اونہون نے کہ ساتوین آسمان اور کرسی کے درمیان پانسو برس کی مسافت ہے جس کے
آخر مین ہے اور خدا عرش کے اوپر ہے پس اس حدیث کا جواب بھی گذر چکا ہے اور

بما مر واما حكمه بصحة الاستدلال بهذه الاحاديث بان الاخبار والاثار في
الباب عن اهل بيت النبوة والاصحاب لا تعد ولا تحصى والكتاب الالهية
السابقة مملوة من اثبات الجهة الفائقة وكذا كلام الانبياء المتقدمين
وادعيتهم انتهى فيتضمن عدة دعاوى الاول ان الاحاديث والاخبار والاثار
التي لا تعد ولا تحصى دالة على اثبات الجهة لله تعالى الثاني ان الكتاب
الالهية السابقة ايضا مملوة منه الثالث انها موجودة الى الآن لان
الدعوى الثاني قضية موجبة والموجبة لا بد لها من وجود الموضوع
وايضا فيصرح بذلك فيما سياتي في هذا الكتاب الرابع ان الاحاديث
للانبياء المتقدمين ايضا وادعيتهم مملوة منه الخامس انها ايضا موجودة
بالطرق الصحيحة التي يصلح الحديث بها للاستدلال والكل باطل واما الاول
فلان كلما يستدل به على كونه تعالى في الجهة الفائقة او يدل على ثبوت
صفة من صفات الاجسام له تعالى عن ذلك علوا كبيرا فهو ماول مصروف
عن ظاهر معناه بالكتاب والسنة واجماع الامة وادلة العقل والنقل و
يعاضده ما قال في الملل والنحل ان السلف من اصحاب الحديث لما راوا توغل
المعتزلة في علم الكلام ومخالفة السنة التي عهدوها من الائمة الراشدين
ونصرهم جماعة من امراء بني امية على قولهم بالقدر وجماعة من خلفاء بني العباس
على قولهم بنفي الصفات وخلق القران تحيروا في تقرير مذهب اهل السنة والجماعة
في متشابهات ايات الكتاب والاخبار النبي عليه السلام فاما احمد بن حنبل وداود
بن علي الاصفهاني وجماعة من ائمة السلف فجروا على منهاج السلف المتقدمين عليهم
من اصحاب الحديث مثل مالك بن انس ومقاتل بن سليمان وسلكوا طريق السلامة

لیکن حکم کرنا مصنف کا ان حدیثون سے دلیل لانے کے بعد باین طور کہ اخبار و آثار اس
باب مین اہلبیت نبوت و اصحاب سے بیشمار و صحیح ہین اور کتب الٰہیہ سابقہ اثبات جہت سے مالامال
ہین اور اسیطرح کلام انبیاے سابقین کا اور اونکی دعائین انتہی پس یہ حکم چند دعوون پر شامل
ہے پہلا دعوی یہہ کہ احادیث و اخبار و آثار صحیحہ و بیشمار اثبات جہت پر دال ہین دوسرا
دعوی یہہ کہ کتب الٰہیہ سابقہ بہی اس سے مالامال ہین تیسرا دعوی یہہ کہ کتب سابقہ اب بہی موجود ہین
اس لیئے کہ دوسرا دعوی قضیہ موجبہ ہے اور موجبہ کے واسطے وجود موضوع ضروری ہے
اور نیز مصنف نے اس دعوی کی تصریح بہی کی ہے اس کتاب مین جیسا کہ آیندہ آئیگا چوتھا
دعوی یہہ کہ انبیاے سابقین کی حدیثین اور دعائین بہی اس سے مالامال ہین پانچوان دعوی یہہ کہ
پہلے نبیون کی حدیثین بہی ایسے طرق صحیحہ کے ساتھ موجود ہین کہ جنکے وجہ سے حدیث لائق استدلال
ہوتی ہے اور یہہ سب دعوی باطل ہین لیکن بطلان اول کا پس اس وجہ سے ہے کہ جس قدر
آیات و احادیث کہ اون سے خدا کے جہت فوقیہ مین ہونے پر دلیل لائی جاتی ہے یا اون سے
صفات اجسام مین سے کسی صفت کا ثبوت حق تعالی کے لئے مفہوم ہوتا ہے پس وہ اپنے ظاہری
معنی سے مأول او پہیری ہوئی ہین بدلیل کتاب و سنت و اجماع امت و دلائل عقلیہ و نقلیہ اور
اسکی تائید کرتا ہے جو کہ ملل و نحل مین کہا ہے کہ محدثین سلف نے جبکہ معتزلہ کا توغل علم
کلام مین اور اوس طریقہ کے مخالفت مین دیکھا کہ جسکو اونہون نے ائمہ راشدین سے
معلوم کیا تھا اور امراے بنی امیہ کی ایک جماعت نے معتزلہ کو مدد دی اونکے قدر کے
قائل ہونے پر اور خلفاے بنی العباس نے اونکی تائید کی اونکے نفی صفات و خلق قران کے قول
مین پس وہ محدثین حیران ہو گئے مذہب اہل سنت والجماعت کے ثابت کرنے مین آیات و احادیث
متشابہات کے باب مین پس امام احمد بن حنبل و داود بن علی اصفہانی اور ایک جماعت ائمہ سلف کی
اپنے سے پہلے محدثین کے مسلک پر رہے مثل مالک بن انس و مقاتل بن سلیمان کے اور سلامتی کی راہ پر چلے

فقالوا نؤمن بما ورد به الكتاب والسنة ولا نتعرض للتاويل بعد ان نعلم قطعا
ان الله تعالى لا يشبه شيئا من المخلوقات وان كلما يمثل في الوهم فانه خالقه ومقدره
وكانوا يحترزون عن التشبيه الى غاية قالوا من حرك يده عند قراءة خلقت
بيدي واشار باصبعه عند رواية قلب المومن بين اصبعين من اصابع
الرحمن وجب قطع يده وقطع اصبعه وقالوا انما توقفنا في تفسير الاية وتاويلها
لامرين احدهما المنع الوارد في قوله تعالى فَأَمَّا الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِمْ زَيْغٌ فَيَتَّبِعُونَ
مَا تَشَابَهَ مِنْهُ ابْتِغَاءَ الْفِتْنَةِ وَابْتِغَاءَ تَأْوِيلِهِ وَمَا يَعْلَمُ تَأْوِيلَهُ إِلَّا اللَّهُ
وَالرَّاسِخُونَ فِي الْعِلْمِ يَقُولُونَ آمَنَّا بِهِ كُلٌّ مِنْ عِنْدِ رَبِّنَا فنحن نحترز من الزيغ و
الثاني ان التاويل امر مظنون بالاتفاق والقول في صفات الباري تعالى
بالظن غير جائز فربما اولنا الاية على غير مراد الباري تعالى فوقعنا في الزيغ
بل نقول كما قال الراسخون في العلم كل من عند ربنا امنا بظاهره وصدقنا
بباطنه ووكلنا علمه الى الله تعالى ولسنا مكلفين بمعرفة ذلك اذ ليس ذلك
من شرائط الايمان واركانه واحتاط بعضهم اكثر احتياطا حتى لم يفسر اليد
بالفارسية ولا الوجه ولا الاستواء ولا ما ورد من جنس ذلك بل ان احتاج
في ذكرها الى عبارة عنها بما ورد لفظا بلفظ فهذا هو طريق السلامة
وليس هو من التشبيه في شيء غير ان جماعة من الشيعة الغالية وجماعة
من اصحاب الحديث الحشوية صرحوا بالتشبيه الهشامين من الشيعة ومثل
مضر وكهمش واحمد الهجيمي وغيرهم من اهل السنة قالوا معبودهم صورة
ذات اعضاء وابعاض اما روحانية واما جسمانية ويجوز عليه الانتقال
والنزول والصعود والاستقرار والتمكن انتهى بقدر الحاجة وما قال البيهقي

پس کہا اونہون نے کہ ہم ایمان لاتے ہین اون صفات پر کہ جنکے باب مین کتاب سنت
وارد ہے بدون تاویل کے بعد اسکے کہ ہم قطعاً جانتے ہین کہ حق تعالی کسی مخلوق کے مشابہ نہین ہے
اور یہہ کہ جو کچھہ وہم مین گزرتا ہے پس حق تعالی اسکے پیدا کرنے اور ٹھہرانے سے ہے اور تشبیہ سے
یہان تک بچتے تھے کہ اونکا قول ہے کہ جسنے اپنے ہاتھہ کو ہلایا (خلقت بیدی) کی قرارت کے وقت یا
اپنی انگلی سے اشارہ کیا وقت کرنے اس حدیث کے (مومن کا دل رحمن کے دو انگلیون مین ہے)
تو اوسکے ہاتھہ و انگشت کا قطع کرنا واجب ہے اور کہا اونہون نے کہ متشابہ کی تفسیر و تاویل سے ہمنے دو وجہ سے
توقف کیا ایک تو ممانعت کے سبب سے جو وارد ہے حق تعالی کے اس قول مین فاما الذین فی قلوبہم زیغ
کے دلون مین کجی ہے تو وہ قرآن کے متشابہ کے درپے ہوا کرتے ہین طلب فتنہ و طلب تاویل
کیواسطے حالانکہ اوسکی تاویل خدا کے سوا کسیکو معلوم نہین اور جو لوگ کہ علم مین ثابت قدم ہین کہتے
ہین کہ ہم اسپر ایمان لائے یہہ سب ہمارے رب کی طرف سے ہے پس ہم بھی سے بچتے ہین
دوسرے اسوجہ سے کہ تاویل ایک ظنی امر ہے سب کے اتفاق سے اور کلام کرنا صفات باری تعالی مین گمان سے
ناجائز ہے پس بسا اوقات ہماری تاویل خلاف مراد حق ہو جائیگی پس ہم کجی مین جا پڑینگے بلکہ ہم کہتے ہین جیسا کہ
راسخین فی العلم کا قول ہے کہ یہہ سب ہمارے رب کیطرف سے ہے ہم ایمان لائے اسکے ظاہر پر اور تصدیق
کی ہمنے اسکے باطن کی اور اسکا علم ہمنے خدا کو سونپا اور ہمکو اسکی معرفت کے لیے تکلیف شرعی نہین دی گئی
اسلیئے کہ متشابہ کی معرفت ایمان کے شرائط و ارکان مین سے نہین ہے اور اونمین سے بعض نے اس وجہ سے
احتیاط کی کہ ید و وجہ و استوا وغیرہ اس جنس کے الفاظ کا ترجمہ فارسی مین نکیا بلکہ اگر کسی موقع مین الفاظ مذکورہ کے
بیان کی حاجت ہوتی تو لفظاً بلفظاً جسطرح کہ وارد ہوئے ہین اونکو بیان کر دیتے پس یہی سلامتی کا راستہ ہے اور
اسمین تشبیہ کا نام تک نہین مگر ایک جماعت شیعہ غالیہ نے اور ایک جماعت محدثین حشویہ نے تشبیہ کی تصریح کی ہے جیسے کہ ہشامین شیعہ اور
مضر و کہمش و احمد ہجیمی وغیرہ اہل تشیع کا قول ہے کہ معبود صورت ہے کہ جسکے اعضا و ابعاض ہین یا روحانی یا جسمانی اور اوسکی
شان مین انتقال و نزول و صعود و استقرار و تمکن جائز ہے انتہی ملخصاً حاجت اور چونکہ بیہقی نے

في كتب الاعتقاد واصحاب الحديث فيما ورد به الكتاب والسنة من امثال
هذا ولم يتكلم احد من الصحابة والتابعين في تاويله على قسمين منهم من قبله
وامن به وحمله على وجه يصح استعماله في اللغة ولا يناقض التوحيد ومنهم
من قبله وامن به ولم يأوله ووكل علمه الى الله سبحانه وتعالى ونفى الكيفية
والتشبيه عنه وقد ذكرنا هاتين الطريقتين في كتاب الاسماء والصفات انتهى
وما قال المفتي العلامة في التنبيه اعلم ان ما ورد في الكتاب والسنة من صفات
الله تعالى اذا كان ظاهر المعنى لا اشكال فيه كالعليم والقدير والمريد والسميع
والبصير والمتكلم اعتقدنا كما وردت بابقاء دلالتها على ما هي عليه وان كانت
في اصل المعنى مخالفة بين الخالق والمخلوق فان علمنا مثلا عرض حادث قاصر
مستفاد من الغير وعلمه تعالى قديم كامل ذاتي الى ان قال فهذه الصفات على
ظواهرها من المعاني المخصوصة عند اهل اللسان وان كان مشكل المعنى يوهم
ظاهره الحدوث كقوله تعالى الرحمن على العرش استوى واصنع الفلك
باعيننا ويا ابليس ما منعك ان تسجد لما خلقت بيدي وجاء ربك وكل من
عليها فان ويبقى وجه ربك وفي الحديث في دعائه صلى الله عليه وسلم وارزقني
لذة النظر الى وجهك وينزل ربنا كل ليلة الى السماء الدنيا وغير ذلك ففيه
ثلاثة مذاهب احدها ان يؤمن بها كما جاءت ويفوض المراد منها الى الله تعالى
ولا يفسرها مع تنزيهه عن حقيقتها وهذا مذهب السلف واهل الحديث والثاني
ان يأولها على ما يليق بجلال الله تعالى على حسب مواقعها بشرط ان يكون من اهله بان
يكون عارفا بلسان العرب وقواعد الاصول والفروع ذا رياضة في العلم وهذا مذهب
اكثر الخلف من المتكلمين والمحدثين وبعض السلف وكتب التفاسير وهو

کتاب الاعتقاد مین کہا ہے اور محدثین اون صفات مین کہ جنکے باب مین کتاب و سنت اس قسم کی وارد ہین اور صحابہ
و تابعین مین سے کسی نے اونکی تاویل مین کلام نہین کیا ہے دو قسم کے ہین ایک اونمین سے وہ لوگ ہین کہ جنہون نے متشابہ
کو قبول کر لیا اور اوسپر ایمان لے آئے اور اوسکی تاویل ایسی وجہ پر کر دی کہ جسکا استعمال لغت عرب مین صحیح ہے اور
توحید کے مخالف نہین ہے اور دوسری قسم اونمین سے وہ لوگ ہین کہ جنہون نے متشابہ کو قبول کر لیا اور اوسپر
ایمان لائے اور اوسکی تاویل کو چھوڑ دیا اور اوسکی تاویل کا علم حق تعالی کی طرف سونپ دیا اور کیفیت و تشبیہ کی خدا سے
نفی کر دی اور بیہقی نے ان دونون طریقون کو کتاب اسماء و صفات مین ذکر کیا ہے انتہی اور جو کچھ ملا مفتی محمد سعید نے تبیین مین
لکھا ہے وہ یہ ہے جانو کہ جسقدر صفات الہیہ کتاب و سنت مین وارد ہے جبکہ اونکے معنی ظاہر ہون کہ اونمین کچھ اشکال
نہین ہوتا ہے جیسے کہ علیم قدیر مرید سمیع بصیر متکلم اونپر ہمارا اعتقاد ہے جسطرح سے کہ انکا ورود ہوا ہے ساتھ باقی رکھنے
انکے دلالت کے اوسکے حال پر اگرچہ اصل معنی مین وہ صفات خالق و مخلوق مین مخالفت رکھتی ہین اسلئے کہ مثلاً ہمارا
علم عرض ہے کہ حادث ہے قائم ہے غیر سے حاصل ہے اور حق تعالی کا علم قدیم ہے کامل ہے ذاتی ہے یہانتک
کہ کہا ولیس پس یہہ صفات مذکورہ اپنے ظاہری معانی مخصوصہ پر محمول ہین جنکو اہل لسان جانتے ہین اور اگر اونکے معنی مین اشکال
ہو کہ جس سے بظاہر حدوث کا وہم ہو جیسے کہ قول حق تعالی کا رحمن عرش پر مستوی ہوا اور بنا کشتی کو ہمارے آنکھون کے
سامنے اور اے ابلیس تجکو کس چیز نے روکا اوسکو سجدہ کرنے سے کہ جسکو مین نے اپنے دونون ہاتھ سے پیدا کیا ہے اور آیا ہے
تیرا اور ہر شی کہ زمین پر ہے فانی ہے اور باقی رہیگا وجہ تیرے رب کا اور حدیث مین نبی صلعم کی دعا مین ہے اور روزی کر مجکو اپنے
چہرے کیطرف دیکھنے کی لذت اور اوترتا ہے رب ہمارا ہر رات کو آسمان دنیا کیطرف وغیرہ پس ان صفات مین تین مذہب ہین
یہہ کہ اونپر ایمان لایا جائے جسطرح سے کہ یہ وارد ہوئی ہین اور اونسے جو کچھ مراد ہے اوسکا علم خدا کو سونپا جاتا ہے اور انکی تفسیر نہین کیجاتی
جو وہ پاک سمجھنے سے حق تعالی کو انکے حقیقی معنی سے اور یہہ مذہب سلف محدثین کا ہے اور دوسرا یہہ کہ انکی تاویل کیجاتی ہے ایسے معنی پر
جو جلال الہی کے لایق ہین باعتبار اونکے موقع کے بشرطیکہ یہ تاویل کرنیوالا اوسکا اہل ہو یعنی کہ لسان عرب کو خوب جانتا ہو اور
اصول و فروع کے قواعد کا ماہر ہو علم مین مرتاض ہو اور یہہ مذہب اکثر متکلمین
و محدثین خلفاء و بعض سلف کا ہے اور تفسیر کی کتابین اور احادیث کی شرحین

الاحاديث مملوة من التاويل والثالث ان يجرى على ظاهرها ولا باول شيئ
منها وهو مذهب المشبهة انتهى وما قال الشيخ فى الفتوحات فى صفحه (٢٥٢) من
المجلد الاول (وليعلم ان الآيت المتشابهت انما نزلت ابتلاء من الله لعباده ثم
بالغ سبحنه فى نصيحة عباده فى ذلك ونهاهم ان يتبعوا المتشابه بالحكم وان لا يحكموا
عليه بشيئ فان تاويله لا يعلمه الا الله واما الراسخون فى العلم ان علموه فباعلام
الله لا بفكرهم واجتهادهم فان الامر اعظم ان تستقل العقول بادراكه من غير
اخبار الهى فالتسليم اولى والحمد لله رب العالمين انتهى فعلم من هذه النقول ان
اجراء المتشابهات على ظواهر معانيها ليس من مذهب اهل السنة والجماعة بل
هو من مذهب المشبهة الحشوية وان التاويل امر مظنون بالاجماع والاحوط تركه
الى التسليم وان ترجمتها بلسان آخر غير العربية خلاف الاحتياط لمكان مخافة الوقوع
فى الزيغ فما فعله المصنف من ترجمتها فى الهندية ومن اجرائها على الظواهر ومن اثبات
علم التاويل للعلماء بالاستقلال كما يستفاد من تعليله بان الراسخين فى العلم لو لم
يكن لهم حظ فى علم المتشابه الا ان يقولوا امنا به كل من عند ربنا لم يكن لهم فضل
على الجهال لانهم جميعا يقولون ذلك وان الله تعالى لم يسو بين خلقه فى العلم بما لا
سبيل لاحد من الخلق الى معرفته انتهى كله مخالف لمذهب اهل الحق واهل المعرفة
والجواب عن تعليله الاول ان التسوية بين العلماء لو لم يعلموا التاويل بالقطع وبين الجهال ممنوع
لان الجهال ليس لهم سبيل الى ان يقولوا كل من عند ربنا الا باتباع العلماء ولا لهم حظ من علم التاويل
بخلاف العلماء الراسخين فان لهم ان يعلموا باعلام الله تعالى وان كان على وجه الظن دون
القطع واليقين وعن الثانى ان تنزيل المتشابهات ليس للاتباع بها والعمل عليها حتى يعد الخطاء
بها بدون علمها باطلا انما هو ابتلاء من الله سبحنه لعباده بان يوصفوا بها كما ورد

تاویل سے مالامال ہین اور تیسرا یہہ کہ جاری کیجائین اپنے ظاہری معنی پر اور اصلا اونکی تاویل نکیجاے اور یہہ مذہب مشبہہ کا ہے انتہی
اور جو کہ شیخ اکبر نے فتوحات مکیہ صفحہ ۱۵۲ جلد اول مین کہا ہے د اور جاننا چاہئیے کہ آیات متشابہات کا نزول بندونکی ابتلا اور آزمائش کیواسطے ہوا ہے
پہر حق تعالی نے مبالغہ کیا ہے اسبابمین بندونکی نصیحت مین اور اونکو منع کیا ہے متشابہہ کی پیروی سے ساتہہ حکم کرنے کے اور
یہہ کہ نہ حکم کرین متشابہ پر کسی شے سے اسلیے کہ اوسکی تاویل بجز خدا کے کسیکو معلوم نہین ہے اور راسخین فی العلم کو اگر معلوم ہے
تو خدا کی تعلیم سے معلوم ہے اونکے فکر و اجتہاد سے نہین اسلیے کہ یہہ معاملہ عظیم تر ہے اس سے کہ عقول ادراک کرسکے اور اک مین بغیر اخبار الہی کے
مستقل ہون پس خدا ہی کو سونپنا بہتر ہے اور سب تعریف پروردگار عالم کو ہے انتہی پس ان نقول سے معلوم ہوگیا کہ متشابہات
جاری کرنا اونکے ظاہری معنی پر اہل سنت و الجماعت کا مذہب نہین ہے بلکہ وہ مشبہہ و حشویہ کا مذہب ہے اور یہہ کہ تاویل امر
ظنی ہے باجماع امت اور زیادہ احتیاط اوسکو خدا کیطرف سونپنے مین ہے اور یہہ کہ متشابہات کا غیر عربی زبان مین ترجمہ کرنا
احتیاط کے خلاف ہے بسبب خوف واقع ہونے کے کجی مین پس یہہ جو مصنف نے متشابہات کا ترجمہ ہندی زبان مین کیا ہے
اور اونکو ظاہری معنی پر جاری کیا ہے اور اونکی تاویل کا علم علما کے لیے بالاستقلال ثابت کیا ہے جیسا کہ مصنف کی تعلیل سے
معلوم ہوتا ہے باینطور کہ راسخین فی العلم کو اگر متشابہ کے علم مین حصہ نہو تو نہ ہوسکے کہ وہ کہین ہم ایمان لائے اسپر یہہ سب
ہمارے رب کے طرف سے ہے تو اونکو جاہلون پر کچہہ فضیلت نہوگی اور حالانکہ حق تعالی نے تمام مخلوق کو علم متشابہ
مین برابر نہین رکہا ہے انتہی اور نووی کے قول سے کہ یہی زیادہ صحیح ہے اسلیے کہ بعید ہے یہہ کہ خدا اپنے بندون سے اوس
چیز کا خطاب فرماوے کہ جسکی معرفت کیطرف کسی مخلوق کو راستہ ملے انتہی یہہ تمام مذہب اہل حق و اہل معرفت کے خلاف ہے
اور جواب مصنف کی پہلی تعلیل کا یہہ ہے کہ مساوات علما و جہلا مین اگر بلا قطعی طور پر تاویل کو وہ جانین غیر مسلم ہے اسلیے کہ جاہلون کو بجز پیروی
علما کے اسکا بہی راستہ نہین ہے کہ وہ کہین کہ یہہ سب ہمارے رب کیطرف سے ہے اور نیز اونکا علم تاویل مین کم ہے
بخلاف علماے راسخین کے اسلیے کہ اونکو ممکن ہے کہ تاویل کو خدا کی تعلیم سے معلوم کرلین اگرچہ یہہ علم اونکا ظنی ہوگا قطعی و یقینی
اور دوسری تعلیل کا جواب یہہ ہے کہ متشابہات کا نازل کرنا عمل و اتباع کے لیے نہین ہے حتی کہ بدون اونکے
علم کے اونکے ساتہہ خطاب کرنا عبث ہو بلکہ وہ خدا کے طرف سے بندون کے
آزمایش کے لیے ہے باینطور کہ وہ متشابہات پر ایمان لائین جسطرح کہ اونکا ورود ہوا ہے

بدون النظر والخوض في معانيها ولا نكلفهم عن اتباعها بالحكم عليها وكل
علمها الى ذاته تعالى فبطل دعوته الاول بحوله تعالى وقوته واما الدعوى الثاني
والثالث فسياتي بطلانها في بحث الكتب الالهية فلينتظر واما الرابع والخامس
فقد مر بطلانها في المقدمة فليراجع اليها قال ولابن ابي شيبة فالدارمي
عن عباس العمي قال بلغني ان داؤد النبي صلى الله عليه وسلم كان يقول في دعائه
سبحانك اللهم انت ربي تعاليت فوق عرشك ولابن ابي شيبة عن ابي عبد الله
الجدلي قال ما رفع داؤد رأسه الى السماء حتى مات وله عن سلمان بن عامر الشعبي
قال ان ايتم سليمان وما اوتي في ملكه فانه لم يرفع رأسه الى السماء حتى قبضه الله
تخشعا لله وله عن ابي الصديق الناجي ان سليمان بن داؤد خرج بالناس
ليستسقي فمر على نملة مستلقية على قفاها رافعة قوائمها الى السماء وهي تقول
اللهم اني خلق من خلقك ليس بنا غنى عن رزقك فاما ان تسقينا واما ان
تهلكنا فقال سليمان للناس ارجعوا فقد سقيتم بدعوة غيركم وروى ابن حبان
في الثقات في طبقة تبع اتباع التابعين في ترجمة عبد الرحيم بن موسى الايلي
عن ابي الصديق الناجي نحوه وروى الدارقطني في سننه عن ابي هريرة
سمعت رسول الله صلعم يقول خرج نبي من الانبياء بالناس يستسقي فاذا هو بنملة
رافعة قوائمها الى السماء فقال ارجعوا فقد استجيب لكم من اجل شان هذه النملة
(قلت) وقد رأيت انا الحقير وكان قد اصاب الناس قحط ولم يمطروا و
هلكت الدواب اذا جاموشة عوجت راسها ونظرت الى السما وصاحت
والقت بصوتها الى الارض فاذا السماء قد غيمت وكثر السحاب وتواتر المطر
والحمد لله رب الكبرياء على الالاء والنعماء وعن علي بن ربيعة قال رأيت

اور اونکے معانی مین کچھ خوض و فکر نہ کرین اور اسیوجہ سے اونکو منع فرمایا ہے متشابہات کی پیروی کرنے سے ساتھ حکم کرنے
کے اونپر اور اونکا علم اپنی ذات پر سونپا ہے پس مصنف کا پہلا دعوی باطل ہوگیا خدا کی حول و قوت سے اور لیکن دوسرا
اور تیسرا دعوی پس اون دونونکا بطلان کتب الہیہ کی بحث مین آئیگا پس چاہئے کہ انتظار کیا جاوے اور لیکن چوتھا اور پانچوان دعوی
پس اون دونون کا بطلان مقدمہ مین گذر چکا ہے پس مقدمہ کیطرف رجوع کیا جاوے دیکھا مصنف نے) اور ابن ابی شیبہ نے
بخاری نے ابن عباس سے روایت کی ہے کہ کہا اونہون نے کہ مجکو خبر پہونچی ہے کہ داود نبی صلعم اپنی دعا مین کہتے تھے پاک ہے
تو اے خدا تو ہی میرا رب ہے بلند ہوگیا تو اپنے عرش کے اوپر اور ابن ابی شیبہ نے ابو عبد اللہ جدلی سے روایت کی ہے کہا اونہون نے
کہ داود نے اپنا سر مرتے دم تک آسمان کیطرف نہین اوٹھایا اور اونسے سلمان بن عامر شعبانی سے روایت کی ہے کہا اونہون نے
تمکو معلوم ہے سلیمان اور داود کی حکومت کا حال حالانکہ اونہون نے اپنا سر آسمان کیطرف نہین اوٹھایا یہان تک کہ خدا نے اونکی روح کو
قبض کر لیا خوف خدا کے سبب سے اور اونسے ابو الصدیق ناجی سے روایت کی ہے کہ سلیمان بن داود علیہ السلام بارش کی دعا کیواسطے
لوگونکی ساتھ باہر نکلے پس ایک چونٹی کے پاس گذرے کہ چت لیٹی تھی اپنے چارون پیرونکو آسمان کیطرف اوٹھائے ہوے اور
کہہ رہی تھی اے خدا مین تیری مخلوق مین سے ایک شخص ہون ہمکو تیری روزی سے بے پروائی نہین ہے پس یا تو ہمکو پانی دے یا
جمع القران قديما على تنزيل الاول فالاول من سوره كما ذكر الباقلانى
على ما فى تفسير القرطبى وابن كثير اشعرا باستثناء من بعضها لبعض ايما
وترتيب نزول الذى فى سورة خالف تنزيلها ترتيب النظم كما كان
تلقاه من رسول الله صلى الله وآله وسلم حيث كان له اعتناء بعلمه
من اول نقله ثم جمعه بعد وفاته صلى الله عليه وآله وسلم كما تقرر فى
العرضة الاخيرة خشية ان ينفلت فقصد به محافظة علم التنزيل والتعديل

نبی کے پاس کوئی معجزہ نہ تہا اگر ہوتا تو قرآن مین مندرج ہوتا جسکو تم نبی سمجہتے ہو وہ نبی نہ تہے اوسنے
قرآن مین بہت سی غلط باتین لکہدین اور جب کسی نے پوچہا اچہا میم صاحبہ ان باتون کے غلط
ہونیکی کیا دلیل تو اونہون نے کہا جسکو تم چند روز ہوئے توراۃ و انجیل مان چکے ہو یہ باتین اونکے
برخلاف ہین اسلئے غلط ہین اول تو یہ فریب آمیز تقریر پہر میم صاحبہ کی نرم دہیمی آواز اور یورپکے
ناز و انداز اور بہی غضب تزویر ہے اسلئے اس پر آشوب زمانہ مین ان کتابونکی تحقیقات کی ہمکو زیادہ
ضرورت ہوئی انتہی) تمام ہوا بقدر حاجت اور جسکو زیادہ تحقیق درکار ہو تو مقدمہ مذکورہ کیطرف رجوع ہو
پس ان تحقیقات سے معلوم ہوا کہ مصنف اس مسئلہ مین راہ حق پر نہین ہے اور تمام اہل قبلہ سنی شیعہ وغیرہ کے
مذہب سے خارج ہو اور اوسکا یہ فتویٰ سرتا پا باطل ہے نہین لایق ہے کہ اسکے طرف کان لگاوے کوئی بہی مسلمان
مین سے اسلئے کہ یہ فتویٰ سست کرتا ہے اسلام کی عمارت کو اور قوی کرتا ہے یہود و نصاریٰ اور دیگر بندگان طاغوت
وہمزات شیطان کی بنا کو جسکو اونہون نے قایم کیا ہے مومنین کو پہیر دینے کے واسطے اونکے دین سے
اور اونکے صادق ماننے سے ہی اور قرآن کو خدا کی پناہ اس سے کہا مصنف نے اس کتاب کے آخر مین صفحہ ۲۹۲
مین (پس بیشک معلوم ہوگیا کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے پہلے زمانہ مین قرآن کو مطابق نزول اول پس اول آیتکی
سورتونکی جمع کیا تہا جیسا کہ اسکو ذکر کیا ہے باقلانی نے تفسیر قرطبی کے بیان پر بنا کرکے ابن کثیر نے ظاہر کرکے
بعض آیتون کا استثنا دوسری بعض آیتونکی وجہ سے اور ترتیب آیتونکے نزول کی بعض سورہ مین کہ
اوسکے مخالف ہے ترتیب اس نظم کی بطور یکہ حضرت امیر نے اوسکو حاصل کیا تہا رسول خدا صلعم سے اسلئے
کہ اونکو قرآن کے سیکہتے ہی علم قرآن کے طرف خاص توجہ ہوگئی تہی پہر اوسکو جمع کیا آنحضرت صلعم کی
وفات کے بعد جسطرح جبرائیل دورہ مین ثابت ہو چکا تہا ضایع ہو جانیکے خوف سے پس آپ کو جمع
قرآن سے علم قرآن کی حفاظت اور تجدید۔

وارشد الى معرفة الناسخ والمنسوخ وعلم اهل الرسخ فكان كانه
كتاب علوم القران يعلم منه علما جما ظهريا وفهما عميا بطنيا اعطاها الله
من لدنه اياه فكان كانه العلم كله قال ابن حجر المكى فى المنح المكية
واختلى اى المرتضى بعد موته صلى الله عليه واله وسلم فكتب كتابا
فيه العلوم العجمة حتى قال ابن سيرين لو اصبت ذلك الكتاب لظفرت
بالعلم كله انتهى الى ههنا كتابه هذا ولذا قال بعده تمل الجزء الاول
من كتاب الفقه الاكبر عن اهل البيت الاطهر ويتلوه الجزء الثانى
من الايمان بانبياء الله ورسله تعالى انتهى اقول ومن الله التوفيق هذه
الرواية مما ستشهد به الشيعة على ان امير المومنين سيدنا على بن ابى طالب
كرم الله تعالى وجهه قد جمع قرانا جامعا لجملة ما ورد به التنزيل كافلا
لكل ما نزل به التنزيل لكن الصحابة قد تركوه وما اعتنوا به حتى الاعتنا
لما رأوا فيه من اعلام قبائحهم ونقائصهم وانحطاط درجتهم من
درجات اهل البيت وائمتهم وغير ذلك من الاحكام والمعالم
التى هم على خلافها فلهذا غاب عنهم وستر حتى اذ ظهر
الامام الثانى عشر من غار سر من راى يعمل بذلك القران الغائب
ويحكم به بين الناس ويامر الناس بترك العمل بالقران الموجود لان
الموجود محرف وناقص بخلاف الغائب فانه تام موافق للتنزيل الاول
فالاول ومطابق للمعرفة الاخيرة ولهذا تمنى ابن سيرين بانه لو اصاب
ذلك الكتاب لظفر بالعلم كله فعلم من فحوى هذه التمنى ان العلم كله
فيه لا فى الموجود والا فما معنى للتمنى ههنا وبهذا البيان المزعوم على اهل السنة

مد نظر تھی اور آپنے معرفت ناسخ و منسوخ و علم اہل رسوخ کے طرف رہبری فرمائی پس گویا کہ وہی قرآن علوم قرآنکی
کتاب تھی کہ جس سے علم کثیر قوی اور فہم عمیم خفی کا علم حاصل ہوتا تہا کہ جن دونون کو اپنے پاس سے حق تعالی نے
اونکو عطا فرمایا تہا پس گویا سارا علم اوسی قرآن مین جمع ہوگیا تہا کہا دیباچہ تفسیر کی نے مسجد کوفہ مین اور تنہائی
مین بیٹھے علی مرتضی بعد وفات آنحضرت صلعم کے پس ایک ایسی کتاب لکھی کہ جو تمام علوم کا مجموعہ تھی یہانتک کہ
ابن سیرین نے کہا ہے کہ اگر مجھکو وہ کتاب میسر آتی تو سارا علم مجھکو حاصل ہوجاتا یہانتک مصنف کی یہ کتاب
ختم ہوگئی اور اسی وجہ سے اس عبارت کے بعد مصنف نے کہا ہے کہ کامل ہوگیا پہلا حصہ کتاب فقہ اکبر
عن اہلبیت اطہر کا اور اس سے متصل ہوگا دوسرا حصہ اس کتاب کا کہ جو شروع ہوگا انبیا سے خدا
اور اوس کے رسولون پر ایمان لانے کے بیان سے انتہی مین کہتا ہون اور توفیق خداہی کے
طرف سے ہے کہ اس روایت سے شیعہ دلیل لاتے ہین اس پر حضرت امیر نے قرآن جمع
کیا تہا کہ جو جامع تہا تمام آیات منزلہ کا و مدار تہا کل الفاظ قرآنیہ کا لیکن صحابہ نے اوسکو چہوڑ دیا
اور اوسی کیطرف جیسا چاہیئے توجہ نکی اسوجہ سے کہ اونہون نے اوسمین اپنے قبائح و نقصانات اور اپنی
پستی درجات اہلبیت اور اونکے ائمہ کے درجات سے اور دیگر امور کا اظہار دیکھا اسی سبب سے وہ قرآن
اون سے غایب و مستور ہوگیا یہانتک کہ جبتک کہ بارھوین امام موضع سرمن رائے کے غار سے ظاہر ہونگے
تو وہی قرآن غایب پر عمل کرینگے اور اوس کے مطابق لوگونمین احکام جاری کرینگے اور قرآن موجود پر عمل کرنیسے
اونکو روکینگے اس لیئے کہ قرآن موجود محرف و ناقص ہے بخلاف قرآن غایب کے کیونکہ وہ کامل ہے
اور تنزیل اول پس اول کے موافق ہے اور اخیر دورہ قرآن کے مطابق ہے اور اسی وجہ سے
ابن سیرین نے تمنا کی ہے کہ اگر وہ قرآن میسر ہوتا تو سارا علم حاصل ہوجاتا پس اس تمنا کے ہونے سے
معلوم ہوگیا کہ تمام علم اوسی مین ہے نہ کہ قرآن موجود مین ورنہ اس مقام مین تمنا کے کیا معنی
ہوسکتے ہین اور اسی بیان سے شیعہ نے اہل سنت پر —

بأنكم لستم على الهدى وما عندكم ليس بما يهتدى به الهدى فالمصنف لما سلم هذه الرواية
واستشهد بها قوى مزعوم الشيعة وثبت الزامهم على اهل السنة والجماعة والعذر بانه رد ما زعم
الشيعة فى صدر البحث بقوله وقد يتوهم انه قران له محود فيه ما ليس فى غيره وليس كما يتوهم ولهذا
سماه بكتاب علوم القران لا بالقران لا يجدى لانه بنفسه صرح بان ذلك الكتاب كان قرانا لا غير
حيث قال بعد ذلك فقد علم انه كرم الله وجهه جمع القران قديما على تنزيله الاول فالاول الى
ان قال فهذان كلمة كتاب علوم القران انتهى والعارف بلغات العرب يعلم ان معنى كان زيدا اسد ليس
ان زيدا اسد فى الحقيقة بل هو مشابه بالاسد فى صفة الشجاعة فصار كانه اسد فكذا ههنا لما قال
المصنف اولا انه كرم الله وجهه جمع القران علم ان ما جمعه كرم الله وجهه قران فى الحقيقة لا غير ثم
لما قال بعده فكان كانه كتاب علوم القران علم ان ذلك القران لكونه جامعا لجملة العلوم مشابه بكتاب
علوم القران فصح ان يقال لكتاب علوم القران استعارة لا حقيقة وبالجملة فاول كلامه ههنا مناقض لاخره
كما لا يخفى فعلم مما حققنا فى رد كتابه هذا من اوله الى اخره انه ليس من اعوان اهل السنة ولا من محيى
علوم اهل البيت بل جادل لفهم مزعوماته مستترا فى دعوى نصرة اهل السنة واحياء علوم اهل بيت
النبوة فهو فى موضع يوافق اهل السنة ويخالف الشيعة وفى موضع بعكس وفى موضع يخالفهما جميعا
بل يخالف سائر اهل القبلة كما فى مسئلة الجهاد خالفهما جميعا وفى مسئلة الكتب السماوية السابقة خالف
سائر اهل القبلة بل خالف اليهود والنصارى ايضا كما يستفاد مما حققناه فيهما فلا ينبغى للعاقل
ان يتوجه الى مزعوماته خاليا الذهن عن ما هو حق عند اهل السنة والجماعة كثرهم الله تعالى والتحقيق
فى هذه المسئلة بحيث ينكشف به الاختلاف فى القران الموجود بين اهل السنة والشيعة فما اقوله
بتوفيق الله تعالى وعونه قال خاتم المفسرين فى التحفة فى صفحه ٢٦ بايد دانست كه اقسام دليل نزد
ايشان چهار است كتاب وخبر واجماع وعقل كتاب كه قران مجيد است بزعم ايشان قابل استدلال نيست زيراكه
اعتماد بر قرانيت او حاصل نشود الا وقتيكه ماخوذ باشد بواسطه امام معصوم وقرانيكه ماخوذ از ائمه است

الزام لگایا گیا ہی کہ تم ہدایت پر نہین ہو اور جو قران تمہاری پاس ہی اس قابل نہین ہے کہ اوس سی مخلوق راہ حق کو پائی پس مصنف نی
جبکہ اس روایت کو مان لیا اور اس سی دلیل لایا شیعہ کا اعتقاد قوی ہو گیا اور اونکا الزام اہلسنت پر ثابت ہو گیا اور عذر کرنا باین طور کہ
مصنف نی اس بحث کو شروع مین شیعہ کی خیال کو رد کیا ہی اپنی اس قول سی کہ کبھی جو گمان کیا جاتا ہی کہ وہ کتاب حضرت علی کا قران ہی کہ
اوسمین وہ احکام مندرج ہین کہ اوس کے غیر مین نہین ہین اور ایسا نہین ہی اور اسی وجہ سی مصنف نی اوسکا نام کتاب علوم القران رکھا ہی نہ کہ
قرآن غیر نافع ہی اس وجہ سی کہ خود مصنف نی صاف کہدیا ہی کہ وہ کتاب قرآن تہا نہ کچھ اور چنانچہ اسکے بعد کہا ہی (پس معلوم ہو گیا کہ حضرت امیر نی
پہلے زمانہ مین قرآن جمع کیا تہا اوسکی تنزیل یا اول یہی دل کی مطابق) پر اتنا کہ کہا ہی گویا کہ وہ قرآن کتاب علوم قرآن تہی آئی اور لغات عز
جو شخص ماہر ہی جانتا ہی معنی کان زید الاسد کی یہ نہین ہین کہ زید حقیقت مین شیر ہی بلکہ وہ شیر کی مشابہ ہی صفت شجاعت مین پس گویا کہ وہ
شیر ہے اسیطرح اس مقام پر جبکہ مصنف نی پہلے کہدیا ہی کہ حضرت امیر نی قرآن جمع کیا تہا اور اوس سی معلوم ہو گیا کہ جو کچھ اونہون نی جمع کیا تہا
وہ قرآن تہا در حقیقت اوسکے سوا اور کچھ نہ تہا پہر جب اسکے بعد کہا کہ گویا ان کا نام کتاب علوم القران ہی اس سی معلوم ہو گیا کہ وہ قرآن جو
جامع ہو نیکی علوم کی مشابہ ہو گیا کتاب علوم القران کی تو صحیح ہو گیا کہ اوسکو مجازاً کتاب علوم القران کہا جائے کہ حقیقتاً اور حاصل یہ ہی کہ مصنف کا
اول کلام اس مقام مین مناقض ہی آخر کلام کی جیسا کہ مخفی نہین ہی پس جو مصنف کی اس کتاب کا مطالعہ اول تا آخر تحقیق کیساتھ کیا
اوس سی معلوم ہو گیا کہ مصنف اہلسنت کی معاونین سی نہین ہی اور علوم اہلبیت کی زندہ کر نیوالا نہین ہی بلکہ اوس نی اپنی خیالات کی تائید کا قصد کیا ہی تائید
اہلسنت و احیاء علوم اہلبیت نبوت کا دعویٰ کر کی پس کسی مقام مین مصنف اہلسنت سی مبدل ہو کر شیعہ کا مخالف ہی اور کسی مقام مین اسکی برعکس ہے اور کہین
دونوں کا بلکہ تمام اہل قبلہ کا مخالف ہی جیسا کہ مسئلہ جہت مین دونوں کا مخالف ہی اور کسب سماعت مسئلہ کہ مسئلہ مین تمام اہل قبلہ کا بلکہ یہود و
نصاریٰ کا بہی مخالف ہی جیسا کہ ہماری تحقیق سابق سی مستفاد ہوتا ہی پس عاقل کو لائق نہین ہی کہ مصنف کی خیالات کیطرف توجہ کر کی خالی الذہن
ہو کر اون عقاید سی کہ جو حق ہین نزدیک اہلسنت والجماعت کے حق تعالیٰ اوسکو زیادہ کری اور تحقیق اس مسئلہ مین اسطرح ہی کہ جس سی
ظاہر ہو جائے جو اختلاف کہ قرآن موجود کے متعلق اہل سنت اور شیعہ مین ہے پس وہ ہے کہ جس کو مین بیان کرتا ہون
حق تعالیٰ کی توفیق اور اوسکی مدد سے خاتم المفسرین مولانا شاہ عبد العزیز نے تحفہ اثنا عشریہ کے صفحہ ۲۳۷ مین کہا ہے جاننا چاہئے کہ
کہ دلیل کے اقسام شیعہ کے نزدیک چار ہین کتاب و خبر و اجماع و عقل کتاب کہ قرآن مجید ہے اونکی خیال مین استدلال کی
قابل نہین ہی اسلئے کہ اوسکی قرآن ہونی پر اعتماد جبہی ہو سکتا ہے کہ وہ کسی امام معصوم کی ذریعہ سی لیا جاتا اور جو قرآن کہ اماموں سے لیا گیا ہے

ودر صحت ایشان موجود نیست واین قرآن که بزعم ایشان معتبر نداشته اند وقابل استدلال وتمسک نشمرده
چنانچه از کلینی وغیره کتب معتبره ایشان منقول خواهد شد واین مطلب بچند وجه ثابت است اول آنکه جماعه کثیر از
امامیه از ائمه روایت کرده اند که قرآن منزل را تحریف کلمات از مواضع آن واسقاط آیات بلکه سور نیز
بوقوع آمده وترتیب هم متغیر شده وحالا آنچه موجود است مصحف عثمان است که هفت نسخه از آن نوشته
باطراف عالم شهرت داده وکسی را که قرآن منزل بحال ترتیب ووضع بود انقضب وشلاق نمود
تا آنکه طوعا وکرها همه آفاق برین مصحف اجماع کردند پس این مصحف قابل تمسک واستدلال نباشد ونظم والفاظ
او در عام وخاص ومجمل اعتماد نباشد چه جائز است که این احکام که درین قرآن موجود اند همه اینها یا اکثر اینها
منسوخ باشند بآیاتی وسوری که اسقاط کرده اند یا مخصوص باشند بآیات وسور مسقطه وجه دوم آنکه ناقلان این قرآن
بلا تشبیه مثل ناقلان توریت وانجیل اند که بعضی از ایشان اهل نفاق بودند مثل عظمای صحابه وکبرای ایشان و
بعضی از ایشان طالبین دنیا ملک ودین فروش مثل عوام صحابه که بطمع مال ومناصب اتباع رئیسان خود کردند
از دین مرتد شدند مگر چهار کس یا شش کس پس صحبت پیغمبر را حجاب اوند وبا خاندان او دشمنی وعداوت پیش گرفتند و
کتاب او را تحریف وخطاب او را تغییر کردند مثلا جای من المرافق الی المرافق ساختند وجای ائمة هی ازکی
من ائمتکم امة هی اربی من امة نوشتند وعلی هذا القیاس الی آن قال پس چنانکه بر توریت وانجیل اعتماد
نتوان کرد وعقیده وعمل را از ان نتوان گرفت همچنین ازین قرآن موجود تمسک نباید کرد وهم چنانکه احکام
اینها منسوخ شده اند بقرآن مجید همچنین ازین قرآن هم چیزی بسیار منسوخ شده وناسخ را از غیر ائمه کسی نمیداند
سوم آنکه ثبوت نزول قرآن واعجاز او بلکه ثبوت نبوت پیغمبر نیز موقوف است بر ثبوت صدق ناقلین
وچون ناقلین نبوت پیغمبر اینها اعدا باشند که بسبب غرض فاسد خود نص را که بحضور یک لک وبیست وچهار هزار
کس پیغمبر فرموده بود در خفا وکتمان نمودند وهیچکس عند الحاجت اظهار نساخت تا آنکه حق خاندان نبوت
تلف شد واصل عظیم دین که هم نصب نبوت است یعنی امامت برهم گشت بر نقل اینها چه اعتماد
شاید بنا بر غرض فاسدی همه اینها بسته باشند که فلانی نبی بود ومعجزها داشت وقرآن برو نازل شده

شیعہ کی ہاتھ مین موجود نہین ہے اور اس قرآن کو ائمہ معتبر نہین سمجھتے تھے اور قابل استدلال و تمسک جانتے تھے جیسا کہ کلینی وغیرہ اونکی معتبر کتابون سے
منقول ہوگا اور یہ مدعا چند وجہ سے ثابت ہے اول یہ کہ ایک بڑی جماعت امامیہ نے اپنے اماموں سے روایت کی ہے کہ قرآن منزل مین بدل دیا کلمات کالے اونکی مواضع سے
اور گرا دیا آیات بلکہ بعض سورتین بھی وہ نہین آیا ہے اور ترتیب مین بھی تغیر ہوگیا ہے اور اب جو کچھ موجود ہے مصحف عثمان ہے کہ جسکو سات نسخے لکھکر اطراف عالم مین
مشہور کردیا اور جو کہ قرآن منزل تھا اسکی آل کی ترتیب و وضع پر پہونچتا تہا اوسکو زد و کوب کیا یہانتک عبید اللہ تمام جہان نے اسی مصحف پر اجماع کرلیا پس مصحف
تمسک و استدلال کے قابل نہین ہے اور اوسکی نظم و الفاظ اور اوسکی عام و خاص مجمل پر اعتماد نہین ہے کیونکہ جائز ہے کہ یہ احکام کہ اس قرآن مین موجود ہین منسوخ ہوں
یا اکثر منسوخ ہین اون آیات اور سورتوں سے کہ جنکو گرا دیا ہے یا مخصوص ہون آیات و سورہ مقاطیسی دوسری وجہ یہ کہ اس قرآن کے نقل کرنیوالے بلا شبہ مثل
ناقلین توریت و انجیل کے ہین کہ بعض انکے منافق تہے جیسا کہ صحابہ جلیل القدر اور بعض اونکے راغب دنیا طلب دین فروش تہے جیسا کہ عوام
صحابہ کہ مال و مناصب کی طمع مین اپنے پیغمبر کے دین کو چہوڑ بیٹہے مرتد ہوگئے بجز چار یا پانچ شخص کے اور پیغمبر کے طرفیہ کہ جواب دیکہیے اوسکے
خاندان سے دشمنی و عداوت اختیار کی اور اوسکی کتاب مین تحریف اور اوسکو مطالب مین رد و بدل کردیا مثلاً من المرافق کی جگہ الی المرافق بنا دیا
اور ائمۃ ہی ازکی من ائمتکم کی جگہ امۃ ہی اربی من امۃ کہدیا اور اسی طرح سے یہانتک کہ کہا پس جیسا کہ توریت و انجیل پر اعتماد نہین
کرسکتے ہین اور عقیدہ اور عمل کرا اون سے لے نہین سکتے ہین اسی طرح اس قرآن موجود سے تمسک نہ کرنا چاہیے اور جس طرح کہ اونکے احکام منسوخ
ہوگئے ہین قرآن مجید سے اسی طرح سے اس قرآن سے بھی بہت سی باتین منسوخ ہوگئی اور ناسخ کا علم اماموں کے سوا دوسرے کو نہین ہے
تیسری وجہ یہ ہے کہ نزول قرآن اور اوس کے معجزہ ہونے کا ثبوت بلکہ پیغمبر کی نبوت کا ثبوت بھی موقوف ہے نقل کرنیوالوں کے
صادق ہونے پر اور جبکہ نبوت پیغمبر کے نقل کرنے والے یہ لوگ ہین کہ جنہون نے اپنی غرض فاسد کی وجہ سے اوس
کلام کو کہ پیغمبر نے ایک لاکھ چوبیس ہزار لوگون کے سامنے فرمایا تہا یعنی نص کو پوشیدہ کردیا اور کسی شخص نے حاجت کے وقت
ظاہر نہ کیا یہانتک کہ خاندان نبوت کا حق تلف ہوگیا اور دین کی بہت بڑی اصل کہ نبوت کے ہم پلہ ہے یعنی
امامت و مبہم ہوگئی ان لوگون کی نقل پر کیا اعتماد چاہیے غرض فاسد کے وجہ سے یہ سب تہمتین بنائی
ہونگی کہ فلان شخص نبی تہا معجزے لایا اور اوس پر قرآن نازل ہوا۔

ہم سلفا از مصاحف صحابہ او بما خبر شدند و در واقع جمیع نباشد انتہی اذا تمہد ہذا فنقول عندہ اختلاف لقاتہ

فی القرآن المجید و فاعلم انہ قال ہو انہ طعن اللسان علی من جمع فی القرآن وضعف المنہ قال المجتہد

القمقام اور ابن عبد البر مالکی نے کتاب استیعاب مین محمد ابن سیرین سے روایت کی ہے کہ جب لوگون نے

ابوبکر سے بیعت کی تو حضرت امیر نے بیعت مین تاخیر کی اور اپنے گہر مین بیٹہے رہے ابوبکر نے کہلا بہیجا کہ کیون

دیر کی تمنے میری بیعت مین آیا کراہت کی تمنے میری امارت اور خلافت سے پس فرمایا حضرت نے کہ کراہت تو

نہین کی مینے لیکن قسم کہائی ہے مینے کہ نہ اوڑہونگا اپنی ردا کو سوا وقت نماز کے جبتک کہ جمع نہ کرلون قرآن کو کہا

ابن سیرین نے کہ روایت پہونچی مجہکو کہ آنحضرت نے جمع کیا قرآن کو موافق اوسکے کہ نازل ہوا تہا اور اگر ہاتہہ آتا

وہ قرآن تو البتہ اوس سے علم کثیر حاصل ہوتا اور اسکے قریب دوسری روایت عبد الرزاق کے اسناد سے

اوسی کتاب مین مذکور ہے **اقول بفضل العزیز العلام** ملا علی قاری نے مرقات مین لکہا ہے کہ

یہ خبر ضعیف ہے اسواسطے کہ بسند حسن ثابت ہے کہ جناب امیر فرماتے تہے اعظم الناس فی المصاحف اجرا

ابو بکر رحمۃ اللہ علی ابی بکر ہو اول من جمع کتاب اللہ اب اس خبر صحیح کو خبر ضعیف محمد بن سیرین کے

معارض نہین کہہ سکتے معارضہ مین شرط ہے کہ متعارضان ضعفا و قوت مین برابر ہون پہر اسی کتاب مذکور مین ہے کہ

بر تقدیر صحت مراد جمع سے حفظ برا سرہے یا جمع با نفرادہ لیکن جمع ابوبکر کا اجماعی ہے کہ احتمال زیادتی اور نقصان

سعید بن کا نہین رکہتا اور اسی جہت سے جناب امیر نے حضرت ابوبکر کے جمع کو پسند کیا اور انکو کلمہ دعا سے خورسند کیا

قال المجتہد القمقام اب ہم پوچہتے ہین کہ وہ قرآن کیا ہوا اور کہان غائب ہوا اور کوئی اوسکا حافظ اور راوی اسکے

علم کثیر کا عالم ہے یا نہین اگر ہے تو کہان ہے اور کس ملک اور کس شہر مین ہے اور جتنے سوال کہ ہمنے کئے ہمنے ہی

لئے باقی ہین اونکا جواب تمپر لازم ہے **اقول بفضل العزیز العلام** یہ سوال فرع ہے صحت روایت ابن سیرین کا

حالانکہ جب وہ روایت مخدوش ٹہہری تو اب اس سوال کی گنجائش نرہی بلکہ بنابر زعم ملازمان والا شتی کا

سوال اور چلا یا گیا کہ وہ پوچہینگا کہ یہ قرآن جو اسوقت قرآن غائب کا عین ہے یا غیر اگر عین ہے تو پہر امام مہدی کی کیا

وجہ اور امام جعفر صادق نے کیون اسکو زمین پر پہینک مارا اور جدائی اسمین اور اہلبیت مین کہان لازم آئی

اور بلنا اوسکے مقابلہ سے عاجز ہو گئے اور مراقع بین کچھہ ہی نہوگا انتہی) جبکہ یہ ثابت ہو چکی اور آس شیعہ وسنی کا اختلاف قران موجود مین ظاہر ہو گیا
ہین جاننا چاہیے کہ کہا صاحب لسان علی من حجج فی القران کہ مصنف زاد اسکی صفحہ ۸۱ مین کہا مجتہد مقام نے (اور ابن عبد البر مالکی نے کتاب استیعاب مین محمد ابن
سیرین سے روایت کی ہے کہ جب لوگون نے ابوبکر سے بیعت کی تو حضرت امیر نے بیعت مین تاخیر کی اور انکے گہر مین بیٹہے رہے ابوبکر نے کہلا بھیجا کہ کیون دیر کی تمنے
میری بیعت مین آیا کراہت کی تمنے میری امارت اور خلافت سے پس فرمایا حضرت نے کہ کراہت تو نہین کی ہے لیکن قسم کہائی ہے مین نے کہ نہ اوڑہونگا
اپنی ردا کو سوا وقت نماز کے جبتک کہ جمع نکرلون قرآن کو کہا ابن سیرین نے کہ روایت پہونچی مجھکو کہ آنحضرت نے جمع کیا قرآن کو موافق اوسکے
نازل ہوا تہا اور اگر ہاتھہ آتا وہ قرآن تو البتہ اوس مین علم کثیر حاصل ہوتا اور اسکے قریب دوسری روایت عبد الرزاق کی اوسناد سے اوسی
کتاب مین مذکور ہے) مین کہتا ہون عزیز علام کے فضل سے (ملا علی قاری نے مرقات مین لکہا ہے کہ یہ خبر ضعیف ہے اصلا اسکی سند حسن
ثابت ہے کہ جناب امیر فرماتے تہے اعظم الناس بایلے والا قرآن جمع کرنیوالا لوگون مین ابوبکر ہے رحمۃ اللہ علی ابی بکر
ہو اول جمع کتاب اللہ اب اس خبر صحیح کو خبر ضعیف محمد بن سیرین کے معارض نہین کہ سکتے معارضہ مین شرط یہی
کہ متعارضان ضعف اور قوت مین برابر ہون پہر اوسی کتاب مذکور مین ہے کہ بو تقدیر صحت مراد جمع سے حفظ براسہ ہے یا جمع
با فراده لیکن جمع ابوبکر کا اجماعی ہے کہ احتمال زیادتی اور نقصان معتدین کا نہین رکہتا اور اسی سبب سے جناب امیر نے حضرت ابوبکر کے
جمع کو پسند کیا اور با دلکو کلمہ دعا سے خوش پسند کیا) کہا مجتہد مقام نے (اب ہم پوچھتے ہین کہ وہ قرآن کیا ہوا اور کہان غائب ہوا اور
کوئی اوس کا حافظ اور اوسکے علم کثیر کا عالم ہے یا نہین اگر ہے تو کہان ہے اور کس ملک اور کس شہر مین ہے اور حقیقے
سوال کہ تمنے ہمسے کیے تہے ہی کئے جاتے ہین اونکا جواب تمپر لازم ہے) مین کہتا ہون عزیز علام کے فضل سے
یہ سوال فرع ہے صحت روایت ابن سیرین کا حالانکہ جب وہ روایت مخدوش ٹہری تو اب اس
سوال کی گنجائش نہ رہی بلکہ بنا بر زعم ملا زمان والاستفتی کا سوال اوسپر الٹا یا گیا کہ وہ پوچھے گا کہ یہ قرآن
حاضر اوس قرآن غائب کا عین ہے یا غیر اگر عین ہے تو پہر ناقص ہونے کی کیا وجہ اور امام جعفر صادق نے
کیون اس کو زمین پر پہینک مارا اور جدائی اسمین اور اہل بیت مین کہان لازم آئی ۔

اور اگر غیر ہے تو کیوں نماز وہ نہیں پڑہتے ہو اور اسپر عمل کرتے ہو اوس قرآن کو کیوں نہیں ڈہونڈہتے
اور ائمہ نے کیوں اوسکو ظاہر کیا اور بے نشان رکہا قرآن پڑہنے پڑہانیکو آیا تہا یا رکہنے اور چہپانیکو —

انتہی بقدر الحاجة فظهر من هذه التحقيقات ان المصنف لم يات في هذا الكتاب بما هو تحقيق عند اهل السنة في هذا الباب بل جمع الحق والباطل وايد المذهب العاطل وان مرآه مذهب اهل السنة ومرسه تشييد مباني اهل البدعة وان دعواه غير مطابق لدليله وكلامه مختلط بين صحيحه وعليله وما باين النقول كما هي ووافق المذاهب مثلما هي فوافق في مواضع بغير الحق قد تنحى في مواقع غير الصدق وانه اختار لنفسه ما هو ليس له باهل ونسب الى غيره بالجد والهزل ومعذلك يحسب انه من المجددين بل هو من احسن الاسخين واكمل العالمين والعالمين وانا نسئل الله تعالى لنا ولاخواننا من امة سيد المرسلين ان يختم لنا بالخير والعافية ويرزقنا خير الدنيا والآخرة ويحفظنا عن الضلالة بالهداية ويصوننا عن الغواية بالعناية اللهم اهد الضالين واحفظنا من شرورهم اجمعين واكف المسلمين شر الشياطين في كل وقت وحين هذا في الدنيا واما في الآخرة فارزقهم شفاعة سيد المرسلين وادخلهم جنات النعيم مع من يحبونهم من النبيين والصديقين والشهداء والصالحين برحمتك يا ارحم الراحمين

واخر دعونا ان الحمد لله رب العلمين ٥

تمت

بسم الله الرحمن الرحيم

هذا غايت تهذيب البيان فی تقريظ الكتابين للمولوي محمد شاه والمولوي
حسن زمان نمقه العارف المتقی والعالم المتبحر اللوذعی المولوي احمد بن محمد
بن حسين بن ابراهيم القديمي الحسيني اليمنی كان الله له الحمد لله الذي
هدانا للاسلام والايمان ومن علينا بالاتباع لنبيه الهادي الی الحق والبيان
والصلوة علی سيدنا محمد المبعوث الی الانس والجان وعلی اله واصحابه وتابعيهم
باحسان اما بعد فاني نظرت ما صنفه المولوي حسين الزمان فوجدته اصلحه الله
وعفی عنه قد طمح فی التخليط بلا تامل ولا امعان ثم رايت الرد علی مصنفه فيما
خلط وغلط للمولوي العالم الورع محمد شاه بارك الله له فی العلم والعمل وحفه
بالوار المعارف والغفران فالحق اقول والله المستعان ان الرد المسمی باحسن
الدلائل هو الحق الذي عليه السلف والخلف والحق احق ان يتبع وما توفيقي
الا بالله عليه توكلت واليه انيب كتبه العبد الحقير القاصر عند ذوي البلاغة
والمعرفه احمد بن محمد بن حسين بن ابراهيم القديمي الحسيني اليمنی رحمه الله

هذا ما قرظه رئيس المحدثين فی هذا الزمان بحر العلوم مولنا المفتی محمد عباس عليه انا
افاض عليه الرحمن سجال الرحمة والغفران ان ما حرره فی احسن الذريعة
المولوي محمد شاه فاضل المحققين فانه حق اليقين ولفضل من الله المبين
ولتذكرة للمتقين ولتحفه للمسلمين ولبشری للمومنين وحسرة علی المنكرين ولو تقول
عليه احد لاخذه الله باليمين ولقطع منه الوتين فهو لقامع لافتراء المكذبين وبدعتهم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یہہ نہایت مہذب بیان ہے مولوی محمد شاہ صاحب و مولوی حسن الزمان صاحب کی دونون کتابونکی
تقریظین اسکو لکھا ہے عارف متقی و عالم متبحر لوذعی مولوی احمد بن محمد بن حسین بن ابراہیم قدیمی حسینی نے خدا
اون کا حامی رہے ۔

شکر ہے اوس خدا کا جس نے ہم کو اسلام و ایمان کا راستہ بتایا اور اپنے نبی کی پیروی سے ہمپر
احسان فرمایا ایسے نبی کہ امر حق اور اوس کے بیان کیطرف رہنما ہین اور درود ہمارے سردار محمد پر جو جن و انس کیطرف
بھیجے گئے ہین اور اونکی ال و اصحاب اور اونکی تابعین پر انکی پیروی کرنیکے باب مین حمد و صلوۃ کے بعد پس مینے
مولوی حسن الزمان کی کتاب کو دیکھا تو ایسی کتاب پایا خدا اوسکو درست کرے اور اوسکی لغزش سے درگذر فرما
کیونکہ اوسمین حق و باطل مین خلط و ملط کیا گیا ہی پہر مینے اوس کتاب کی آمیزش و اغلاط کے رد کو دیکھا جس کے
مؤلف عالم پرہیزگار مولوی محمد شاہ ہین خدا اونکے علم و عمل مین برکت دے اور اون کے انوار معارف اور مغفرت سے
گھیر لیوے پس مین سچ کہتا ہون اور اسمین ہی مادہ مطلوب ہے کہ بیشک یہہ رد کہ جس کا نام احسن الذریعہ ہی حق ہی
کہ جس پر پہلے اور پچھلے علما تھے اور حق ہی اتباع کا زیادہ مستحق ہے اور میری توفیق خدا ہی سے ہے
اوسی پر مینے بہروسا کیا اور اوسی کیطرف رجوع ہوتا ہون ۔

یہہ تقریظ لکھی ہے اس زمانہ کے رئیس المحدثین بحر العلوم مولانا مفتی محمد عباس علیخان نے اونپر رحمن اپنی
رحمت و مغفرت کے ڈول بہائے ۔

جو کچھ کہ احسن الذریعہ مین مولوی محمد شاہ فاضل محقق نے لکھا ہی پس وہ بیشک امر حق یقینی ہے اور خدا
سبحانہ کا فضل اور اہل تقوے کیلئے تذکرہ اور مسلمانون کیلئے تحفہ اور اہل ایمان کیلئے بشارت اور منکرین
کیلئے حسرت ہے اور اگر کوئی شخص اس پر زبان درازی کریگا البتہ خدا اوس کے دہنی ہاتھ کو پکڑ لے گا

المبتدعين ولناف لتحريف الغالين وانتحال المبطلين وتاويل الجاهلين فهو نور يهدي للمهديين

هذا ما قرظه ذو الفهم الثاقب والفكر الصائب جامع المعقول والمنقول حاوي الفروع والاصول الذي يلوح في جبهة سيماء الصالحين المولوي الالمعي ابو المظفر محمد سعيد الدين الرامفوري عمم فيضه المعنوي والصوري مدرس المدرسه النظاميه في السنين الماضيه —

بسم الله الرحمن الرحيم

الحمد لله واهب العطايا — التي لا تحملها المطايا وغافر الخطايا بمكفرات المناسك والضحايا والصلوة والسلام الاتمان الاكملان على سيد البرايا محمد المصطفى صاحب البينات والهدايا وعلى اله وصحبه الذين هم سفن النجاة عن البلايا ونجوم الاهتداء في ظلمات الزوايا — وبعد فقد طالعت العقد الاكبر عن اهل البيت الاطهر الذي صنفه المولوي حسن الزمان التركماني نسبا والحيدرابادي مسكنا من الاول الى الآخر بالنظر الغامر والتدبر اللائق بالناظر ثم نظرت في رده احسن الذريعة المسدعن الاقوال الشنيعة الذي الفه حامي السنة قامع البدعة ذو الطبع النقاد والفكر الوقاد الذي تميز بالصدق والصلاح والفور على مدارج الرشد والفلاح الشيخ الحاج الصوفي المولوي محمد شاه القميصي القادري اوصله الله الى ما يتمناه وعلى المراتب العلية رقاه فوجدت المردود مطرودا — والرد عليه مقبولا محمودا وقلت قد جاء الحق وزهق الباطل ان الباطل كان زهوقا — فلله در الراد حيث اتى في رده بما يطلب ويراد — من نظر في هذين الكتابين بالتدبر لا معان

اوراوسکی شہرگ کو کاٹ ڈالیگا اس لئے کہ یہہ کتاب جھٹلانیوالونکی دروغگوئی اور بدعتیونکی بدعت کو اوکہیڑنیوالی
اور علو کرنیوالونکی ردوبدل ور اہل باطل کی دعا اور جاہلونکی تاویل کو مٹانیوالی ہی یعنی ایک نسخہ ہی کہ اہل سنت کی رہنمائی کرتا ہے فقط

یہہ تقریظ لکہی ہی صاحب فہم ثاقب و فکر صائب جامع معقول و منقول حامی فروع و اصول کہ جنکی
پیشانی مین نیکون کی علامت نمایان ہے مولوی تبریزا ے ابوالمظفر محمد سعید الدین رامپوری نے اونکا
باطنی و ظاہری فیض عام ہو جیو جو کہ گذشتہ برسون مین مدرسۂ نظامیہ کے مدرس رہے ہین۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جمیع حمد خدا کو ثابت ہے کہ بخشنے والا ہے ایسی عطاون کا کہ جن کو بوجہ لیجانیوالے جانور نہ اوٹھا
سکتے ہین اور معاف کرنے والا ہے خطاؤن کا عبادات حج و قربانیون کے کفارون سے اور
درود و سلام مخلوق کے سردار حضرت محمد مصطفی پر کہ معجزون اور ہدیون والے ہین اور اون کی
آل و اصحاب پر کہ بلاؤن سے بچنے کی کشتیان اور مصیبتون کی تاریکیون مین راہ پانیکے ستارے ہین
اس کے بعد پس مینے کتاب فقہ اکبر مولفہ مولوی حسن الزمان ترکمانی حیدرآبادی کو اول سے آخر تک
نظر غائر و تدبر لایق سے دیکہا پہر مینے اوس کے رد احسن الذریعہ مولفہ حامی سنت قامع بدعت
صاحب طبع نقاد و فکر وقاد جو کہ صدق و صلاح و فوز بدایع رشد و فلاح مین ممتاز ہین شیخ
حاجی صوفی مولوی محمد شاہ قمیصی القادری (اونکو خدا اونکی آرزو تک پہونچاے اور بلند مرتبو پر
عروج کراے) کو دیکہا پس مینے کتاب مردود کو مطرود اور اس کے رد کو مقبول و محمود پایا اور
بیساختہ مینے کہا کہ امر حق آگیا اور امر باطل مٹ گیا بیشک باطل مٹنے والا ہی تہا پس خدا ہی
کیلئے ہے نیکی رد کرنیوالے کی اس لئے کہ اپنے رد مین امر مطلوب و مراد کو درج کر دیا جو شخص
ان دونون کتابون مین تدبر و امعان سے نظر کرے گا اوس پر ثابت ہو جاے گا کہ حسن الزمان

محقق عليه ان حسن الزمان قدمان وزلت له قدمان وباء بالهوان والخذلان
اى كان متكبرا فى القاموس
لان الوباء فى الامراض المهلكة للانسان لا بل هو اشد من الوباء بلاءً واشنع منه
ابتلاءً لان ضرر الوباء انما هو على الابدان والاشباح وضرر كتابه المردود
على العقايد والارواح والضرر الروحي والايماني فوق الضرر الجسماني ومن
عقائد الفاسدة في هذا الكتاب المعتدة لبصائر القلوب والالباب انه
اثبت الجهة لله تعالى وهو خالق الجهات ومدبر الكائنات واثبت له البينونة
عن الخلق والاستقرار على العرش مع ان العرش ايضا من الخلق فالبينونة عن
الخلق تستلزم البينونة عن العرش على ان البينونة والاتصال من صفات النقص
والزوال والله تعالى مقدس عنهما ـــــ ومتصف بالكمال حي قيوم لم يزل
ولايزال واثبت ان الايمان عند الامام ابي حنيفة النعمان هو نفس المعرفة والقول وعند
غيره من الائمة المعرفة والقول والعمل وكلاهما باطلان لان المعرفة ليست من
الايمان عند احد من اهل النجات والغفران سوى الطائفة المرجية التي من
اهل البدعة والطغيان كما هو مصرح فى الملل والنحل وكتب العقايد بالتفصيل
والبرهان والذي هو المعتبر عند اهل الحق فى الايمان التصديق بمعنى
الايقان كما نطق به القران وشهد عليه سنة سيد الانس والجان واثبت
انحصار الائمة فى العدد المعتبرة عند الاثنى عشريه بخلاف اهل السنة والجماعه واثبت
خروج الازواج المطهرات من اهلبيت صاحب المعجزات واثبت عدالة الضعفاء
الوضاعين من الرواة فى مقابلة جروح اجلة المحدثين والثقات واثبت
ان الائمة من اهلبيت النبوة والصحابة والتابعين والائمة المجتهدين ساير

نے دروغگوئی کی ہے اور اوس کے دونون قدم پھسل گیے ہین اور خواری رسوائی کے لوٹا ہے
مثل رسوائی وبا کے انسان کے مہلک امراض مین نہین بلکہ وہ وبا سے زیادہ سخت بلا مین
اور اوس سے بدتر ہے ابتلا مین اس لئے کہ وبا کا ضرر تو بدنوا ورجسمون ہی پر ہے اور اسکی مردود کتاب کا
ضرر عاید وارواح پر ہے اور روحی وایمانی ضرر بڑا ہے جسمانی ضرر سے اور منجملہ اوس کے عقائد فاسدہ کے
اس کتاب مین جو کہ دلون اور عقلون کی بنیادون کو تباہ کرنے والے ہین یہہ عقیدہ ہے کہ اوس نے ثابت
کیا ہی جہت کو حق تعالے کیلئے حالانکہ وہ جہات کا خالق ہے اور سارے جہان کا مدبر ہے اور اوس کا
مخلوق سے جدا ہونا اور عرش پر بیٹھنا ثابت کیا ہے باآنکہ عرش بھی ایک مخلوق ہے پس مخلوق سے
جدا ہونیکو عرش سے جدا ہونا لازم ہے اس کے علاوہ جدا ہونا اور ملنا نقصان وزوال کی صفاتین ہین ہے
اور حق تعالی ان دونون امر سے پاک ہے اور کمال سے موصوف ہے زندہ قایم رہنے والا ہے کہ نہ زایل
ہوا اور نہ زایل ہوگا اور ثابت کیا ہے کہ ایمان امام ابوحنیفہ نعمان کے نزدیک معرفت اور قول کا
مجموعہ ہے اور ان کے سوا دوسرے امامون کے نزدیک معرفت و قول و عمل کا مجموعہ ہے اور یہہ دونون
قول باطل ہین اس لئے کہ معرفت اہل نجات و غفران مین سے کسی کے نزدیک ایمان مین معتبر نہین
ہے بجز طائفہ مرجیہ کے جو کہ اہل بدعت و طغیان مین داخل ہے جیسا کہ ملل ونحل مین اور کتب عقاید
مین تفصیل و برہان کیساتھہ مصرح ہے اور اہل حق کے نزدیک ایمان مین تصدیق یعنی ایقان
معتبر ہے اور بس جیسا کہ اس پر قرآن ناطق ہے اور سید انس وجن کی نسبت شاہد ہے اور ثابت
کیا ہی ازواج مطہرات کا خارج ہونا صاحب معجزات کے اہل بیت سے اور ثابت کیا ہے امامون کا منحصر ہونا
ایسی عدد مین کہ جو اثنا عشریہ کے نزدیک معتبر ہے برخلاف اہل سنت کے اور ثابت کیا ہے
ثقہ ہونا ان ضعیف راویون کا جو حدیثین بنانیوالے ہین اجلہ محدثین کی جرحون کے
مقابلہ مین اور ثابت کیا ہے اہل بیت نبوی کے امام اور صحابہ و تابعین اور ائمہ مجتہدین

العلماء الراسخين من اهل المعرفة والمحدثين والفقهاء والمتكلمين على بينونة
الحق من الخلق وانه تعالى فى اعلى عليين باعداً بمراحل من اسفل السافلين وفرع
عليه تكفير ارباب العينية من اولياء الامة والصالحين واثبت وجود الكتب
السماوية السابقة فى هذا الزمان وبقائها الى الان وفرع عليه تكفير من انكر وجودها
من سائر اهل الايمان مع ان اهل الكتب وعلمائهم ايضاً فى هذه المسئلة من المنكرين ويعتقد انها منعدمة
الوجود معترفين واثبت ان ارباب العينية وسائر المنزهين لله تعالى عن ظواهر الصفات من المرتدين يجب
احراقهم وضربهم وقتلهم وتشهيرهم ونفيهم من بلاد المسلمين كما فعل بائمتهم المرتدين السابقين بسيدنا علي
امير المؤمنين امام الموحدين واثبت صحة القصة الموضوعة للزهرة عند المحققين وصرح بها فى بحث الايمان على شاكلة
الرحمن مع كونها مستلزمة لعصيانهم وفعلهم خلاف امر ربهم وهم من المعصومين بالكتاب
والسنة واجماع الامة بالصدق واليقين واثبت القران الثاني ما سوى هذا
القران العظيم والسبع المثاني وانه كان كثير المعاني جامعا للعلوم مطابقا للتنزيل
الرباني فكان كانه كتاب علوم القران ليعلم منه علما جما ظاهريا وفهما عبابا باطنيا ولهذا
قال ابن سيرين لو اصبت ذلك لظفرت بالعلم كله وصرح بنفسه قبل هذا البحث
(هكذا القران المنزل المستطر يقرأ الامام المهدي المنتظر اذا ولد وظهر كما قرأ به
المولى علي واهل بيته لا غير بالضبط) وهذا الكلام يهدم اساس الشريعة والدين
لعقيدة الرافضة والشيعة واثبت التلفيق بين مذهب المشبهة ومذهب
اهل التحقيق حيث قال (قلت هذا كما لا يخفى على المتبصر المتدبر ناظر فيما ذكرنا من
الجمع بين الامرين فافهم ولا تتوهم والله اعلم) وبيانه ان مذهب المشبهة
حمل المتشابهات على ظواهرها ومذهب اهل التحقيق صرفها عن ظواهرها وحملها على

اور تمام علماے راسخین صوفیہ و محدثین و فقہاء و متکلمین کے قایل ہین کہ خدا مخلوق سے جدا ہے اور
سب سے بلند تر ہے مقام مین جو پہنچنے کے مقام سے منزلون دور ہے اور اس پر ارباب وحدت وجود
کو کافر بتایا ہے کہ جو اس ہستی کے اولیا و صالحین ہین اور ثابت کیا ہے اس زمانہ مین کتب سماویہ سابقہ کا
موجود ہونا اور اونکا ابتک باقی رہنا اور اسپر کافر بتایا ہی تمام اہل قبلہ کو کہ جو اون کے وجود کا انکار کرتے ہین
حالانکہ اہل کتاب اور اون کے علما ہی اس بات مین منکرون مین داخل ہین اور حضرت وجود سے اون کے
گم ہونیکا اقرار کرتے ہین اور ثابت کیا ہی کہ اہل وحدت وجود اور تمام حق تعالی کو پاک جاننے والے صفات
متشابہات کے ظاہری معانی سے مرتد ہین کہ جنکا جلانا اور مارنا و مارڈالنا و تشہیر و جلاوطن کرنا واجب ہے جیسا کہ اونکے
پیشوا اون کو جو اون سے پہلے مرتد ہوگئے تھے سیدنا امیر المومنین و امام موحدین علی نے جلا دیا تہا اور ثابت کیا ہے
زہرہ کے موضوع قصہ کا صحیح ہونا اور اوسکو درج کر دیا ہے ایمان بما شکلہ رحمن کی بحث مین حالانکہ اس قصہ سے فرشتونکی
نافرمان ہونا اور اپنے پروردگار کے حکم کے برخلاف کرنا لازم آتا ہے باآنکہ ملائکہ کرام معصوم ہین بحکم کتاب و سنت
و اجماع امت صدق و یقین کے ساتہہ اور دوسرا قرآن ثابت کیا ہی علاوہ اس قرآن عظیم و سبع مثانی کے اور یہ ثابت کیا ہے
کہ وہ قرآن کثیر المعانی تہا تمام علوم کا جامع اور تنزیل ربانی کے مطابق تہا پس گویا کہ علوم قرآن کی کتاب تہی کہ
جس کے علم کثیر تہوڑی و فہم عام باطنی معلوم ہوتی تہی اور اسی وجہ سے ابن سیرین نے کہا ہی کہ اگر مین اوسکو پاتا البتہ بہت سا علم
پا لیتا اور خود مصنف نے اس بحث سے پہلے اس طرح پر تصریح کی ہی دلیل سی قرآن اوتارے ہوئے لکھے ہوکو امام مہدی منتظر
پڑہین گے جبکہ پیدا و ظاہر ہونگے جبکہ جسکی کہ اوسکی قرأت کی ہر مولی نہلی اور اونکی اہل بیت نے دوسرے دن بعد دفن کرکے
اور یہہ کلام گراتا ہے شریعت کی بنیاد کو اور اہل تشیع کے عقیدہ کو درست بتاتا ہی اور یہہ بات کہ یہ مذہب اہل حق ہین تلفیق ثابت
کی ہی اس لئے کہ کہا ہی کہ مین کہتا ہون کہ یہہ جیسا کہ مخفی نہین ہی عنصر مند بر ناظر و ظاہر ہے ہماری تحقیق کے باب مین جسکو ہم
ذکر کیا ہے یعنے جمع کرنا دونون امر مین پس تو سمجہہ لے اور وہم مت کر خدا دانا تر ہی اور بیان تلفیق کا یہہ ہے کہ شبہہ کا مذہب
متشابہا کو حمل کرنا ہی اون کے ظاہری معانی پر اور محققین کا مذہب اونکو پہیرنا ہی اون کے ظاہری معانی سے اور اونکو حمل کرنا ہی ایسی معانی پر

ما يليق بجلال الله والمصنف حملها على ظواهرها ونفى الكيفية مقلد الشيخ ابن
تيمية فحصل التوفيق وان هو الا التلفيق هذا فالمولى الراد مؤلف احسن الادلة
ازاح هذا الفساد واراح اهل المودة والسداد واطاح اهل الزندقة والالحاد
فاقام الحق الحقيق واقاد عين التحقيق اذاقه الله حلاوة التصديق وافاض عليه من شآبيب التوفيق

هذا ما قرظه الفاضل اللبيب الطبيب الاريب الحبر اللوذعي والبحر اللمعي
المولوي محمد منصور علي عم فيضه الجلي والخفي صانه الله عن الشين في المدينة
الطيبة من ملحقات حيدرآباد دكن صين عن شرور الزمن

الحمد لله رب العالمين والصلوة على رسوله محمد واله واصحابه اجمعين اما بعد
فاني رايت الكتاب الذي اخترع في هذا الزمان وسمي بالفقه الاكبر المنسوب
الى حسن الزمان الذي قد احدث في امور الدين وخطأ جمهور الائمة والمسلمين
فوجدته مشحونا بالاقاويل الباطلة والخيالات العاطلة التي يجب الاجتناب والاحتراز
عنها لجميع المسلمين فان فيه من الاحاديث الموضوعة ما لا يحصى ومن الاقوال
المزخرفة ما لا يخفى فاياكم واياها فلما رايت رده الذي صنفه الفاضل اللمعي
والحبر اللوذعي اعني المولوي محمد شاه سلمه الله فرحت فرحا شديدا لما وجدت فيه
من التحقيقات ما يكفي ومن الحق الصريح ما يروي جزاه الله تعالى خير الجزاء عنا وعن
جميع اهل السنة والجماعة وهو جدير بان يتلقى بالقبول العام والخاص ۱۲

محمد منصور علي عفي عنه

هذا ما قاله الاديب الفطن اللبيب الفاضل الماهر الحكيم الذكي المتوقد
الفهيم البارع المتبحر الفائق المتدبر الحبر اللوذعي البحر الالمعي ذو المجد والكمال صاحب

کہ جلال الٰہی کے لایق ہیں اور مصنف نے متشابہا کو حمل کیا ہی ظاہری معانی پر اور کیفیت کی نفی کی ہی اپنے شیخ ابن تیمیہ کا مقلد بنکر پس دونوں مذہبونمین توفیق حاصل ہوگئی اور یہی توفیق ہی اسکو یاد رکہہ پس مولانا و مولف الحسن لذریعہ نے اس فساد کو مٹا دیا اور اہل عقود و سداد کو راحت پہنچائی اور اہل زندقہ و الحاد کو ہلاکت مین ڈال دیا پس امر حق ثابت کو قایم کر دیا اور علمین تحقیق کا فائدہ پہونچایا اوس کو حق تعالیٰ ایمان کی حلاوت چکھاوے اور توفیق کی بارشین اوس پر برساوے فقط

یہہ تقریظ وہ ہے کہ جس کو فاضل لبیب طبیب اریب حبر لوذعی و بحر المعی مولوی محمد منصور علی صاحب عم فیضہ الحجلی و الخفی مدرسہ طبیہ حیدرآباد دکن کے صدر مدرس نے رقم فرمایا ہے۔

تمام تعریفین ثابت ہین خدا کو کہ پروردگار سارے جہان کا ہے اور درود نازل ہو اوس کے رسول محمد پر اور اونکی تمام آل و اصحاب پر اس کے بعد پس دیکہا مینے اوس کتاب کو جو اس زمانہ مین تراشی گئی ہے اور فقہ اکبر کے نام سے حسن الزمان صاحب کے طرف منسوب ہے کہ جنہون نے دین کے امور مین احداث کیا ہی اور جمہور ائمہ و مسلمانونکو خطا دار بتایا پس مینے اوس کتابکو اون بے اصل باتون اور بیکار خیالات سے معمور پایا کہ جنسے سب مسلمانون کو اجتناب و پرہیز کرنا واجب ہے اس لئے کہ اس کتاب مین موضوع حدیثین بے حد ہین اور بنائی ہوئی باتین اسقدر ہین کہ کسی عارف پر مخفی نہین پس بچو تم اے مسلمانو اس کتاب سے اور اپنے سے اسکو دور رکہو پہر جبکہ مین نے اس کا رد دیکہا کہ جس کو فاضل المعی و حبر لوذعی اعنی مولوی محمد شاہ سلمہ اللہ نے تصنیف فرمایا ہے تو مین بہت ہی خوش ہوا اس وجہ سے کہ مین نے اس مین اسقدر تحقیقات پائی کہ اسباب مین کافی ہین اور حق صریح اس قدر پایا کہ طبیعت کو سیراب کر دیتا ہے حق تعالیٰ ممدوح کو ہم تمام اہل سنت کے طرف سے جزا خیر عطا فرماوے اور یہہ کتاب اس لایق ہی کہ مقبول خاص و عام ہو۔

یہہ تحریر دلپذیر بطور تقریظ جناب ادیب اریب فطن لبیب فاضل ماہر حکیم ذکی متوقد فہیم بارع متبحر فایق متدبر حبر لوذعی بحر المعی ذو المجد و الکمال صاحب سماحت و نوال مولوی ابو الجلال محمد اعظم صاحب چریاکوٹی وام اجلالہ و عم نوالہ نے قلم بند فرمائی ہے۔

السماحت والنوال المولوي ابو الجلال محمد اعظم الجرياكوتي دام جلاله وعم نواله مقرظا على الكتاب ومعرضا عن سوء الخطاب

الحمد لوليه واهله والصلوة على نبيه واهله اما بعد فان اختلاف العلماء رحمة ان كان هونا ناشئا عن الثقة فمنهم من اختار السداد فقد ظفر وحج ومن مال الى اللداد فقد عثر وعرج فكم من مسائل اثبتها الخيرة السابقون من الاذكياء وخالفهم فيها المهرة اللاحقون من الاذكياء وكذالك هذا الكتاب وجوابه صرحت في مرجح نظري ثمه ثمه فوجدته رأفتاحيث تنطست في التنقيح وبذلت فيه الهمة وانا على ما عليه الاشاعرة الكرام الذين جهدوا في احكام مباني الاسلام فجزى الله المولف خير الجزاء وصانه عن المكاره والارزاء وفقط الثامن من المحرم سنة ١٣٠٢ه خادم العلماء ابو الجلال محمد اعظم الجرياكوتي

هذا ما قرظه الحبر اللوذعي والجهبذ الالمعي الاديب النبيه والمحدث الفقيه المولوي محمد حبيب الرحمن عم فيضه المعنوي والصوري نجل محدث الهند مولانا المولوي احمد علي السهارنفوري حمد المن جعل العلم نورا يهتدي به وابان يا العلماء الفرق بين المحكم منه والمتشابه والصلوة والسلام على من لا ينطق عن الهوى ان هو الا وحي يوحى وعلى اله واصحابه الذين هم مصابيح الهدى ومفاتيح خزائن الورع والتقى رضوان الله عليهم اجمعين اما بعد فقد عثرت على تقاريظ عديدة ذات مباني مشيدة ومعان سديدة على الكتاب الذي الفه المولوي محمد شاه القيصي القادري في بعض الملاحظات على كتاب الفقه الاكبر الحديث وما اورد فيه من الاحاديث لكن لم يسع لي مع المشاغل المفوضة على ان اعكف الفكر عليها واجذب الراي

جمیع حمد ثابت ہے صاحب حمد کو کہ حمد کا اہل ہے اور درود اوس کے نبی اور اون کی آل پر

اس کے بعد پس معلوم ہو کہ علما ء کا اختلاف رحمت ہے اگر نفسانیت سے دور ہو بعضے علما وہ ہین کہ جنہون نے

راستی کو اختیار کیا وہ تو کامیاب ہوگئے او عروج کر گئے اور جس نے اونہین جھگڑے کیطرف میلان

کیا پس ٹھوکر کھائی اور لنگڑا ہو گیا بہت مسئلے ایسے ہین کہ جن کو بہترین سابقین علما نے جو

نفوس قدسیہ تھے تجویز ثابت کر دیا ہے پیچھے چالاک تیز طبع لوگون نے اون مین

مخالفت شروع کر دی ایسا ہی حال ہے اس کتاب فقہ اکبر عن اہل بیت اطہر کا اور اوس کے

جواب کو جو مین نے مختلف مقامات سے دیکھا تو پسندیدہ جہان سے مین نے چھان بین کی اور اپنی

ہمت کو صرف کیا اور اشاعرہ کرام نے جو عقائد اسلام مین تحقیق فرمائی ہے یہی میرا مسلک ہے

پس مولف کو اس تحقیق کے صلہ مین حق تعالی جزا خیر دے اور مکروہات زمانہ و مصائب سے

محفوظ رکھے آمین۔

یہہ وہ تقریظ ہے کہ جس کو لکھا ہے حبر اذعی وجہبذ المعی ادیب نبیہ و محدث فقیہہ مولوی محمد حبیب الرحمن اعظمی

نے اون کا فیض معنوی و صوری عام ہو جیو کہ محدث ہند مولانا مولوی احمد علی سہارنپوری کے فرزند ہین

شکر کرتا ہون اوس ذات پاک کا جس نے علم کو ایسی روشنی بنایا ہے کہ جس سے راہ حق دیکھا جاتا ہے

اور حسینہ علما کے ذریعہ سے محکم و متشابہ مین فرق جتا دیا۔ اور درود و سلام ہو اوس پر کہ جو خواہش نفس سے

کلام نہین کرتا ہے اوس کا کلام تو وحی ہے جو اوس کے طرف بھیجی گئی ہے اور اوس کی آل و اصحاب

پر کہ ہدایت کے چراغ ہین اور ورع و تقوی کے خزانون کی کنجیان ہین خدا کی خوشنودی اون سب پر کہ اوس کے بعد

پس مین نے چند تقریظین دیکھی بلند الفاظ و درست معانی والے مولوی محمد شاہ قمیصی القادری کی کتاب پر جو فقہ اکبر

جدید کے بعض جدید مسایل و احادیث پر لکھی گئی ہے لیکن مجکو مشاغل سرکاری کیوجہ سے اسقدر

کبھی فرصت نہ ملی کہ مین اوس کتاب پر فکر کرون اور اوس کے طرف اپنی رائے و نظر دوڑاؤن

والرؤية اليه الآن اقول ان موضوع كتب الفقه الاكبر اشرف موضوع وجامعه ومجموعه
اجل جامع ومجموع قد جمع ما تفرق في كتب اهل السنة من علوم اهل البيت عليهم السلام
وقام بما استطاع عليه من القيام غير انه ما فرق بين صحيح ومسطور وبين بياض النهار
وظلمة الديجور ولم تميز بين الساقط المتهم والاثبات الحفاظ الذين لعدالتهم وصدقهم
شهدت الامم وما احترز عن الاقوال المزخرفة والاحاديث الموضوعة المموهة لكن
الباذل جهده وان اخطاء ماجور ومعذور ان كان نائيا عن التعمد بالكذب والزور
ويحمل الكتب الذي وجد عليه تداركت تلك الهفوات الجليلة ومالي الحكمة ادرك تلك
النقط العليلة ولعمري بعد اصلاح ما اومانا اليه وتوطيد ما اسس في ذلك القصر
المشيد عليه الكتب لا يوجد له نظير فجزى الله كلا المولفين ما يستحقه وهدانا
الصراط المستقيم صراط جمهور الائمة والمسلمين واخر دعونا ان الحمد لله رب
العالمين

هذا ما قرظه الحبر العلامة والبحر الفهامة سباق الغايات في مضمار المناظرات
المولوي وكيل احمد السكندرفوري عم فيضه المعنوي والصوري عفقه ابتجالا
فلله دره ما احسنه مقالا حامدا ومصليا قد طالعت الكتب المستطاب الموسوم
باحسن الذريعة للسد عن الاقوال الشنيعة من الفاضل الكامل مولانا محمد اليشا
القيصو القادري جزاه الله تعالى خير الجزاء لله در المصنف فانه قد ادى
فرض الكفاية يذب من راى الفقه الاكبر عن اهل البيت الاطهر انما و
على امور مخالفة لمسلك اهل السنة والجماعة تقشعر منه جلود الذين يخشون
ربهم

نمقه وكيل احمد السكندرفوري كان الله له

مگر مین اسقدر کہتا ہون کہ اس فقہ اکبر مین جس امر کا بیان ہے وہ اعلی درجہ کا ہے (یعنے مسائل ایمان) اور اسکا جامع و مجموعہ بہت بڑا جامع و مجموعہ ہے جو کچھ علوم اہل بیت اہل سنت کی کتابون مین پھیلے ہوئے تھے اوسنے جمع کر دئے اور جس قدر ہو سکا اوس نے قایم کر دیا پر صحیح و غیر صحیح مین اور دن کی روشنی و ظلمت شب مین اوس نے فرق نہین کیا اور نہ یہ تمیز کی کہ کون راوی ساقط الاعتبار و متہم ہے اور کون سے رواۃ معتبر و حفاظ ہین کہ جنکی راست بازی اور سچائی پر سب نے گواہی دی ہے اور نہ اوسنے بنائے ہوئے اقوال اور گھڑی ہوئی بناوٹ کی ہوئی حدیثون سے احتراز کیا ہے مگر جو شخص کہ اپنی کوشش صرف کرتا ہے وہ اگرچہ خطا کرے ماجور و معذور ہے بشرطیکہ عمداً جھوٹ بولنے اور طوفان باندہنے سے کنارہ رہا ہو اور امید ہے کہ جو کتاب اوس کے رد مین لکھی گئی ہے اوس کی بڑی بڑی بیہودہ باتون کا تدارک ہو گیا ہے اور اپنی حکمت سے اوس کتاب کے نادرست لفظون کا اوسنے علاج کر دیا ہے اور قسمیہ لکھتا ہون کہ یہ کتاب اون امور کی اصلاح کے کہ جن کو اشارۃً ہم نے بیان کر دیا ہے اور اون احکام کے مضبوط کرنے کے بعد کہ جن پر اس بلند عمارت کی بنیاد رکہی گئی ہے بے نظیر ہے پس دونون مولفون کو خدا اون کے عمل کی جزا دے اور ہم کو سیدہے راستہ پر کہ جمہور ائمہ و مسلمانون کا راستہ ہی چلاوے اور آخر ہماری دعا یہ ہے کہ سب تعریفین ثابت ہین خدا کو کہ سارے جہان کا پروردگار ہے

اس تقریظ کو لکھا ہے حبر علامہ و بحر فہامہ مناظرون کے میدان مین بڑہجانے والے مولوی وکیل احمد سکندرپوری نے اون کا فیض باطنی و ظاہری عام ہو جیسا کہ اوہنون نے فی الفور اس کو لکھا ہی اون کو جزائے خیر دے کیا اچھا لکھا ہے

حمد و صلوۃ کے بعد مینے کتاب پسندیدہ مسمی باحسن الذریعہ للسد عن الاقوال الشنیعہ کو کہ جس کے مصنف فاضل کامل مولانا محمد شاہ قمیصی القادری ہین دیکھا مصنف کو جزائے خیر عطا فرمائے اوہنون نے فرض کفایہ کو ادا کر دیا جس نے فقہ اکبر عن اہل البیت الاطہر کو دیکھا یقین و کہتا اس امر کا کہ یہ کتاب برخلاف مسلک اہل سنت والجماعت ایسے امور کو شامل ہے کہ جنکی وجہ سے خدا سے ڈرنیوالون کے بال بدن پر کھڑے ہو جاتے ہین فقط